بعون صانع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

شاہنامہ اردو

۱۹۲۷ء

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں چھپکر شایع ہوا

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ مطبع

اطلاع

جس فن کی یہ کتاب ہے اُسی فن کی چند دیگر کتب کی فہرست بھی درج کی جاتی ہی تاکہ دیگر کتب سے بھی شائقین کو آگاہی حاصل ہو اور جس وقت جس کتاب کی ضرورت ہو طلب فرمائین مطبع ہذا مین جملہ علوم و فنون کی کتب کافی ذخیرہ ہر وقت موجود رہتا ہی شائقین کی فرمائش کی فوراً تعمیل کیجاتی ہی۔ فہرست کتب ہر صاحب کو ایک فرمایش موصول ہونے پر روانہ کیجاتی ہی

کتب قصہ جات و مثنویات نظم اُردو

نام کتاب	قیمت
معرکہ چکبست و شرر۔ یعنی مباحثہ مثنوی گلزار نسیم و مثنوی میر حسن اس مین ان دونون مایہ ناز مثنویون کے مقابلہ اور موازنہ پر نہ صرف چکبست اور شرر مرحوم ہی کے مضامین ہین بلکہ ملک کے موقر اہل قلم کے دیگر مضامین بھی درج ہین جو سب اسی مباحثہ سے تعلق رکھتے ہین نہایت عمدہ کتاب ہی جو دراصل ایک ذخیرہ معلومات ہی ضمنی بہت سی ادبی باتین درج ہین۔	۸عہ
مثنوی بہارستان نادان۔ یعنی مثنوی غنیمت کا اُردو ترجمہ اگرچہ فارسی مین مثنوی غنیمت ایک اعلیٰ پایہ کی مثنوی ہے مگر اُردو مین یہ ترجمہ بھی کچھ کم نہین ہے۔	۳/
مثنوی موجۂ غم۔ یعنی مثنوی نالۂ حزین۔	ء/
مثنوی یوسف زلیخا۔ از منشی نند کشور صاحب	۰۳/
ترجمان عصمت۔ ایک دلچسپ افسانہ ہے جو نظم کے پیرایہ مین آکر اور بھی دلکش ہو گیا ہے۔	۲/
مثنوی نذر جعفری۔ از حکیم جعفر علی صاحب مرحوم بیمار الدنی	۳/
مثنوی زینت انجمن۔ نواب صاحب والئ جاورہ کی مدح۔	۱۰/
مثنوی سعدین۔ از منشی انوار حسین صاحب	۱۰/
مثنوی گلشن عشق۔ یعنی قصہ راجہ بلوان مل و چتر سین۔	ء/
مثنوی جوہر عشق۔ از منشی نصیل الدین صاحب	۴/
مثنوی حیرت افزا۔ مثنوی اور غزلیات۔	۱/
مثنوی رموز العاشقین۔ معروف بہ تیرہ ماسہ۔	۱۰/
مثنوی طلسم جہان۔ از فرخ حسین صاحب	۴/
مخمس کریما۔ نصائح پر مشتمل ہے۔ از مولانا سید فضل حسین صاحب۔	۱/
مثنوی در صفت کشمیر۔ کشمیر جنت نظیر کے حالات۔	۱/
مثنوی دریائے تعشق۔ از حضرت واجد علی شاہ بادشاہ اودھ	۰۲/
مثنوی بلبیھ حرتبر۔ تعریف مکانات اجودھیا پوری	۱/
مثنوی حور خانم۔ نہایت دلچسپ۔	۱۰/
مسدس کریما۔ از ولی محمد اکبر آبادی۔	۱/
بارہ ماسہ سندر کلی۔	۰/
مثنوی گلزار نسیم۔ یعنی گل بکاولی کی داستان	۰۳/
مثنوی حسرت دہلوی۔	۴/

بعون صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

شاہنامۂ اردو

۱۹۲۵ء

مطبع نامی منشی نولکشور لکھنؤ میں مرتبہ طبع ہوا

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرنامہ حمد خدائے کریم — کہ ہی کردگار و غفور و رحیم

کبھی دے فریدونکو وہ دستگاہ — کرے گاہ جمشید کو وہ تباہ

جن و دیو انسان و حور و پری — مہ و مہر اور زہرہ و مشتری

کیا اسنے پیدا یہ بالا و پست — زبردست دنیا میں اور زیردست

عجب اسکی قدرت عجب شان ہے — عیان اسپہ سب راز پنہان ہے

بھرے دم حباب اسکا دریا میں ہاں — رکھے موج ذکر اسکا ورد زبان

چمن میں کیا سرو کو سرفراز — بہار و خزان سے ہو بے نیاز

خداوند کون و مکان ہی وہی — نگہدار خلق جہان ہی وہی

اگر وہ نہ یہ قوت و زور دے — تو پھر رستمی کوئی کیا کر سکے

توانا ہی وہ آپ اور زورمند — قوی ہی خداوند پست و بلند

گدا و شہ اسکے ہیں فرمان پذیر — وہ سب کا ہی یاری وہ و دستگیر

بلندی دہ خسروان ہے وہی — شہی بخش شاہنشہان ہے وہی

کبھی ناتوانوں کو بخشے وہ زور — سلیمان کو گاہ ہے کرے مثل مور

کیے اسنے قدرت سے پیدا تمام — نہان تھے ہوئے سب ہویدا تمام

بلند اسنے چرخ بریں کو کیا — فراخ اسنے یکسر زمین کو کیا

پرستار اسکا ہی ہر اک مدام — کریں ذکر اسکا سبھی خاص و عام

کیا اسنے آراستہ باغ دہر — عنایت سے اسکی ہی گلشن دہر

جہاندار ہی پاک پروردگار — پرستار اسکے ہیں سب تاجدار

دلیروں کو اسنے کیا ہی دلیر — کیا نرّہ شیروں کو اسنے ہی شیر

گدا کو وہ چاہے تو دے خسروی — ضعیفوں کو دم میں وہ کر دے قوی

وہ بخشے جسے عزت و افتخار — تو ہی تاب کسکی کرے پھر جو خوار

تو اے منشی اسکی ہی کر التجا — کہ شاہ و گدا کا ہی حاجت روا

تو درگاہ میں اسکی ہو ہر زمان — تضرع کنان اور مناجات خوان

مناجات بدرگاہ حق سبحانہ و تعالے

ہیں افتادہ یارب سر خاک ہوں — ستم دیدۂ دور افلاک ہوں

یہ پھرتا نہیں بخت برگشتہ آہ — رکھے ہی یہ سرگشتہ شام و پگاہ

نگاہ کرم مجھپہ کر یا خدا — مجھے بند رنج و الم سے چھڑا

کھلا اب بہار گل آرزو — پلا مجھکو جام مل آرزو

گنہ بخش میرے کہ میں بندہ ہوں — پرستندہ ہوں اور سر افگندہ ہوں

ستاتی ہی اب گردش روزگار — مجھے خوار رکھے ہی لیل و نہار

نہیں ہی کوئی اور فریادرس — تو ہی دادخواہوں کا ہی دادرس

ذرا کر تر و تازہ باغ مراد — مرا کر تو روشن چراغ مراد

گنہگار ہوں اور عصیان شعار — ولے تو ہی غفار و آمرزگار

مجھے اپنے در کے سوا اور در — دکھا مت تو اے داور دادگر

نہین اور کچھ خواہش دل یہان
ولیکن تمنا ہی یہ ہر زمان

نہ درگاہ سے اپنی رکھ نامراد
تو بر لا مراد اور کر مجھ کو شاد

شبستان دل کو مرے سر بسر
چراغ خرد سے منور تو کر

مری طبع ہو نکتہ دان یا الٰہ
معانی شناسی کی ہو دستگاہ

مرے خامہ کو کر تو گوہر فشان
زبان کو مری کر فصیح البیان

کہ منت کش غیر ہرگز نہ ہون
ترا ایک ممنون احسان رہون

جہان مین نہ رکھ دل پریشان مجھے
نہ کر فکر روزی سے حیران مجھے

مجھے اپنے گنجینۂ فیض سے
دُرِ دانش و گوہر عقل دے

مجھے بخش اب دستگاہِ سخن
شتابی دکھا مجھ کو راہ سخن

الٰہی مری اب دعا ہو قبول
بحق محمدؐ طفیل رسولؐ

نعت سرور کائنات جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام

پر از مشک و عنبر نہو کیون دہان
ثنائے محمدؐ ہی وردِ زبان

سر سروران ہی وہ عالیجناب
سپہر نبوت کا ہی آفتاب

سر سروران احمدؐ مجتبیٰ
رسول خدا سید انبیا

سحاب سخا و محیط کرم
یم جود و خوش خلق و عالی ہمم

فروغ جہان نور ایمان دین
وہ شمع شبستان عین الیقین

فرازندۂ رایت سروری
درخشندہ خورشید پیغمبری

قدم اسنے معراج پر جب رکھا
تو پایہ بڑھا اور معراج کا

میسر ہوا جب کہ قرب حضور
نظر اسکو آیا وہ تابندہ نور

یہ بخشا اسے پایگاہ رفیع
ہوئے جسکے شاہان عالم مطیع

کردن اسکے اصحاب کا اب بیان
نہ طاقت قلم مین نہ تاب زبان

کرے اب جو نقصان کا کچھ بیان
نہ طاقت قلم مین نہ تاب زبان

معین اور یاور ہو یا مصطفیٰ
مرے دل سکے بر لاؤ تم مدعا

وہ ختم رسل سرور نامور
فلک جسکے آگے جھکاتا ہی سر

جہان جسکے دین سے ہی روشن تمام
مہ انور اسکا ہی داغی غلام

خردمند و دانشور بے نظیر
بسان مہ و مہر روشن ضمیر

وہ مہر جہانتاب اوج جلال
وہ سرو سرافراز باغ کمال

شفیع گناہان بروز جزا
کشایندۂ عقدۂ مدعا

وہ ہی خاص خاصان پروردگار
کہ جسنے کیا دین کو استوار

سپہر برین کے زہے خوش نصیب
ہوا جلوہ گردان خدا کا حبیب

تجلی کہین جس کو اہل یقین
منور ہی جس سے زمان و زمین

گرامی در اشرف ہی انسان مین
غرض اسکی لولاک ہی شان مین

ابوبکرؓ و عثمانؓ والا گہر
عمرؓ اور علیؓ وہ شہ نامور

کردن مین سخن کو لب اب مختصر
یہ ہی عرض میری کہ شام و سحر

گنہگار ہون مین بروز حساب
مری کیجیو تم شفاعت شتاب

یہ منشی تمہارا ہے کمتر غلام
کرم اسپہ اپنا رکھو صبح و شام

لکھے آ کے خامہ اب مدح شاہ جہان
شہنشاہ جمجاہ صاحبقران

در تعریف ابو نصر محمد معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی

جہاندار اکبر شہ بے نظیر
خداوند تاج و کلاہ و سریر

ہمایون خصائل شہ نامور
خجستہ شمائل فرشتہ سیر

محبت رکھے ہی وہ درویش سے
مودت ہی اسکو وفا کیش سے

حقیقت کردن علم کی کیا بیان
نہین اسکے ہمسنگ کوہ گران

خدیو زمان شاہ عالی وقار
شہ دادگر خسرو نامدار

در دولت شاہ عالم پناہ
فقیر و غنی کا ہی امیدگاہ

یہ وہ بارگہ ہی کہ امیدوار
نہ محروم یان سے گیا زینہار

کف جود سلطان والا گہر
گہربار رہتا ہے شام و سحر

جہان سرکشان ہین معین سجدہ کنان
وہ ہی آستان خدیو زمان

فروزندہ خورشید برج مہی
گرامی دُرِ درج شاہنشہی

جہانبان دین پرور حق پژوہ
حقائق شنو شاہ والا شکوہ

شناور ہی دریائے عرفان کا
دل اسکا ہی مثل گہر پر صفا

فزون شفقت و خلق و ہمت بلند
مروت مین یکتا شہ ارجمند

جہان پرور و کامبخش جہان
سر سرفرازان کس لیے کسمان

بنے کام یان ہر کسی کا شتاب
یہان آکے ہر کوئی ہو کامیاب

سخاوت مین دیکھا تو بحر سحاب
حضور اسکے خجلت سے ہی غرق آب

اگرچہ ہو فرمانبرونسے خطا
کرے عفو از رہ لطف و عطا

جھکا یا یہان جو سر انکسار
تو چرخ برین نے یہ پایا وقار

نہ یہ رتبۂ شمس ہوتا کبھی
اٹھاتا نہ گر اس کی سورج کبھی

کواکب ہین سب اس سخن کے گواہ
کہ شعلی اسکا ہے رخشندہ ماہ

عطارد ہے منشی جہاندار کا
سیاہی ہے مریخ سرکار کا

جو یان مشتری گرم طاعت ہوئی
تو اسکو میسر سعادت ہوئی

نہ کیونکر ہو زہرہ کا یان فخر و شان
کہ ہے نغمہ سنجان کا جا گر یہان

زحل نے اطاعت جو کی اختیار
تو پایا فلک پر بڑا اعتبار

بلطف شہنشاہ عالیجناب
فقط دوستان ہی نہین کامیاب

جو دشمن بھی ہو آن کر عذر خواہ
کرے ہے احسان شہ دین پناہ

شہنشہ کے اوصاف ہین بیشمار
نہین تاب کلک زبان زینہار

کرے جو بیان وصف شاہ زمن
دعا پر ہے ناچار ختم سخن

یہ منشی کی ہے آرزو ہر زمان
یہی ہے دعا اسکے ورد زبان

کہ یارب شہنشاہ شادان رہے
ترا لطف دائم نگہبان رہے

رہے اسکی شمشیر کشورستان
نہ خاک و خون ہو سر دشمنان

جہاندار اکبر بہ نیروے بخت
ہمیشہ جہانگیر ہو با تاج و تخت

سبب تالیف کتاب

عزیزان معنی شناس ایک روز
کہ تھا مثل نوروز بہجت فروز

بہم محفل آرا تھے ہنگام شب
پہیلے تھے سامان عیش و طرب

وہ مجلس تھی رشک بہار چمن
ہراک لحظہ تھا ذکر شعر و سخن

تواریخ کا بھی جو مذکور تھا
تو پھر ہر کسی نے بیان یون کیا

کہ ہے شاہنامہ تماشہ کتاب
عجب نظم دلکش ہے با آب و تاب

دلے ہر کسی کو میسر نہین
یہ تاریخ فرخ نہین ہر کہین

تو گل کہ مرد سخن سنج تھا
کیا ترجمہ اسنے شہنامہ کا

لکھا نثر مین نسخۂ مختصر
کہ احوال معلوم ہون سر بسر

بہ شمشیر خانی وہ موسوم ہے
تمام اسمین احوال مرقوم ہے

یہ سن کر برادر مرے مہربان
سخن فہم و دانشور و نکتہ دان

کہ زور آور اور انکا جہانگیر نام
بخلوت پسندیدہ مشہور عام

یہ بولے کہ اے منشی این نامہ کو
تم اب ریختی کی زبان مین لکھو

اگر و نظم ترتیب با آب و تاب
بنام شہنشاہ گردون جناب

وہ سلطان کہ ہے تاج شاہنشہان
وہ خاقان کہ ہے خسرو خسروان

چراغ شبستان سلطان پسر
جہاندار و بخشندۂ لعل و زر

خدا نے جسے شاہ اکبر کیا
خداوند اورنگ و افسر کیا

سنا یہ سخن جب تو با صد طرب
وہین کرکے شمشیر خانی طلب

ہوا مین دل و جان سے مصروف کار
لکھی نظم یہ دلکش و آبدار

بجز فکر اشعار شام و سحر
نہ تھی مجھکو زنہار فکر دگر

معانی شناسان فرخ نہاد
سخن آشنایان بادین و داد

ہوئے سن کے اس نظم کو شادکام
رہ منصفی سے یہ بولے تمام

کہ واللہ یہ نامۂ دلپذیر
بہت خوب ہے بلکہ ہے بے نظیر

بجا ہے جو ہون اسپہ گوہر نثار
کہ ہے یہ بنام شہ نامدار

مرتب یہ شہنامہ جب ہو چکا
کیا فکر تب سال تاریخ کا

تو پھر ہاتف غیب نے صبحدم
کہا قصۂ خسروان عجم

نخستین ذکر سلطنت کیومرث و جنگ با لشکر دیو سار

سخن گوے روشن دل و ہوشمند
یہ کہتا ہے زیر سپہر بلند

ہوا پہلے جو کوئی کشور کشا
شہ دادگستر کیومرث تھا

سدا کوہ مین تھا وہ مسکن گزین
بجز چرم پوشاک تھی کچھ نہین

سیامک تھا اس شاہ کا اک پسر
خردمند مثل پدر نامور

کیومرث کا دشمن اک دیو تھا
ارادہ اسے اس سے تھا جنگ کا

غرض بچہ اس دیو کا ایکبار
پدر سے لگا کہنے اے نامدار

یہ ہے عرض میری کہ جو حکم ہو
تو جاؤن کیومرث کی جنگ کو

سنا اسنے جب یہ بیان پسر
تو دیو دنکی فوج اسکے ہمراہ کر

کیا اسکو دو ہین روان سوے شاہ
کہ تا ہو کیومرث سے کینہ خواہ

سیامک نے جسدم سنی یہ خبر
کیا عرض جاکر حضور پدر

کہ اب حکم کا ہون مین امیدوار
جو ہو حکم جاؤن پئے کارزار

کیومرث نے اسکو رخصت کیا
بہت اسکے ہمراہ لشکر کیا

جو وہ بادشہ زادۂ جنگ جو
ہوا بچہ دیو کے روبرو

تو پھر ہاتھ سے بچۂ دیو کے
نہ ہرگز ہوئی لبرہائی اسے

سیامک ہوا رزمگہ مین ہلاک
ملا جسم مسکا تہ خون و خاک

حضور کیومرث آئے و دان
ہوا شاہ غمگین و گریہ کنان

سنی بعد اسکے اک آواز غیب
ہوا شاہ کو یون عیان راز غیب

ذرا رکھ تو دل کو قرین خوشی
کر اب جا کے دیوونپہ لشکر کشی

زمین دیو ناپاک سے پاک کر
رخ دیو سرکش تہ خاک کر

کیا اپنی آراستہ فوج کو
ہوا ساتھ دیوونکے پھر جنگجو

دلیر و ہنرمند و اہل تمیز
کیومرث کو جان و دل سے عزیز

درندا ور چرند اور ہر جانور
سدا اسکے مطیع شہ نامور

جو یہو بجا وہ لشکر تو یہ دیو بھی
ہوا آکے شہ کے مقابل تبھی

ہوا گرم بازار رزم و ستیز
ہوئی ایک برپا وہان رستخیز

ہوئے دیو عاجز دو دام سے
خفا زندگی کے ہوئے نام سے

کیومرث کے ہاتھ سے دیو سار
ہوئے کشتہ خنجر آبدار

کیومرث کی فتح فال ہوئی
تمنائے دل اسکی حاصل ہوئی

بفرخندہ فالی ہوا بعد ازان

احوال سلطنت ہوشنگ

ہوا جبکہ ہوشنگ فیروز بخت
بصد فرخی مالک تاج و تخت

جہان داد سے اسکی آباد تھا
نہ تھا نام غم کا ہر اک شاد تھا

جب آیا یہی پور پیش نظر
تو شاہ جہاندار فرخ سیر

کہ آتش ہی نور الٰہی تمام
کرے خلق آتش پرستی تمام

سو شہر لایا وہین آب جو
بآئین دلچسپ و طرز نکو

نشان اسنے دی رسم نان طعام
دل مردمان کو کیا شاد کام

جہان مین یہ آہنگری کا ہنر
کیا اسنے ظاہر نہ تھا پیشتر

جو عمر اسکی آخر ہوئی بعد ازان

دربیان احوال سلطنت طہمورث

وہ طہمورث شاہنشہ ارجمند
جسے خلق عالم کہے دیو بند

تمنائے خاطر تھی بہبود خلق
مراد دل بادشہ سود خلق

کہ تدبیر ایسی کرو کوئی اب
کہ ہو منفعت خلق کو روز و شب

سیہ گوش اور یوز شاہین باز
بعہد شہنشاہ گردن فراز

شہ خلق پرور کا تھا اک وزیر
خرد مند و دانا و روشن ضمیر

وہین دیو غیرت مین آئے تمام
کیا عزم رزم شہ نیک نام

جو سر کردہ دیوؤنکی تھا فوج کا
سو اس دیو سرکش کا غو نام تھا

یکایک جو لشکر نے کھائی شکست
سپہر برین نے کیا اسکو پست

سیامک کا اک سال ماتم رکھا
دل و جان کو اپنے پر غم رکھا

کر اب بے صبوری کو کر اختیار
زیادہ نہ ہو نوحہ گر زینہار

مظفر تو ہوگا بہ فضل الٰہ
دلیرانہ دیوون سے ہو کینہ خواہ

کیومرث نے جب سنی یہ ندا
تو ہو شاد ماتم کدہ سے اٹھا

سیامک کا اک پور ہوشنگ تھا
کہ سر تا بپا ہوش و فرہنگ تھا

کیا شاہ نے اسکو سردار فوج
روانہ ہوا پھر وہ مانند موج

کیومرث کے ساتھ سب دام و دد
روانہ ہوئے وان سے بہر مدد

پئے رزم شاہنشہ نامدار
وہ لایا بہت لشکر دیو سار

زبس گرم کین پھر دلاور ہوا
تو مغلوب دیوون کا لشکر ہوا

ہزارون ہوئے کشتہ و خستہ بس
رہی جنگ کی پھر نہ جی مین ہوس

غرض دیو اور بچہ دیو بھی
ہوئے قتل اور اسکا لشکر سبھی

کیومرث شاہ خجستہ خصال
جہان مین رہا حکمران تیس سال

وہ ہوشنگ فرمانروائے جہان

جہان پروری اسنے کی اختیار
کیا عدل و انصاف لیل و نہار

کیا اور یہ کام فرہنگ سے
کہ آتش نمودار کی سنگ سے

سپاس خداوند لایا بجا
یہ ارشاد تاکید سے پھر کیا

جہاندار نے پھر بآئین نیک
کیا جشن شاہانہ ترتیب ایک

بجز میوہ و غیر برگ شجر
نہ پوشاک تھی نے خورش پیشتر

سمور اور سنجاب اور پوستین
کیے اسنے پیدا بروئے زمین

چہل سال باداد و دانش رہا
جہاندار ہوشنگ فرمانروا

ہوا شاہ طہمورث شاہ جہان

رعیت نواز اور تھا دادگر
نہ تھا کام جز داد شام و سحر

جو تھے عہد مین اسکے دانشوران
یہ ان سے لگا کہنے شاہ جہان

پھر آغاز دان پشم بافی ہوئی
کہ پوشاک مردم کو کافی ہوئی

ہوئے سب گرفتار دام آنکر
وہ سیکھے شکار افگنی سر بسر

وہ قید ایکدن کرکے اک دیو کو
لے آیا حضور شہ نامجو

فراہم ہوئے وہ پئے جنگ شاہ
ادھر سے ہوا شاہ بھی کینہ خواہ

صف آرا ادھر سے وہ خونخوار دیو
ادھر سے دلیران دگیہان خدیو

سہم جنگ جو ہر دو لشکر ہوئے ہزاروں جدا تن سے واں سر ہوئے
بیک گرز توڑا سر کینہ خواہ دکھائی عدم کی وہیں اسکو راہ
پھر از نگہ سے جو ہو فتحیاب کیا حکم تب شاہ نے یوں شتاب
اگر ہو وے جان بخشی اے تاجور تو سکھلادیں ہم ایک طرفہ ہنر
شہنشہ کو لکھنا سکھایا وہیں وہ حرفوں کا پڑھنا بتایا وہیں

وہ غوشاہ کے جب مقابل ہوا تو غو کا شہنشاہ قاتل ہوا
رہے زندہ امید انمیں جو اور دیو انھیں قید کرنے گیا وہ خدیو
کرو قتل دیو و نکو یکدست اب لگے کہنے دیوان خونخوار تب
پذیرا کیا شہ نے یہ التماس وہ لائے دوات و قلم شہ کے پاس
شہنشہ نے سی سال کی داوری رہے اسکے محکوم دیو و پری

بیان احوال سلطنت جمشید

پسر تھا جو جمشید طہمورث کا ہوا بعد اسکے وہ فرمانروا

جہاندار جمشید عالی وقار خرد مند دانشور و ہوشیار
دلیر و قوی زور و آفاق گیر ہر اک شاہ تھا اسکا فرمان پذیر
بیاں سے فزوں اسکا جاہ و حشم سدا خلق پر اسکا لطف و کرم
فن پارچہ بافی و رشتہ کار کیا شاہ جمشید نے آشکار
ہوا عہد میں اسکے پیدا یہ سب ہوئے اس جہانمیں ہویدا یہ
کیا شہ نے مردم کو مسکن گزیں ہوا ہر کوئی ہر مکانمیں مکین
کہ اب اس مکانمیں زراعت کرو نہ بے شغل و بیکار ہرگز رہو
سکھاویں یاں مردماں کو تمام کہ کرنے لگیں سب عمارت کا کام

خداوند اورنگ شاہنشہی سپہ دار اقلیم فرمان دہی
شجاعت بہت خوب ہمت بلند اور اقبال و دولت سے تھا ارجمند
ہنرمند و آگہ دل و ذو فنون فراست کے لیے ہر چیز کا رہنموں
قز و خز و دیبا و ریشم کتان زرہ جوشن و تیغ و برگستوان
زراعت کے قابل زمیں تھی جہاں سوا اسکے جس جا تھا آب رواں
سزاوار ہر شخص کے ہر مکان دیا اور کیا حکم یہ بعد ازاں
یہ دیو و نکو ارشاد پھر واں کیا کہ تم طرز و نقشہ مکانات کا
ہوا جبکہ حکم شہ نامدار ہوئے دیو تب وہیں مشغول کار

وہ حمام اور قصر وایوان وکاخ
بنائے گزین وبلند وفراخ

بنائے گچ وخشت اور سنگ سے
طرحدار دلچسپ ہر رنگ سے

بہت دلکشا اور بہت استوار
سراپا لطافت سراپا بہار

پھر اک تخت شہ نے مرتب کیا
بیاقوت وگوہر مزین کیا

اور اس تخت پر بیٹھتا تھا مدام
رہے تھا سدا خرم وشادکام

کبھی حکم کرتا وہ یون دیو کو
بروے ہوا تخت کو لے چلو

غرض دیو نکے دوش پر رکھکے تخت
جہان چاہتا وہ شہ نیکبخت

پہونچتا وہان ایکدم مین بشوق
نہ تھا دل مین اندیشہ تحت وفوق

شہنشہ نے کشتی بھی تیار کی
محیط جہانمین یہ پہلے نہ تھی

سر سال کا ہی جو نوروز نام
سوا اسکا ہی موجد شہ ذوالکرام

جب آتا یہ نوروز عشرت قرین
تب اک جشن ترتیب کرتا وہین

مہیا مے ونغمہ ہوتا وہان
غرض عیش کرتا وہ شاہ جہان

جن وانس ودیو وپری کو تمام
گہر بخشتا خسرو نیک نام

بعیش وطرب ہفت صد سال تک
رہا حکمران شاہ زیر فلک

رہی خلق آسودہ وبے خطر
بہت خرم وشاد شام وسحر

نہ بے شغل کوئی نہ بیکار تھا
کوئی دردمند اور نہ بیمار تھا

نہ تھا کوئی رنجور اس دہر مین
رہی مرگ بھی دور اس دہر مین

جو گذرے برس سات سو اسطرح
کیا ہی بیان مین نے یان جسطرح

تو شہ سے ہوئی دور دانش وفور
ہوا شاہ کے دلمین پیدا غرور

یکایک جو اپنی طرف کی نظر
کہ جاہ وحشم ہی مرا اس قدر

تو آیا دہن دلمین جمشید کے
کہ ہمسر ہون مین ماہ وخورشید کے

بجاہ وحشم زیر چرخ برین
برابر کوئی اپنے دیکھا نہین

اکابر جو تھے انکو کرکے طلب
یہ جمشید لایا زبان پر کہ اب

بتاؤ کہ دنیا مین ہی کوئی شاہ
کہ جسکا برابر مرے ہووے جاہ

خداوند اورنگ وافسر ہون مین
جہاندار وبخشندہ زر ہون مین

جہان کو کیا مین نے آراستہ
جہان سے ہوا رنج برخاستہ

خورد وخواب وآرام اہل جہان
یہ جمعیت خاطر مردمان

نشاط وخوشی نغمہ وجام مے
لیے ہی سبب سے کہ ہر ایک شے

جہانمین ہوا مجھ سے پیدا ہنر
نہین کوئی مجھ سا شہ نامور

سنا جبکہ جمشید سے یہ سخن
لگے کہنے دانشوران زمن

کہ بس تو ہی بخشندہ وداد گر
نہین اور مجھ سا کوئی تاجور

ولے دلمین سمجھے یہ یزدان شناس
کہ جمشید حق سے ہوا ناسپاس

ہوا رخصت اس سے بس اقبال وتخت
نصیبون سے اسکے گیا تاج وتخت

کوئی دنکو دیکھے ہی یہ روز بد
ہوئی فرد فرماندہی اسکی رد

وہ فرمانبران شہ نامدار
کنارہ لگے کرنے بے اختیار

خفا ہو کے شہ سے وہ یکبار سب
غرض اٹھ گئے وان سے سردار سب

شہنشہ کے دلمین یہ آیا ہراس
دہین اڑ گئے اسکے ہوش وحواس

یقین ہو گیا یہ کہ یزدان پاک
مقرر ہوا مجھ سے اب خشمناک

لگی دولت اس شہ سے منھ پھیرنے
لگی انکو بے دولتی گھیرنے

جہاندار جمشید انجام کار
ہوا بس تباہ اور پریشان وخوار

گرفتار قہر الہی ہوا
جدا شاہ سے تخت شاہی ہوا

ملا الغرض خاک مین بخت جم
ہوا جاے ضحاک پھر تخت جم

لکھون آگے ضحاک کی داستان
کرون اسکی اب سلطنت کا بیان

احوال سلطنت ضحاک تازی

سپہدار مرتاض تازی بنام
شہ کامران خسرو ذوالکرام

کہ تھا تازیان مین وہ فرمانروا
رعیت نوازی مین مشغول تھا

ہزارون بز واشتر وگاؤمیش
رکھے تھا سپہدار فرخندہ کیش

شب وروز ان چارپایون کا شیر
غریبون کو دیتا شہ بے نظیر

پسر ایک تھا اسکا ضحاک نام
جوان ودلیر وبلند احتشام

رکھے اسپ تازی تھا وہ دس ہزار
بڑا جاہ تھا اور بڑا اقتدار

حضور اسکے ابلیس راست گو
ہوا حاضر اک دن بشکل نکو

گذارش کئی نقلین کین آن کر
کہ دلچسپ اور نغز تھین بیشتر

ودے تھا فریب انمین یکسر بھرا
خدع سے سخن کوئی خالی نہ تھا

سرا تھا ضحاک جو عقل سے
ہوا خرم وشاد اس نقل سے

لگا کہنے ابلیس سے اور بھی
بیان کر لطیفہ بہ لطف وخوشی

وہ بولا کہ اے شاہ فرخ نہاد
سخن خوب تر ایسے ہین مجکو یاد

ولیکن مین کہتا ہون اس شرط سے
کہ گر عہد اور قول دے تو مجھے

کہ جو کچھ کہون مین کرے تو وہی
کسی سے نہ یہ راز کھولے کبھی

قسم کھاکے ضحاک نے تب شتاب — گویا اُسکی گفتار کا یہ جواب
ہوا جبکہ آپس مین عہد استوار — پھر ابلیس بولا کہ اے نامدار
کہ تو ہی جوان اور ترا باپ پیر — یہ تجکو ہے زیبندہ تاج و سریر
یہ گفتار تو ناپسندیدہ ہے — نہ میزان دانش مین سنجیدہ ہے
کہی شاہزادے نے یہ بات جب — یہ بولا وہ ابلیس ناپاک تب
رہے تیری گردن پہ سوگند بند — تو ہو خوار اور تجکو پہونچے گزند
یہ پوچھا کہ کس طرح سے ہے ہلاک — بتا کوئی تدبیر بیخوف و باک
کنوان ایک اُس شاہ کی راہ مین — کرون کندہ تا وہ گرے چاہ مین
وہ شہ اُس مکانمین بر وسط شب — عبادت کو جاتا تھا ہنگام شب
کیا اُسکو خس پوش پھر سربسر — شہ نامور کو نہ تھی کچھ خبر
گئے ٹوٹ اُسکے سر و دست و پا — ہوا قید ہستی سے دم مین رہا
پھر ابلیس بدذات نے یون کہا — کہ صد شکر اے شاہ کشور کشا
مری دانش و عقل و تدبیر پر — عمل تو کرے ہر شب و روز اگر
سراسر جہان کی تجھے خوبیان — میسر ہون ای بادشاہ جہان
نوازش بہت اُسپہ مصروف کی — کلید خورش خانہ پھر اُسکو دی
خورش خانۂ خسرو نامور — ملا جبکہ اُسکو تو شام و سحر
وہ طیار کر پیش فرمان روا — کبھی مرغ لاتا کبھی چارپا
ہوا کھاکے اُسکو بہت شاد کام — کہ تھا خوشتر و نغز نیکو طعام
کہ ای قدردان شاہ فرخ سیر — خورش لاؤنگا اُس سے کل نغزتر
بصد لطف کبک و تدرو سفید — پکانے گیا با دل پر امید
زروے عنایت کہا یون کہ اب — جو کچھ چاہیے مجھ سے کر تو طلب
مری آرزو ہی یہ شام و پگاہ — کہ دو دن ایک بوسہ سر کتف شاہ
برآوے مرادعا کیا عجب — مجھے کامیابی ہو با صد طرب
نوازش سے تجکو کرون ارجمند — کہ ہو نام تیرا جہان مین بلند
جو کتف اپنے شہ نے برہنہ کیے — تو شیطان نے اُسپہ بوسے دیے
یہ کردار بدکر کے وان آشکار — نظر سے وہ غائب ہوا نابکار
کیا چارہ دانشورون سے طلب — لگے کرنے تدبیر و تجویز سب
پھر اتنے مین ابلیس پیدا ہوا — بشکل طبیبان ہو پیدا ہوا
ہوا وہ لکھا جو نصیبون مین تھا — نہیں دفع ہوگی یہ ہرگز بلا

یہ مذکور کیا جو ترے راز کو — کرون ظاہر ای مرد فرخندہ خو
جو مرتاض تازی ہی تیرا پدر — تو اُسکو شتابی کہین قتل کر
یہ سنکر ہوا دل کو اُسکے درد — لگا کہنے اُس سے کہ ای نیک مرد
رہ دین و دانش سے جو دور ہو — وہ بیداد کب مجکو منظور ہو
گر اس کام سے تو کرے درگذر — پھرے عہد سے اپنے اذنا ہو
نہ خون پدر اُسکو منظور تھا — ولیکن وہ ناچار و مجبور تھا
لگا کہنے پھر وہ کہ اے نامدار — یہ کچھ کام مشکل نہیں زینہار
مکان ایک بیرون دولتسرا — شہ نامور نے کیا تھا بنا
ستمگار ناپاک نے ایک چاہ — کیا کندہ وہین سر راہ شاہ
گیا جب اُدھر کو تو بس راہ مین — گرا شاہ آزاد اُس چاہ مین
وہ ضحاک بے رحم و بیدادگر — سر تخت بیٹھا بجائے پدر
ہوا میری تدبیر سے اب تو شاہ — مبارک تجھے تخت و تاج و کلاہ
تو ہو بادشاہ ہفت اقلیم کا — خداوند ہو تخت و دیہیم کا
یہ سن کر ہوا شاد ضحاک شاہ — تملق لگا کرنے شام و پگاہ
خوراک اور جز میوہ و نان ہان — نہ تھی اُن دنون بہر اہل جہان
پکانے لگا نغز و خوشتر طعام — مزیدار خوش ذائقہ ہر طعام
پکا ایک دن بیضۂ مرغ وان — خورش کو وہ لایا تو شاہ جہان
زروے طرب شہ نے کی آفرین — یہ سن کر کیا عرض اُسنے وہین
غرض دوسرے روز پھر شاد شاد — حضور جہاندار فرخ نہاد
وہ ضحاک نے جبکہ کھایا طعام — نہایت ہوا خرم و شاد کام
کیا عرض ابلیس نے پھر شتاب — کہ ای شاہ ضحاک عالیجناب
یہ رتبہ نہین گرچہ میرا ولے — مگر شہ کے لطف و عنایات سے
یہ ضحاک بولا کہ ای نیک خو — ترے دل کی برلاؤن یہ آرزو
یہ کہکر دیے کھول کتف اپنے کل — یہی دل مین ابلیس کے تھی ہوس
دیے جبکہ بوسے سر کتف شاہ — ہوئے دو وہین پیدا دو مار سیاہ
جہاندار ضحاک حیران ہوا — بہت اپنے دلمین پشیمان ہوا
یہ اُس درد کا کچھ نہ پایا علاج — کسی کو بھی اُسکا نہ آیا علاج
وہ آکر حضور شہ نامدار — لگا کہنے شہ سے کہ اے شہریار
تری زندگی اب تو دشوار ہے — خرد چارہ سازی سے ناچار ہے

ہوا سن کے ضحاک اندوہگین
لگا کرنے فریاد و زاری ہمین

یہ کہنے لگا پھر ز روئے نیاز
کہ اے مرد فرزانہ و چارہ ساز

کسی طرح سے چارہ سازی تو کر
شتابی سے عاجز نوازی تو کر

کیا شاہ نے جب بہت انکسار
تو بولا وہ پھر یون کہ اے تاجدار

نہین اس سے چارہ کوئی اور نغز
کہ سانپون کو دے آدمی کا تو مغز

تری جان کو پھر نہ پہونچے گزند
رہے پھر نہ تو اسقدر دردمند

بتایا جو ابلیس نے یہ علاج
لگا کرنے دائم خداوند تاج

آمدن سلطنت ایران بدست ضحاک و آوارہ شدن جمشید و رسیدن تنہا در شہر زابلستان بلباس

دیگر و شناختن او را دختر والی زابلستان و عقد بستن او

یہ ہر ملک و کشور مین پہونچی خبر
کہ ضحاک شاہنشہ تاجور

رکھے ہے دو مار سیہ اپنے پاس
جسے دیکھ اڑتے ہین ہوش و حواس

یہ ہیبت ہوئی شاہ کی دہر مین
کہ ڈرنے لگے لوگ ہر شہر مین

بزرگان ایران کہ جمشید سے
ہوئے منحرف تھے سو وہ آن کے

ہوئے پیش ضحاک حاضر سبھی
کمر جست باندھی پئے بندگی

بیان کر کے احوال ایران تمام
کیا عرض یون اے شہ ذو الکرام

اگر فوج سرکار جاوے ادھر
تو ہاتھ آوے وہ ملک بھی دگر

یہ سنکر وہین لشکر بیکران
کیا شاہ نے ساتھ انکے روان

وہ جمشید بھی آ مقابل ہوا
دیے کام دل کچھ نہ حاصل ہوا

شکست اسنے کھائی بہنگام جنگ
گریزان ہوا شاہ جم بیدرنگ

جو اقبال و تخت برہم ہوا
تو جم اور کتبہ لشکر جم ہوا

رہا کوئی بھی پھر نہ ہمراہ جم
کسی سمت تنہا گیا شاہ جم

ہوا شاہ ضحاک ایران کا شاہ
ہوا وہ نصیب اسکے تاج و کلاہ

گئے لوگ ضحاک نے پھر روان
کہا یون شہ جم کو پاؤ جہان

اسے قید کر کے یہان لاؤ تم
تفحص کنان ہر طرف جاؤ تم

کرون پھر ہر اک کا مین رتبہ فزون
زر و گوہر و لعل انعام دون

ہر اک سمت کے پھر طرفدار کو
گیا دہر مین حکم شہ نام جو

کر لاوے اسے جو گرفتار کر
رضامند مین اس سے ہون بیشتر

بڑا رتبہ اسکا ہو میرے حضور
غم و فکر دنیا رہے دل سے دور

ستمدیدہ چرخ پر فتنہ جم
شب و روز با خاطر پر الم

سوئے وادی و کوہ آوارہ تھا
نہایت غریب اور بیچارہ تھا

ہر اک سے چھپاتا تھا وہ آپ کو
نہ ہرگز جتاتا تھا وہ آپ کو

پری وار مردم سے پوشیدہ تھا
کہ آفت رسیدہ و غم دیدہ تھا

غرض رفتہ رفتہ بصد رنج و غم
گیا زابلستان مین وہ شاہ جم

سپہدار اورنگ زابل کا شاہ
رکھے ایک تھا دختر رشک ماہ

منہ مہر سے حسن مین خوب تھی
دل آرام و دلدار و محبوب تھی

وہ زلف دوتا اسکی دام بلا
گرفتار جنکا نہ ہووے رہا

وہ ابرو تھے یا تیغ بران تھے
وہ مژگان نہ تھے بلکہ پیکان تھے

کئے سیکڑون اک نگہ سے ہلاک
ہزارون ملائے تہ خون خاک

وہ قامت کہون یا قیامت کہون
قیامت سے بالا وہ قامت کہون

کہون کیا کہ رفتار نے کیا کیا
کہ ہر گاہ پر فتنہ برپا کیا

لبون سے جو کچھ اسکے ہوا آشکار
دم عیسوی سے نہ ہو زینہار

وہ چشم اسکی خونریز مردم مدام
ہوئی جس سے ترکونکی ترکی تمام

سوا خوبی و حسن کے وہ صنم
نہ مردون سے تھی کچھ شجاعت مین کم

ہنر پہلوانی کے تھے اسکو یاد
وہ تھی پہلوانی مین بھی اوستاد

جو درپیش آجائے تھی کوئی جنگ
تو بےخوف و اندیشہ بن بیدرنگ

پہنتی تھی پوشاک مردانہ وہ
پئے رزم جاتی دلیرانہ وہ

برس پندرہ کی تھی وہ دلستان
خرد مند دانشور و نکتہ دان

جوان تھی و لیکن یہ تدبیر پیر
شعور و فراست مین تھی بینظیر

اسی سال مین جو منوچہر شاہ
سوئے زابلستان لایا سپاہ

تو تدبیر سے اسکی بدخواہ پر
شہ زابلستان نے پائی ظفر

دلیر و ہنرمند صاحب خصال
جہان مین تھی وہ دلربا بیمثال

بہت اسکے شاہان طلبگار تھے
بہ نقد دل و جان خریدار تھے

وے باپ اس کے انکار تھا
کسی کو نہ دیتا وہ زنہار تھا

یہ بس عہد واثق تھا باہمدگر
کہ وہ ماہ پیکر جسے دیکھکر

رکھے وصل کی اپنے جی مین ہوس
سو اُس دایہ نے ایکدن دخت کو
کہ ہووے تو ہم خوابۂ شاہ جم
کہا تھا یہ دایہ نے جاکر شتاب
یہ مژدہ جو تو نے سنایا مجھے
وہ جم اتفاقاً وہان جو گیا
ہوئی آرزوے دل شاہ جم
ولے حاجبون نے نہ جانے دیا
تلے اک شجر کے گیا بیٹھ جم
پڑی اُسکی جمشید پر جو نظر
یہ پوچھا کہ تو کون ہے اے جوان
کہون کیا کہ رکھتا تھا دولت عظیم
مجھے خواہش بادۂ ناب ہے
کہ ہو خاطر غمزدہ کو سرور
کہا یہ کہ اے بانوے مہربان
اُسے اور ہرگز نہین کچھ ہوس
اگر اُسنے تو صرف چاہی شراب
یہ کہکر اُٹھی بس وہ سرو روان
یہ سمجھی وہین وہ بت دلستان
اثر کر گیا عشق جمشید کا
تو بیٹھا ہے اب کیون زیر شجر
بس اب دیکھ کر اس پرستار کو
کیا جب طلب اُسنے جمشید کو
کیا جم نے جانے مین اکثر حذر
رکھے جان سے ہے گرامی مجھے
غرض شوق سے تو یہان آ شتاب
اور اب اُسکو دیکھا تو شیدا ہوا
شہ جم کے رکھ ہاتھ مین اپنا ہاتھ
کنیزان گل چہرہ آئین وہان

خوشی سے وہ ہمبستر اُسکا ہو بس
کہا تھا کہ اے دخت فرخندہ خو
اور اُس سے ہو اک طفل فرخ شیم
حضور شہنشاہ عالی جناب
تو راز نہان سب جتایا مجھے
سر راہ اک باغ تھا شاہ کا
کہ اس باغ مین چلکے اب کوئی دم
وہ ناچار مجبور سا ہو گیا
کہ ہو دور دل سے غبار الم
تو حیران ہوئی بس وہین دیکھ کر
عیان کر تو مجھ سے یہ راز نہان
بہت حشمت و جاہ و شوکت عظیم
کہ دل رنج سے سخت بیتاب ہے
ذرا ہووے کلفت مرے دل سے دور
در باغ پر ہے اک آیا جوان
طلب اور ساغر کی رکھتا ہے بس
ولے اُسکو پہونچاؤنگی مین شتاب
پرستار کے ساتھ آئی وہان
کہ ایرانیون مین سے ہے یہ جوان
گرفتار اُلفت ہوئی دلربا
تو ٹھہرا ہے کیون سایہ مین آن کر
تجھے یاد مے آئی اے نیکخو
تو سوچا یہ جمشید فرخندہ خو
ولیکن وہ بولی حذر کچھ نہ کر
بہت پاس خاطر ہے میرا اُسے
کہ شاہد بھی ہے اور سرود و شراب
اثر عشق کا دلمین پیدا ہوا
خرامان چمن مین ہوئی اُسکے ساتھ
ہوئین جم کے آگے وہ سجدہ کنان

زن عاقل اک دایہ تھی دخت کی
تمے مین نے دیکھے جو طالع تو ہان
یہ سُنکر نوید مسرت فزا
یہ سن شاہ نے مژدۂ دلفروز
غرض اس سبب سے وہ شاہ زمن
اور اُس باغ مین تھی وہ دلدار بھی
ذرا جی کو وان اپنے بہلائیے
ہوا خوش جو آئی تو بیرون باغ
کسی کام کے واسطے ناگہان
عیان جم کی صورت سے تھی نیکوئی
دیا اُسکو جمشید نے یہ جواب
پر اب گمرہ و بخت برگشتہ ہون
خداوند سے باغ کے لا شتاب
پرستار نے جب سنا یہ سخن
اگرچہ وہ آفت رسیدہ ہے پر
پرستار سے سُنکے وصف جوان
مے لعل اور شاہد دلنواز
در باغ پر جب ہوئی جلوہ گر
ہوا زرد غم سے رخ لالہ رنگ
لگی پوچھنے یون کہ اے خستہ حال
مگر اُس کنیزک پہ مائل ہوا
اگر تجکو ہے آرزوے شراب
جو جاؤ نہین مثل بت دلستان
پدر ہے مرا شاہ زابلستان
مجھے ہے یہ پروانگی روز و شب
سنا تھا یہ جمشید نے پیشتر
گیا باغ مین شاہ جم پھر وہین
گئی سیر کرتی وہ اک حوض پر
بحکم پری رو و مشک و گلاب

کہ انجم شناس و خردمند تھی
ہوا یون عیان مجھپہ راز نہان
بہت فتنہ جی مین تھی وہ دلربا
کہا قابلہ سے کہ اے نیک روز
نہ سنتا تھا خواہشگرونکا سخن
جو دن رات جم کی طلبگار تھی
صبا کی طرح سیر کر آئیے
وہ ٹھہرا ذرا با دل داغ داغ
کنیز اُس پریرو کی آئی وہان
درخشندہ تھی شوکت خسروی
کیا چرخ نے میرا خانہ خراب
خراب و پریشان و سرگشتہ ہون
ابھی جائے دو مین جام شراب
گئی باغ مین مثل رشک چمن
رخ خوب اُسکا ہے رشک قمر
لگی کہنے وہ دختر دلستان
سرود و دف و چنگ عشرت کا سامان
تو صورت کو جمشید کی دیکھ کر
طرح غنچہ کے ہے یہ جی سے تنگ
گرفتار تشویش و رنج و ملال
اسیر محبت ترا دل ہوا
تو اس باغ مین اے جوان آ شتاب
مبادا ابلا کوئی آوے یہان
مین سمجھی ہون اک دختر دلستان
جسے چاہون اُسکو کرون مین طلب
کہ اک دخت ہے رشک شمس و قمر
ہوئی شاد و خرم بت نازنین
ہوئی فرش شاہانہ پر جلوہ گر
شہ جم کے پھر پانون دھوے شتاب

کیا شیشۂ و جام پھر وان طلب
ہوا دور عیش و نشاط و طرب

جو حکم اُس پریچہرہ نے یون کیا
تو پھر جام ساقی نے جم کو دیا

برسم فہمان جو ہوا بادہ کش
یہ کہنے لگی جی مین وہ حور وش

کہا پھر یہ جمشید سے ای جوان
رہ دور سے اب تو آیا یہان

لگی کہنے پھر یون وہ رشک قمر
تجھے خواہش بادہ ہی کسقدر

دیا شاہ جمشید نے یہ جواب
کہ ہی بیشتر مجھ کو میل شراب

عجب چیز ہی بادہ ای نازنین
کہ دلسے کرے دور کلفت وہ مین

کرے دم مین یہ بزدلونکو دلیر
پیئے می جو کوئی کرے کار شیر

خورش کے مزے کو زیادہ کرے
غم دل کو بس دور بادہ کرے

زبس مجکو بھی راہ کی ماندگی
تمنا ہوئی بادۂ ناب کی

کہ جمشید شاہ جہان ہی یہی
جہاندار شاہ شہان ہی یہی

یکایک یہ خاطر مین گذرا کہ آب
شبیہ شہ جم کرون مین طلب

تو اتنے مین گلشن کی دیوار پر
پڑی اُس پریچہرہ کی جو نظر

کوئی شوق سے جیسے بیدرد و غم
ملاوے لب یار سے لب بہم

جو یون بیٹھے دیکھے کبوتر بہم
تو کچھ شرم سی آ گئی پیش جم

تو فرمایا اُنہین سے اسدم جسے
کرون صید اُسکو مین اک تیر سے

کہ زن پیشدستی کرے وقت کار
نہ کر پیشدستی تو اب زینہار

وُہ ہمسری مرد سے کیا کرے
کرے ہمسری گر تو بیجا کرے

دلیری و تدبیر و زور و ہنر
رکھے مرد ہی زن سے ہان بیشتر

یہ سنکر پریرو ہوئی شرمگین
عرق آ گیا چہرے پر سن وہ مین

کمان ہاتھ سے آگے جم کے رکھی
کیا عذر بھی اور بہت عاجزی

تو پھر دل جسے چاہے اُس زن کو ون
بصد شوق ہم بستر اپنا کرون

پریرو بھی اس امر کو پا گئی
یہ بات اُسکے بھی دھیان مین آ گئی

کمان سے ہوا تیر جسدم رہا
گری مادہ بسمل ہو نر اڑ گیا

وہ پیوند تھی نازنین کی کمان
کہ زاول مین تھے جسقدر پہلوان

لگی جی مین کہنے کہ کیا احتیاج
شبیہ شہ جم کی دیکھو نہین آج

غرض قوت و زور جم دیکھ کر
ہوئی آفرین خوان وہ رشک قمر

تصور مین جم کے پیا پھر شتاب
پریچہرہ نے ایک جام شراب

کبوتر جو بیٹھا ہی پھر آن کے
نشانہ کرون تیر کا گر اُسے

کہا نازنین نے کہ اب بیدرنگ
پلاؤ مُسے بادۂ لالہ رنگ

کیے نوش جم نے پیاپے سہ جام
ہوا دور اندیشۂ دل سے تمام

کہ ہی یہ جوان بیگمان بادشاہ
کیا چرخ نے لیکن اُسکو تباہ

ترے واسطے ہووے حاضر طعام
وہ بولا کہ تم اور دو مجکو جام

کہ جز بادہ تو کچھ نہین چاہیے اور
نظر آئے مجھکو عجب تیرے طور

کبھی گر نہ پاؤن تو بیتاب ہون
مین بے صبر بے بادۂ ناب ہون

دل تیرہ کو روشنائی ہی مے
جسے کوفت ہو مومیائی ہی مے

جو ہو پیر فرتوت بھی بادہ کش
تو ہووے جوان پیکے ای حور وش

کرے رفع سب ماندگیہاے تن
لگے می سے خوشتر بہار چمن

کیا جب فصاحت سے جم نے سخن
گمان لیگئی تب وہ رشک چمن

لگی کہنے پھر جی مین یون دلستان
کہ کیونکر یقین ہو مرا یہ گمان

کسی سے کہا یون کہ جا و شبیہ
مرے باپ سے جم کی لاؤ شبیہ

تو دیکھا کہ بیٹھے کبوتر ہین دو
ملا کر بہم اپنی منقار کو

وہ دونون تھے سرگرم راز و نیاز
ادھر سے نیاز اور اُدھر سے تھا ناز

طلب کر کے پھر وہ مین تیر و کمان
لگی کہنے جمشید سے یون کہ ہان

شہ جم یہ بولا کہ ای نازنین
جہان مرد ہون وان یہ زن لا نہین

اگر لاکھ زن ہو شجاع و دلیر
توی اپنے نزدیک ہو مثل شیر

کہ زن زن ہی آخر کو اور مرد مرد
شعور زنان پیش مردان ہی گرد

حوالے مرے کر یہ تیر و کمان
ہنر دیکھ میرا اگر تو ای دلستان

وہ لے دلمین افزون محبت ہوئی
زیادہ شہ جم کی اُلفت ہوئی

کہا پھر یہ جم نے کہ ای نیک خو
کرون گر ہدف تیر کا مادہ کو

مراد اس سخن سے تھی وہ رشک ماہ
کہ ہووے ہم آغوش جمشید شاہ

پیا جام پھر جم نے اور بیدرنگ
کمان کھینچکر ایک مارا خدنگ

پھر اک دم مین بیٹھا وہ نر آنکر
کہ بیٹھا ہوا تھا جہان پیشتر

کوئی کھینچ سکتا تھا اسکو نہین
وہ لے جم نے کھینچا تو وہ نازنین

ہوا بس یقین یون کہ جمشید ہی
تہ ابر پوشیدہ خورشید ہے

طلبگار جم کی ہوئی دلمین بس
ہوئی وصل کی اُسکے دلمین ہوس

شہ جم سے پھر آپ لیکر کمان
یہ کہنے لگی وہ بت دلستان

تو جس مرد فرخ پہ مائل ہو دل
ملاقات کا اُسکی سائل ہو دل

مرادہ ہم آغوش ہو شوق سے
سمجھ یہ گیا شاہ جم بھی ہین
کہا اُسنے یہ ماجرا اک تکلم
جو دیکھا تھا طالع مین تیرے سوا
نہ کر دیر ہو وصل سے کامیاب
سنا اُسنے دایہ سے جب یہ سخن
یہ دایہ سے بولی جو تو نے کہا
جو صورت ہے جم کی مقابل ہوئی
تو اورنگ و دیہیم کو یاد کر
پریرو نے دیکھا جو یہ حال جم
ہے صحبت دلچسپ بزم طرب
یہ کہنے لگا جم کہ اے گل عذار
سگے پرینیان کی جو ہے نگاہ
لگا کہنے جون ابر بے اختیار
کیا شاہ جمشید کو یون تباہ
دو مار سیہ جسکے ہین کتف پر
کر اب ہے وہ برگشتہ اختر کہان
کہین ہے اسیر بلائے بزرگ
کہ ہے آپ جم یہ شہ نام جو
کہا پھر یہ خلوت مین تو ہی ہے جم
شہ جم یہ بولا کہ اے دلستان
تملق بہت نازنین نے کیا
کرے گا تو انکار گر لاکھ بیر
بہانہ تو کرتا ہے اب بار بار
ترے وصل کا مجھکو مژدہ دیا
تری ہی تمنائے دیدار تھی
نہ آرام جان ہے نہ کچھ مجھکو تاب
غرض آخر کار لایا ادھر
بہت شاد ہے خواستگار

کرون اُسکو ہمخوابہ مین دو سے
کہ میری طلبگار ہے نازنین
نگہ کی وہین دایہ نے سوے جم
ہوا آشکارا بالطاف رب
خوشی سے ہمبستر اُسکی شتاب
ہوئی اور دیوانہ وہ سیمتن
زرے کرم رحمت لاوے خدا
تو بن باعث فرحت دل ہوئی
دل پر الم سے کیا نالہ سر
تو پوچھا کہ کیون تو نے کی چشم نم
یہ سو وقت گریہ کا ہے کیا سبب
جو دنیا مین ہین عاقل و ہوشیار
تو دیکھی شبیہ جم اے رشک ماہ
رہا کچھ نہ دلمین شکیب و قرار
لیا چھین یکدست تاج و کلاہ
وہ صورت تمہین دیو سے بھی بتر
بجز نام اُسکا نہین کچھ نشان
ہوا یا کہین لقمۂ شیر و گرگ
ولیکن چھپانا ہے یہ آپ کو
نہ پوشیدہ رکھ ہمسے جانین ہین ہم
سراپا غلط ہے یہ تیرا گمان
ولیکن یہ انکار کرتا رہا
کرونگی نہ تجھ سے مین اب درگذر
نہین جائیگا پیش کچھ زینہار
اور اس راز سے مجھکو واقف کیا
دل و جان سے تیری طلبگار تھی
نہ دلمین شکیب اور نہ انکھون مین خواب
مرا جذبۂ دل تجھے کھینچ کر
نہ اقبال مین نے کیا زینہار

اُس گفتگو سے تھی اُسکی مراد
بہم گفتگو وان خوشی سے یہ تھی
لیا جم کو پہچان اور یون کہا
طلبگار تھی جسکو سو ہے یہی
وہ دختر کہ تھی عاشق و دے یار
اور اپنے ہوئی دلمین خوش مشتبر
پھر اتنے مین وان جم کی آئی شبیہ
شہ جم کو دایہ نے پھر دی شبیہ
لگا کھینچنے نالہ پھر شہریار
نگہ کر کے اب تو سوے پرینیان
گیا کس طرف ہائے تیرا خیال
ستمدیدگان کے وہ احوال ہیں
مجھے یاد آیا وہ جاہ و حشم
کیا جور چرخ ستمگر نے ہائے
جہان کا کیا شاہ ضحاک کو
نہین ہے خبر شاہ جمشید کی
خدا جانے جیتا ہے یا مر گیا
یہ قصہ بیان جبکہ جم نے کیا
کنیزونکو کیا وان سے دور
کہا مین نہین جم وہ بولی کہ ہان
مجھے جم جو سمجھی تو اے مہ جبین
بہت کرکے یہ عجز اور انکسار
کہ تجکو لیا مین نے پہچان اب
یہ دایہ جو بیٹھی ہوئی ہے یہان
کہ تجھ سے خدا نے مجھے اک سبب
تری شیفتہ ایک مدت سے ہون
خدا سے یہ خواہش تھی اے نام جو
غنیمت سمجھ تو مرے وصل کو
کہ تجھ پر دل زار دیوانہ تھا

کہ ہو جفت جمشید فرخ نہاد
کہ دایہ بھی آ پہونچی اس وقت کی
کہ اے دختر مہوش و دلربا
شہ جم شہ نام جو ہے یہی
رکھے تھی تمنائے بوس و کنار
کر معشوق مطلب ہوا جلوہ گر
وہ دایہ کو اُسنے دکھائی شبیہ
اور اُسنے وہ اپنی جو دیکھی شبیہ
ہوئی زار بھی نرگس اشکبار
ہوا اُس سے یہ بیان تو نالہ کنان
نگو ہمسے کچھ تو نے پایا ملال
غم و درد سے نالہ کرتے ہین ہم
بزرگی وہ اورنگ و تاج و علم
کیا ظلم اُس سفلہ پرور نے ہائے
دیا تاج و تخت ایک ناپاک کو
نہین حال سے اُسکے کچھ آگہی
ہوا اُسکا احوال کیا جانے کیا
تب اُس دخت و دایہ نے جی مین کہا
رہی دایہ اور وہ بت رشک حور
یہ کہتی ہے کیا پیکر پرینیان
مگر کوئی ہم شکل ہو نازنین
وہ بولی کہ اے خسرو نامدار
تو مت جان تک مجھکو انجان اب
خبردار ہے راز اختر سے ہان
یہ سنکر شب و روز شام و سحر
گرفتار غم تیری فرقت سے ہون
کسی طرح تیری ملاقات ہو
کہ تجھ سے ہوئی آپ مین کام جو
ترے عشق مین سب سے بیگانہ تھا

تو مجھ سی دلآرام و دلدار سے
جدائی کے ہون درد سے بیقرار
یہ کہکر لگی رونے بے اختیار
پدر دل بچپہ صدقے کرون ملکہ جان
کیا دخت نے جب بہت انکسار
مخالف مرا ایک تو بخت ہی
مجھے دوسرے تجھ سے اندیشہ ہی
یہ سنکر لگی کہنے وہ گل عذار
کہ بدخواہ تیری ہون نہ زنہار
یہ جب وے میان آئے قول و قسم
پری چہرہ لے ہاتھ مین جم کا ہاتھ
بندھا عقد جسطرح آئین تھی
تسے عقد پر بخت و دولت گواہ
ہوئی بجا یا نہ وہ ہم کنار
وہ باہم لگے عیش کرنے مدام
تو کرنے لگا اسکی وہ جستجو
یہ سنتے ہی بس وہ ہوا خشمگین
ہوئی اسقدر ہائے بیباک تو
کیا راز کو تو نے ہم سے نہان
کیا عرض اسنے کہ سن اے پدر
دے شیشہ ننگ توڑا نہین
جہان مین کوئی اسکا ہمسر نہین
بفیض خدا اسنے پایا ظہور
سنی دایہ سے اسنے یہ بات جب
یہ ہی یاوری بخت کی سربسر
کہ ہو تجھ سے خوشنود وہ شہریار
یہ سنکر وہ دلدار رونے لگی
روا رکھ نہ خونریزی شاہ جم
اٹھا اپنے دل سے ذرا یہ خیال

پری چہرہ و ماہ رخسار سے
خدا کے لیے مجھ سے ہو ہم کنار
زبان پر یہ لائی کہ ای نامدار
تو کر مجھ سے راز نہفتہ عیان
یہ کہنے لگا تب شہ نامدار
وہ دشمن جان و کمبخت ہی
کہ زن کا نہ ہرگز وفا پیشہ ہی
کہ ہر زن نہین باوفا زینہار
دل اپنا نسے ہون مین ترچی شعار
تو اہمین ہوا بس وہین شاہ جم
طرف قصر کے لیگئی اپنے ساتھ
ادا کی جو رسم و رہ دین تھی
ہوئی شہ کی منکوحہ وہ رشک ماہ
عجب رنگ کی اس گھڑی تھی بہار
پئے عیش کے وہ لگے پینے جام
کسی نے خبر دی کہ وہ ماہرو
اور آئی وہ جب دختر نازنین
اڑانے لگی سر بسر خاک تو
وہ بے رنگ رو سے ہی تیرے عیان
دیا حکم تھا تو نے یہ پیشتر
رہ نیک سے منہ کو موڑا نہین
کوئی جاہ مین اس سے برتر نہین
ہوا جلوہ گر مہر مقصد کا نور
شہ زابلستان ہوا شاد تب
ہوا جو گذر شاہ جم کا ادھر
فزون ہو مرا عز و جاہ و وقار
وہ بے صبر و بے تاب ہونے لگی
مری جان پر تو نہ کر یہ ستم
نہ لے اپنی گردن پہ ناحق وبال

نہ ہو شوق سے گر ہم آغوش اب
نہین تو کرون اپنے سینہ کو چاک
مقرر ہی تو جم مجھے ہی یقین
جو کچھ راستی ہی سو وہ بات تو
مجھے سب رہتی سے نہ کیون ہو خبر
خبر اسکو پہونچے مبادا نہین
نہین ہی پسندیدۂ عاقلان
قسم ہی مجھے اب تری جان کی
نہ کر خوف و اندیشہ ای نامور
کہا قصہ پھر جم نے اپنا تمام
کیا جاکے آراستہ تخت زر
ہوے عہد و پیمان محکم بہم
سر مہد زرین ہوئی جاے خواب
ہوا چہرہ فیروز رنگ مراد
کئی روز گذرے کہ وہ سیمبر
ہوئی اک جوان سے گرفتار اب
تو چین بر جبین ہو کے از روے خشم
کیا چاک اب شرم کا پیرہن
وہ تھی حاملہ ان دنون گلبدن
کہ جاہیے سبب جسے اس سے بخواب ہو
رکھا مین نے ناموس کسیر نگاہ
یہ دایہ نے بھی عرض شہ سے کیا
شہ جم یہان آگیا ناگہان
یہ بولا کہ خوش تو نے مژدہ دیا
مقرر ہے باندھ کر صبح گاہ
مجھے سب لطف سے اور اقلیم دے
یہ بولی کہ ای خسرو نامجو
جو لے اپنے کشور مین آکر پناہ
سدا تخت و دیہیم رہتا نہین

تو صد حیف ہی اور بڑا ہی غضب
کرون اسکو اک دم مین ہلاک
تو اقرار کرنا بھلا کیون نہین
رکھے کیون ہی پوشیدہ ای نامجو
کہ رکھتا ہون دختر سے مین جم
ادھر آ جا دین گر اسکے ای نازنین
کہ زن سے عیان کیجیے راز نہان
قسم ہی مجھے اپنے ایمان کی
سمجھ اس مکان کو نہ جائے خطر
کیا ظاہر آگے پریوش کے نام
ہوئی ساتھ جمشید کے جلوہ گر
ہوا ساتھ گلرو کے پیوند جم
ہوا اتصال مہ و آفتاب
نشانہ پہ بیٹھا خدنگ مراد
بہت کم کی آنے جیش پدر
رہے ہی ہم آغوش وہ روز و شب
لگا کہنے اس سے کہ ای شوخ چشم
لیا جامہ سے بے حیائی یہین
ہو از رو دکھائے رشک چمن
سو آیا عمل مین یہ طرز نکو
کیا حقت وہ شاہ عالم نہاد
شہا مین نے جو تجھ کو مژدہ دیا
ہوئی حاملہ اس سے یہ دلستان
مرے دلکو مسرور و شادان کیا
روانہ کرون سوئے ضحاک شاہ
در و لعل بخشے زر و سیم دے
تو جور و تعدی کے درپے نہو
دنما ساتھ اسکے ہی بیداد تھا
ہمیشہ زر و سیم رہتا نہین

نہ اپنا سمجھ ملک و دیہیم کو
سمجھ خاک لعل و زر و سیم کو
نہ بیجا رہے پر جور و بیداد کر
خداوند جان آفرین سے بھی ڈر
گزند غریبان نہ کر تو پسند
نہ بدنام ہو ای شاہ ارجمند
تو جمشید کو مجھ سے مت کر جدا
وگرنہ مرے تن سے کر سر جدا
یہ کہکر وہ رونے لگی زار زار
فغان بس لگی کرنے بے اختیار
ہوئی بسکہ گریہ کنان نازنین
تو رحم آگیا باپ کو بس وہین
یہ بولا کہ ای دخت والا تمیز
مجھے تیری خاطر بہت ہے عزیز
تو خاطر کو رکھ جمع شام و سحر
کہ اس کام سے مین نے کی در گذر
اذیت نہ جم پر رکھونگا روا
نہ ہرگز گزند اسکو پہونچاؤنگا
اسے بلکہ دونگا ملک و مال و سپاہ
زیادہ کرون عز و توقیر و جاہ
یہ کہہ جا کے میری طرف سے شتاب
کہ ای بادشاہ ثریا جناب
سحر مین بھی آؤنگا تیرے حضور
غم و فکر کو رکھ تو اب سے دور
ہوئی شاد وہ دختر دلستان
گئی پیش جمشید وہ مہ وہان
سنا تھا جو کچھ باپ سے سو کہا
دل شاہ کو مطمئن کر دیا
فروزاں ہوا جبکہ نور سحر
ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
گیا پیش جم شاہ زابلستان
جھکا کر سر اپنا پھر اسنے وہان
کہا یون کہ ای شاہ عالی وقار
نہ ہو بدگمان مجھ سے اب زینہار
یقین جان تو جب تلک زندہ ہون
یہ دختر کنیز اور مین بندہ ہون
نہ دنیا کا کچھ اندیشہ کو دل مین راہ
کہ خدمت مین حاضر ہون شام و پگاہ
دلاسا وہ دیتا تھا شام و سحر
ولے جی مین جمشید کے تھا خطر
یہی قصد تھا یان سے ٹل جائیے
ملے جبکہ قابو نکل جائیے

گریختن جمشید از زابلستان بطرف ہندوستان و گرفتار آمدن از راہ بدست مردمان ضحاک و کشتہ شدن او

بہت دن رہا شہر زابل مین جم
ولے دل کو تھا اسکے آرام کم
وہ دلدار بھی رات دن اسکے پاس
وہ تسپر بھی رہتا تھا اکثر اداس
رہے تھا شب و روز اندیشہ مند
کہ پہونچے مبادا یہان کچھ گزند
کسی نے کہا اے شہ بے نظیر
یہ چاہے ہیں یاں کے وزیر و امیر
کہ تجھ کو پکڑ کر یہ حال تباہ
روانہ کرین سوے ضحاک شاہ
نہیں تو وہ لشکر ادھر کھینچ کر
کریگا تبہ ملک کو سر بسر
ہوا جب خبردار اس بات سے
گریزان ہوا شاہ جم گھات سے
وہ زابل سے چلکر سو چین گیا
ولیکن وہاں بھی بہت کم رہا
وہان سے سوے ہند راہی ہوا
بیابان نورد و تباہی ہوا
جو گھبرا گیا راہ کے رنج سے
گیا بیٹھ سایہ مین اک نخل کے
وہ از بسکہ تھا اپنے جی سے بتنگ
لگا بخت ناساز سے کرنے جنگ
کہ ای بخت کمبخت کیا جور ہے
بھلا یہ بھی ظالم کوئی طور ہے
خراب اور آوارہ مجھ کو کیا
ملا خاک مین ہائے تونے دیا
ہوا پھر مخاطب سوے فلک
کہ ای چرخ بیداد یہ کب تلک
یہانتک پھرو نہین تباہ و خراب
کہاں تک ہون یونہیں بے صبر و تاب
یہ ناسازی بخت ہے سر بسر
کہ سرگشتہ ہون تو مین شام و سحر
رقم نہ آتا مین مستی مین کاش
نہ ہوتا مجھے یہ غم جان خراش
یہ کرتا ہوا زاری و آہ جم
ہوا سے ذرا سو گیا ایک دم
سے آگیا خواب اور ناگہان
ہوا فتنۂ خفتہ بیدار وان
اجل بھی کمینگاہ مین تھی کہین
سو وہ آ گئی اسکے سر پر وہین
غرض ایک ضحاک کا ایلچی
کہ ساتھ اسکے تھوڑی سی تھی فوج بھی
وہ تھا سوے خاقان چین رہ سپر
کہین اتفاقاً جو گذرا ادھر
جم کو پہچان اسنے لیا
گرفتار بس اسکو وہین کیا
بحال پریشان و بند گران
کیا سوے ضحاک جم کو روان
کسی کا نہیں یہ جہان دوستدار
کسی کا نہیں چرخ گردندہ یار
عبث ہے جو دولت پہ پھولے کوئی
طرح گل کے شادی سے پھولے کوئی
دولت بھی ہے آہ ناپائدار
نہ دنیا کو ہے کچھ ثبات و قرار
ذرا دیکھنا حال جمشید کا
کہ تاج و کلاہ اسکا گردون پہ تھا
ہوا یون گرفتار زنجیر بند
اسے چرخ گردان سے پہونچا گزند
خبر سن کے بولا یہ ضحاک شاہ
کہ ہان جم کو لاؤ بحال تباہ
جبکہ جم آگے ضحاک کے
پس پشت تھے ہاتھ دونون بندھے
فقط باندھیو نہین کچھ نہ زنجیر بھی
بندھی تھی رسن اسکی گردن مین بھی

الم سے تمام اُسکا چہرہ تھا زرد
خوشی سے وہ ضحاک بیداد گر
پر اب اسطرح کیون ہوا خوار تو
کہان بادشاہی و تاج و علم
جواب اُسکو جمشید نے یہ دیا
نہ مغرور دولت پہ ہو اسقدر
کریگا فلک تجھکو خوار اسطرح
گرون یا قلم سر کو شمشیر سے
یہ گفتار سُن کے لگا کہنے جم
یہ ضحاک نے پھر کسی کو کہا
تبر آرہ سے چیر اُسے بس یہان
نہیں دور فلک کا ہے کچھ اعتبار
ہر اک دم ہے موجود یان سازِ مرگ
جب اُس نازنین کو یہ پہونچی خبر

گرفتار خواری تھا وہ نیک مرد
ہوا خندہ زن حالت دیکھکر
خرابی مین کیون ہے گرفتار تو
کہان لشکر و فوج و جاہ و حشم
کہ مجھ سے نصیبا جو یون پھر گیا
ذرا روز بد کا بھی اندیشہ کر
کہ دیکھے ہے تو مجھکو اب جسطرح
یہ دن تیرے تن کو یا تیرے
کہ اسوقت مجکو نہین کچھ ہے غم
کہ چیرو اسے ایک آرہ منگا
ہوئے ایک جم کے دو پیکر جہان
کہ پھرتا ہے یہ لیل و نہار
سدا گوش زد ہے بس آواز مرگ
تو رنج و الم سے ہوئی نوحہ گر

اُٹھاتا نہ تھا شرم سے سر وہان
لگا کہنے ظالم یہ جمشید سے
ہوا کس لیے تجھ سے برگشتہ بخت
کہان حکمرانی کہان گیر و دار
تو سمجھا ہے اس بختیاری پہ ناز
تجھے بھی یہ پیش آئیگا ایک روز
لگا کہنے پھر یون وہ بیداد گر
ذرا کہہ کہ کیا ہے تری آرزو
قضا نے یہ چاہا تو کیا خوف و باک
وہ دو تختے لایا اور اک آرہ بھی
جہان سے عبث ہے امید وفا
جو ہوا جمشید اُسکو یہ چرخ دون
خبر یہ گئی سوئے زابلستان
نہ آنکھون مین خواب اور نہ دل مین قرار

اور آنکھون سے تھے اُسکے آنسو روان
فزون تھا ترا رتبہ خورشید سے
کہان ہے ترا اب وہ دیہیم و تخت
کہان وہ ترے رسم و آئین کام
عبث ہے بھر اس تاجداری پہ ناز
رہیگا نہ تیرا سدا نیک روز
کہ کھینچون تجھے اِسگھڑی دار پر
وہ منظور ہے جو کہے مجھ سے تو
تو جسطرح چاہے مجھے کر ہلاک
شہ جم کو تختے سے باندھا ابھی
کہ بے مہر ہے اور سراپا خطا
گرے آخر کار یون سرنگون
ہوا قتل جمشید شاہ جہان
لگی رہنے بیتاب لیل و نہار

اسے کام تھا اشکباری کے ساتھ
سدا شغل تھا آہ و زاری کے ساتھ

نہ تھی آشنا وہ خور و خواب سے
وہ بیگانہ تھی صبر اور تاب سے

اُٹھایا بہت انسے بیداد دہر
پھر آخر کو وہ مر گئی کھا کے زہر

دو ہمشیر تھین شاہ جم کی کہین
اُنھین لوگ لائے پکڑ کر وہین

کہے خلق تھی ایک کو شہرناز
اور اس دوسری کا تھا نام ارنواز

اُنھین شاہ ضحاک نے کر طلب
رکھا اپنے گھر مین بلطف و طرب

خواب دیدن ضحاک و ترسیدن ازان خواب ہولناک

وہ ضحاک تازی پس از قتل جم
جہان مین لگا کرنے جور و ستم

گئے قتل اور گاہ غارت گری
ہوئی تازہ رسم ستم پروری

دم و جوان کو وہ بےخوف و باک
طلب کرکے ہر روز کرتا ہلاک

وہ ہوتے غریب اور یا ارجمند
روا جان پر اُنکی رکھتا گزند

غرض مغز کو انکے لیکر تمام
کھلاتا وہ سانپونکو ہر صبح و شام

لگا کرنے بیداد وہ بےحساب
پھر اُسنے کہین رات کو ایک خواب

یہ دیکھا کہ پیدا ہوئے تین گرد
اور انمین سے دو مین کلان ایک خرد

کیا حملہ تینون نے ضحاک پر
ہوا جس سے عاجز وہ بیدادگر

وہ گرد دلاور کہ تھا نوجوان
سہ اُسنے وہین ایک گرز گران

جو مارا سر شاہ ضحاک پر
تو یکسر پریشان ہوا مغز سر

ستمگر کے ہاتھ انکو باندھا شتاب
رسن ڈال گردن مین کھینچا شتاب

اُسے لیگئے کھینچ بالائے کوہ
کیا سخت اُسکو زبون و ستوہ

ہوا دیکھ کر خواب ہولناک
ہوا دل کو اندیشۂ خوفناک

کیا خواب مین اسقدر آہ و فغان
کہ لرزان ہوا سر بسر وہ مکان

ہوئے وہین بیدار اہل حرم
دل اُنکا ہوا ہول سے پر الم

لگے پوچھنے شاہ سے کیا ہوا
یہ فرماؤ کیا فتنہ برپا ہوا

فغان خواب مین کیون کیا اسقدر
لگے کانپنے جسطرح دیوار و در

یہ ضحاک بولا جو یہ داستان
سنو تم تو یکسر پریشان ہو جان

مری زندگانی سے ہو ناامید
نشاط جوانی سے ہو ناامید

کہا اُسنے پھر قصۂ خواب شب
یہ ٹھہرا کہ ہو جلوہ گر صبح جب

تو آخر شناس آ کے حاضر ہوئے یان
کرین اُسکی تعبیر یکسر بیان

جو تابان ہوا چرخ پر آفتاب
تو حاضر ہوئے موبدان ان شتاب

سنی داستان خواب کی یک قلم
گئے ہوش اور ہو گیا بند دم

یہ دریافت دانشورون نے کیا
ہوا بخت برگشتہ ضحاک کا

زوال اُنکی دولت کا پہونچا قریب
ہوئی اسکو بے دولتی اب نصیب

ولے خوف جانسے وہ خاموش تھے
نہ زنہار اُنکے بجا ہوش تھے

یہ اندیشہ تھا گر کہین راست اب
تو ہوئے شہ نامور پر غضب

ابھی جان پر اپنی پہونچے گزند
نہ کہتے تھے کچھ اسلئے ہوشمند

دیا تین دن تک نہ ہرگز جواب
بیان کی نہ زنہار تعبیر خواب

جو روز چہارم ہوا شہ خفا
تو ناچار یون موبدان نے کہا

گرامی شاہ اقبال راہی ہوا
تہی تجھ سے اب تخت شاہی ہوا

ہوئی عمر آخر بس آیا زوال
ہوا تو گرفتار رنج و ملال

فریدون کوئی شخص ہوگا شاہ
بصد شوکت و حشمت و عز و جاہ

وہ ممتاز نسل کیان ہو دیگا
وہ فرمانروائے جہان ہوگا

کہین ہو دیگی گاو پرمایہ ایک
سو پائیگی اُسکو باآئین نیک

ہوا لیکن اب تک وہ پیدا نہین
کچھ آثار اُسکا ہویدا نہین

کہا شہ نے پھر خواب مین کستے ہان
سے سر پہ ماراہی گرز گران

لگے کہنے یون عاقل و ہوشیار
فریدون ہی ہوگا وہ ای شہریار

وہ ماریگا اک گرزہ گاوسر
کریگا تجھے پایہ سے آکے بدر

یہ پوچھا پھر اُسنے کہ ظاہر کرو
فریدون مرا کیون بداندیش ہو

وہ سمجھے کہ ہی شاد بےخوف باک
کریگا پدر کو تو اُسکے ہلاک

غرض تجھ سے چاہیگا خون پدر
کریگا تجھے قتل وہ آن کر

سنی شاہ نے جب یہ تعبیر خواب
ہوا اور دم غم سے وہ بے صبر و تاب

نہ تک ہوش قائم رہے شاہ کے
زمین پر گرا بس وہ مین تخت سے

جو ہوش اُسکے آئے بجا
تو پھر تخت پر پانون اُسنے رکھا

ولے بے خور و خواب رہنے لگا
شب و روز بیتاب رہنے لگا

نشان فریدون کی تھی جستجو
لگے ہاتھ دشمن یہ تھی آرزو

کیے لوگ چار و طرف کو روان
کرین جستجو تا بہ گرد جہان

کیا حکم یون شاہ ضحاک نے
دیا سبکو فرمان یہ ناپاک نے

کہ نسل کیان سے جسے پاؤ تم
گرفتار کرکے یہان لاؤ تم

داستان تولد شدن فریدون

سناؤن فریدون کی اب داستان
بخوبی کرون مین یہ قصہ بیان

ملکزادہ اک آبتین نام تھا
خردمند اور نیک انجام تھا

وہ تھا نسل مین شاہ طہمورثی
خطا اصل مین اسکے ہرگز نہ تھی

گرامی تبار و خجستہ نژاد
پدر بر پدر شاہ فرخ نہاد

ہمیشہ تھا ایرانمین مسکن گزین
دبے گھر سے نکلے تھا باہر نہین

کہ ضحاک ناپاک کے ڈرمان
کیانی کو بس دیکھ پاتے جہان

تو لیجاتے اسکو گرفتار کر
یہی جی مین تھا خوف شام و سحر

رہے تھا وہ پوشیدہ گھر مین مدام
کہین آنے جانے سے تھا کچھ نہ کام

اسے جاودان بیم ضحاک تھا
دل اسکا شب و روز غمناک تھا

اور اسکی تھی اک زوجۂ سیم فام
کہ فرزانگ اس زن کا تھا نام

ہوئی وہ زن مہروش باردار
ہوا اس سے پیدا پھر اک مہ عذار

جبین سے عیان اسکی شان مہی
نمودار تھا فر شاہنشہی

فریدون رکھا باپ نے اسکا نام
اسے دیکھکر دل ہوا شاد کام

پھر اس آبتین نے یہ جی مین کہا
کہ دل بیٹھے بیٹھے تنگ آگیا

نکل گھر سے چلیے بس اب سوئے دشت
وہان چلکے کیجے ذرا سیر دشت

یہ کہکر دہین سوئے صحرا گیا
لگا پھرنے اور سیر کرنے لگا

ادھر ناگہان لوگ ضحاک کے
جو پہونچے تو پہچانکر بس اسے

گرفتار کرکے بحال تباہ
وہین لیگئے پیش ضحاک شاہ

کیا قتل آخر اسے شاہ نے
کیا یہ ستم ہائے بدخواہ نے

فریدون کی مان کو یہ پہونچی خبر
تو اندیشہ دل مین ہوا بیشتر

نہ اس سرزمین مین رہی زینہار
کہ رہتی جہان تھی وہ لیل و نہار

وہان سے شتابی سے ٹل وہ گئی
فریدون کو لیکر نکل وہ گئی

کہین ایک دلچسپ تھا مرغزار
وہ پہونچی وہان با دل سوگوار

وہان کا نگہبان تھا حق شناس
اور ایک گاؤ پر شیر تھی اسکے پاس

کہ برمایہ تھا نام اس گاؤ کا
غریبون کو شیر اسکا بس نفع تھا

غرض مالک گاؤ نے زود تر
پلایا فریدون کو شیر اسقدر

کہ بس ہوگیا سیر وہ شیرخوار
نہ خواہش رہی شیر کی زینہار

وہان ایک شب وہ زن نیکذات
رہی اور آخر ہوئی جبکہ رات

تو وسواس یہ آگیا ناگہان
کہ چلیے کہین اور رہیے نہ یان

مبادا کوئی یان نہ پہچان لے
مری اور اس طفل کی جان لے

ولیکن جو غمگین رہتی مدام
ہوا شیر تھا خشک اسکا تمام

وہ سوچی کہ یہ کودک شیرخوار
نہ زندہ رہے شیر بن زینہار

وہ طفل ان دنون دودھ پینے کا تھا
شب و روز سوچ اسکے جینے کا تھا

وہ ناچار ہوکر بہت ہیجواس
گئی دوڑ کر اس نگہبان کے پاس

لگی رونے وان جا کے بے اختیار
کیا اسکے آگے بہت انکسار

یہ کہنے لگی ایک دلخستہ ہون
بصد رنج و اندوہ وابستہ ہون

یہ بچہ ہی بیچارہ و بے پدر
تو کر پرورش اسکی شام و سحر

ٹھکانا نہین اور پاتی ہون مین
ترے پاس اب چھوڑ جاتی ہون مین

اسے گاؤ برمایہ کا دیجو شیر
کہ پروردہ ہو کودک دلپذیر

قبول اس جوانمرد نے سب کیا
فریدون کو لے پاس اپنے رکھا

ہوئی وانسے رخصت اسے سونپکر
نہ دیکھا ذرا اسنے پھر کر ادھر

روان سوئے البرز وہ زن ہوئی
رہی جا کے وان اور امین ہوئی

یہان مالک اس گاؤ برمایہ کا
فریدون پہ رکھتا تھا شفقت روا

اسے جانتا تھا بجائے پسر
وہ کرتا تھا شفقت بجائے پدر

وہ مصروف تھا پرورش مین مدام
پلاتا تھا شیر اسکو ہر صبح و شام

گئے جب گذر الغرض تین سال
فریدون کی مان کو یہ آیا خیال

سو مرغزار اب ذرا جائیے
وہان سے فریدونکو لے آئیے

ہوئی کوہ البرز سے وہ روان
مسافت کو طے کرکے آئی دوان

کہا اسنے آکر کہ اے مرد پیر
مجھے دے مرا کودک دلپذیر

کہ البرز مین یانسے لیجاؤن اب
رکھون پاس اپنے اسے روز و شب

وہ بولا کہ ہی یہ ابھی خرد سال
اسے ہووے گی وان اذیت کمال

نہ لیجا تو ویرانے مین طفل کو
گزند اسکو کچھ پہونچے ایسا نہو

وہ کہنے لگی یون کہ ای مرد نیک
مرے دل مین گذرا ہے وسواس ایک

خدا کیطرف سے ہوئی رہبری
کہ رکھنے مین یان کے نہین بہتری

یہ کہکر اسے لیگئی بس وہان
جہان اسکا البرز مین تھا مکان

ہوئی شاہ ضحاک کو یہ خبر — کہ بیشے مین ہی آبتین کا پسر
نگہبان کو اور گاؤ کو کر ہلاک — کیا ظلم اُسنے یہ بیخوف و باک
نشان کچھ نپایا فریدون کا جب — کیا سارے ایوان کو مسمار تب
کہ آنے سے ضحاک کے بیشتر — اُسے لیگئی یان سے مان آنکر
فریدون کو وہ لیگئی اُسکے پاس — کہا یون کہ اے مرد ایزد شناس
سر عجز سے پھر فریدون کا سر — رکھا مادر درویش کے پاؤن پر
جو کچھ قوت اُسکو پہونچا بہم — تو دیتا وہ دونکو برنج و غم
خداوند روے زمین ہو یگا — شہنشاہ باداد و دین ہو یگا
کرے گا یہی قتل ضحاک کو — جہنم کو بھیجے گا ناپاک کو
کہ بدخواہ سے تخت و دیہیم لے — ظفرمند ہو ہفت اقلیم لے
فریدون نے صحرا مین مسکن کیا — نہ زنہار کچھ خوف دلمین کیا
کیا شاہ ضحاک نے کیون ہلاک — ملایا اُسے کیون نہ خون و خاک
کہا سوئے ضحاک بیداد گر — مین لب جاکے لیتا ہون خصم پدر
تو بیکس ہی کچھ اُسکے ہمسر نہین — ترے پاس لشکر نہین زر نہین
ذرا صبر کر تو بالطاف رب — جو کچھ چاہیے سو مہیا ہو سب
فریدون یہ سنکر ہوا خشمگین — یہ پاسخ دیا اپنی مان کو وہین
مددگار میرا ہی پروردگار — نہین خوف ضحاک سے زینہار
کیا گرز سے اُسنے ہر اک کو پست
طلبگار نیزہ وہ رستم ہوا
شہ جادوان سے ہوا رزم جو
تو حیران رہا رستم کینہ خواہ
ہوا رزم جو شاہ مازندران
ہوا شاہ مازندران سرنگون
کہ جتنے ہین ایران کے زور آوران
ہلا بھی نہ اُنسے ہوئے سب ستوہ
خوش و خرم و آفرین خوان تمام
کہ شاہنشہ نامور تھا جہان
رہائی نہین اب تری جنگ سے
جو نکلا تو کاؤس شاہ جہان
کیا پارہ پارہ اُسے بیدریغ
پریشان ہوئے زیر چرخ کہن
ہوا جلوہ گاہ شہ دین پناہ
ہوا دور یکدست پھر دل سے رنج
سو بخشش و جود نائل ہوا
بعہد محبت و شفقت بقیاس
حضور جہاندار کر کے طلب
یہ ہی لائق عزت و برتری
ز روئے عنایات اولاد کو

صف آرا ہوئے جا کے میدان مین
لگا جبکہ اک زخم نوک سنان
ہوا گرم ہنگامہ کشت و خون
ہوا گیر ہو کر غبار زمین
بشمشیر و گرز و سنان و خدنگ
کہ یا رب مرے ہمقرین ہو ظفر
یہ سُن کر شہنشاہ فرخ نہاد
تہمتن سو شاہ مازندران
کشادہ ہوئی راہ جب سربسر
وہین گیو نیزہ وہان لے گیا
وہ قوت تھی جادو کی ہنگام جنگ
بہونچکر وہین شاہ کاؤس کو
تو مین نے کیا زخم نیزہ رہا
ولیکن یہ حائل ہوا ایک کوہ
اُٹھا لاوین اُس کوہ کو زود تر
پھر آخر کو وہ رستم پہلوان
خوشی سے سر رستم نامدار
خروشان ہوا شیر زسوئے سنگ
وگرنہ ابھی لے کے تیغ و تبر
لگا کہنے کچھ اسمین لاؤ نہ باک
جو کشتہ ہوا شاہ مازندران
بفیروزی و فتح شاہ جہان
ہوئے مردم شہر و دیوان تمام
سپاس و عنایات و لطف خدا
در بے بہا خلعت پر گہر
تہمتن کو دے کر کیا سرفراز
کیا عرض رستم نے اے بادشاہ
حکومت یہان کی اسے دیجیے
کیا حاکم شہر مازندران

ہوا حشر برپا پھر اک آن مین
رہی دیو کے پھر نہ قالب مین جان
ہوئی خون سے یکسر زمین لالہ گون
گیا تا سر سقف چرخ برین
رہا گرم یک ہفتہ بازار جنگ
زبون ہو دین دیوان بیدادگر
گیا سوئے نادر وگہ شاد شاد
شتابان ہوا مثل پیل دمان
گیا راست تب رستم نامور
تہمتن کو جا کر حوالے کیا
شہ جادوان بن گیا شکل سنگ
یہ بولا کہ اے شاہ فرخندہ خو
اور اسدم یہ بیلین گمان پھر ہوا
یہان سخت حیرت مین ہی اک گروہ
یہ سُنکر وہ زور آوران سربسر
اُٹھا لے چلا وا اُنسے کوہ گران
بہت گوہر و زر کیا وان نثار
تہمتن یہ بولا کہ ہان بیدرنگ
کرون ٹکڑے اُس کوہ کے زود تر
ملا داب اُسکو نہ خون و خاک
ہزیمت پڑی فوج کے درمیان
ہوا داخل شہر مازندران
پرستار شاہنشہ ذوالکرام
جہاندار کاؤس لایا بجا
زر و ملک و اسپان با زین و زر
ہوا پہلوان کا فزون امتیاز
یہ اولاد ہی بندۂ نیک خواہ
جہان مین سرافراز اب کیجیے
فزونی ہی مین ہو کی توقیر و شان

وہ گستہم اور طوس عالی وقار
وہ گودرز اور گیو جنگی سوار
یہ جتنے تھے گردان جنگ آزما
زر و ملک اُن کو عنایت کیا

داستان لشکر کشی کردن کیکاؤس بر شاہ ہاماوران و ہزیمت خوردن شاہ ہاماوران و دادن دختر خود کیکاؤس را

بتائید اقبال و نیروے بخت
جو مازندران سے گیا تاج و تخت
تو پھر سوے ایران بفتح و ظفر
روانہ ہوا خسرو نامور

ہوئی ایک عالم کو یہ آگہی
کہ باشوکت و فر شاہنشہی
خدیو جہانگیر کاؤس کے
بلند اقتدار و زبردست ہی

کیا جسنے تسخیر مازندران
ہوے خیل دیوان پر اب حکمران
ہوے سرکشان سن کے اندیشہ مند
مبادا کہ ہم کو نہ پہونچے گزند

سہبت بادشاہان گردن فراز
ہوے گام فرسائے راز و نیاز
ہر اک نے زر و گوہر و طوق و تاج
حضور اُسکے بھیجا برسم خراج

اطاعت پہ جسنے نہ باندھی کمر
تو اُنکی ولایت کو پہونچا خطر
بہت نجروان شہ نے سجدے کیے
مکان ملک توران کے اکثر لیے

نہ لیکن ہوا شاہ ہاماوران
مطیع شہنشاہ کشورستان
نمایان ہوئی اُس سے جب سرکشی
تو کی شاہ نے اُسپہ لشکر کشی

کیا اسقدر پہلوانوں نے تنگ
کہ ہرگز رہا پھر نہ یاراے جنگ
وہ رکھتا تھا اک دخت سودابہ نام
صنوبر قد و گل رخ و لالہ فام

جہاندار اُسکا ہوا خواستگار
نہ انکار اُس نے کیا زینہار
بندھا عقد باہم برسم شہان
ہوا شاہ کاؤس پھر مہربان

رہا ملک ہاماوران برقرار
مراعات کی اور بھی بے شمار
پیام سپہدار ہاماوران
یہ آیا حضور شہ خسروان

کہ تشریف اب قلعہ میں لائیے
یہانتک قدم رنجہ فرمائیے
قبول اب مری میہمانی کرو
مرے حال پر مہربانی کرو

کیا شہ نے منظور اسبات کو
ولیکن وہ دلدار فرخندہ خو
قبولی کہ اے خسرو نامدار
مرے باپ کا کچھ نہیں اعتبار

وہ کمبخت ظالم سیہ کار ہے
بڑا ہی دغاباز و مکار ہے
نجاؤ غرض قلعہ کے درمیان
کہ ہرگز نہیں خوب جانا وہان

داستان مہمان نمودن شاہ ہاماوران کیکاؤس را و گرفتار نمودنش و خبر یافتن رستم و نامہ نوشتن آن بشاہ ہاماوران

ہوا جا کے مہمان شہ کامگار
گئے ساتھ اُسکے کئی نامدار
وہان سات دن لطف و شوق افزا رہا
نہ وسواس و اندیشہ ہرگز کیا

تمنا سے سالار ہاماوران
برآئی کہ آیا وہ شاہ جہان
شب و روز خدمت میں حاضر رہا
جو کچھ شرط خدمت تھی لایا بجا

کہوں کیا کہ خدمت سے خوشدل کیا
شہنشہ کو حیلے سے غافل کیا
کیا قید پھر شاہ کاؤس کو
کیا بند گودرز اور طوس کو

ہوا جب گرفتار کاؤس شاہ
تو راہی ہوئی سوے ایران سپاہ
یہ سنکر سپہدار افراسیاب
سپہ لیکے توران سے پہونچا شتاب

تصرف کیا آکے ایران میں
کیا ملک تسخیر اک آن میں
بزرگان ایران نے پھر زینہار
اطاعت نہ کی ترک کی اختیار

گئے زابلستان میں رستم کے پاس
شکستہ دل و پر غم و بیحواس
کیا جا کے احوال سارا بیان
کرے تاکہ تدبیر کچھ پہلوان

سنا جبکہ رستم نے یہ ماجرا
تو یون شاہ ہاماوران کو لکھا
سنا ہوگا احوال مازندران
کہ نیروے بازو سے میرے وہان

ہوا شاہ مازندران بھی ہلاک
ملے دیو سرکش تہ خون و خاک
تجھے بھی یہ لازم کہ کاؤس کو
باعزاز و اکرام یان بھیج دو

وگرنہ سواران زابلستان
نچھوڑینگے ہاماوران کا نشان

جواب نامہ نوشتن شاہ ہاماوران برستم و روانہ شدن رستم بہاماوران و جنگ کردن و ظفریاب شدن کیکاؤس شاہ

لکھا اسنے پاسخ کہ کاؤس کی
پڑھا جبکہ نامہ کا اپنے جواب
مخالف نے پھر جمع لشکر کیا
کیا پہلوانوں نے مبارز طلب
ہوا شاہ ہاماوران پُر غضب
سراسیمہ وہ بھی گریزان ہوئے
جو دیکھا کہ بیدل ہی سارے سپاہ
سو تارک سر و در مصر ہا
تہمتن نے پھر اُسپہ ڈالی کمند
سپہ سب کے پھر حملہ آور ہوا
تباہ و پراگندہ لشکر ہوا
تہمتن سے پھر شاہ ہاماوران
جہاندار کاؤس با کرد و فر

نہایت ہی دشوار اب مخلصی
تو پھر زابلستان سے جوں موج آب
شہ مصر و بربر کو یاور کیا
کر جی جا ہے جسکا مقابل ہوا تب
گئے پہلوانان بھی ناچار تب
یلان ہر سہ کشور ہراسان ہوئے
تو غیرت سے پھر مصر و بربر کے شاہ
گیا گرز رستم سے جبکہ دم رہا
ہوا الغرض وہ گرفتار بند
تنابان سہ فوج بربر ہوا
گرفتار پھر شاہ بربر ہوا
ہوا آزردہ مند امن و امان
ہوا تخت شاہی پہ تب جلوہ گر
روان سوے ایران ہوا بادشاہ

اگر تو بھی آوے یکا میدان مین
روانہ ہوا سوے ہاماوران
غرض با سپاہ گران ہر سہ شاہ
ہوا دلمین ہر اک کے پیدا خطر
کیا قصد رستم نے پیکار کا
پھر آیا نہ میدان مین اک سوار
گئے سامنے پہلوان کے دلیر
بجا کردہ ضرب اسکی بھاگا وہین
شتابی سے کر زین سے اسکو جدا
گریزان سواران بربر ہوئے
نہ تنہا ہوا شاہ بربر اسیر
ہوئی شاہ کاؤس کی مخلصی
سپاہ سہ کشور بصد آرزو
زیادہ تھی شش لاکھ سے بھی سپاہ

تو ہوگا گرفتار اک آن مین
یل پیلتن لے کے فوج گران
تہمتن سے آگر ہوے کینہ خواہ
کیا رزم سے اسکی سب نے حذر
لیے جبکہ رستم نے حملہ کیا
مقابل نہ کوئی ہوا زینہار
مقابل ہوا وہ بھی مانند شیر
لُٹے بخت سے تھا دوبارہ نہین
اُسے گرد مان کے حوالے کیا
نہ یک لحظہ وان رزم آور ہوئے
جہل شاہ مداران ہوے دستگیر
چھٹے قید سے طوس و گودرز بھی
ہوئی ہر کا باشندہ نا مجو

مراجعت فرمودن کیکاؤس شاہ بسمت ایران و بجنگ آمدن افراسیاب والی توران و ہزیمت او از دست رستم

جب آیا جہاندار عالی جناب
سپہدار توران نے پھر یوں کہا
کرون صاحب تاج و افسر اسے
پھر آیا سو رستم افراسیاب
تو سالار توران ہراسان ہوا
ہوے کشتہ تورانیان یان تلک
ہوا ملک ایران مین پھر بند و بست
مکان بائے نادر بزیر فلک
سوا اسکے ہر جا تھے شیشے لگے
ولیکن یہ تنگ آ گئے تھے تمام

سپہ لیکے پہونچا تب افراسیاب
گرائے پہلوانان جنگ آزما
سوا اُنکے دو ان اپنی دختر سے
ولیکن نہ ہرگز ہوا کامیاب
سراسیمہ وانسے گریزان ہوا
گر کشتو نکے پشتے ہوئے تا فلک
جیسے سرکشان جہان خوب بست
بنائے بہت کوہ البرز تک
جہاندار کاؤس کے حکم سے
وہ ناچار اس فکر مین تھے مدام

صف جنگ آراستہ وان ہوئی
پکڑ لائے رستم کو گر کوئی مرد
یہ سن کر کئی مرد میدان مین
یل پیلتن لے کے گرز گران
دلیروں نے پھر کھینچکر تیغ کین
گیا سوے توران پھر افراسیاب
ہوے شہ کے محکوم دیو و پری
کرون اُن مکانوں کی تعریف کیا
غرض دیو فرمائش بادشاہ
کہ شہ کو کسی طرح کیجیے ہلاک

جہانمین قیامت نمایان ہوئی
کرے قتل یا آکے وقت نبرد
گئے اور ہوے کشتہ اک آن مین
ہوا جبکہ میدانمین حملہ کنان
ہزاروں کیے قتل ترکان چین
ہوا شاہ کاؤس کے تحت اب
لگے کرنے جوں بندگان چاکری
کہ تھا ہر مکان زر و یاقوت کا
سرانجام کرتے تھے شام و پگاہ
جہانمین رہیں نہ کہ بخوف و باک

پھر ابلیس سے بنکے دژخیم دیو
گیا ابلیس وہین پیش گیہان خدیو

کیا عرض اے بادشاہ جہان
تو ہی خسرو خسروان زمان

دنے حیف ہے یہ کہ راز فلک
نہین تجکو معلوم کچھ ابتلک

کواکب کی گردش کا بھی راز نہان
نہین تجھ پہ احوال کچھ آشکار

اگر تو ہو عازم سوے آسمان
تو ظاہر ہو یکدست راز نہان

سنی بات جب دیو گمراہ کی
تو گم ہو گئی عقل پھر شاہ کی

یہ کہنے لگا اُس سے پھر تاجور
کہ تو لے چلیگا مجھے چرخ پر

تو مین تجکو انعام دون بے شمار
زیادہ کرون عزت و افتخار

وہ بولا کہ تدبیر اُسکی کرون
سر چرخ پر آپ کو لے چلون

رفتن کاؤس شاہ بہ سیر آسمان و افتادن بدشت چین و آوردن سواران در ایران و باز بر تخت نشستن

گیا پیش ابلیس دژخیم دیو
کہا یون کہ راضی ہے گیہان خدیو

ولے اُسکی تدبیر فرمایئے
کہ گردون پہ کس طرح پہنچایئے

بتائی وہین اُسنے تدبیر ایک
کہ نزدیک ابلیس کے تھی وہ نیک

گیا پھر حضور شہ نامدار
عقاب اُسنے جنگل سے منگوائے چار

کھلایا اُنھین گوشت شام و سحر
قوی زور اُنکے ہوے بال و پر

اُنھین ساتھ مردم کے خوگر کیا
کئی روز پھر اُنکو فاقہ دیا

رکھی ران برّہ کے اک نیزے پر
کیا ایک تیار پھر تخت زر

عقابون کو باندھا سر تخت سے
کہا پھر یہ شاہ قوی بخت سے

کہ اب بیٹھئے آپ اس تخت پر
ہوا جلوہ گر خسرو نامور

مگر قصد یہ تھا سر آسمان
کہ ہو رزم آور بہ تیر و کمان

اُڑے تخت کو لیکے چارون عقاب
سوے گوشت پرواز کی پھر شتاب

جہانتک اُنھین زور پرواز تھا
ہوے اوج گیر ابر وے ہوا

نہ ہرگز رہی تاب پرواز جب
سر خاک پر گر پڑا تخت تب

گرا بیشہ چین مین وہ تاجدار
گزند اسکو پہونچا نہ کچھ زینہار

کہ پکڑے ہوئے تھا قوی تخت کو
غرض دشت مین خسرو نامجو

چہل روز غمگین و خستہ رہا
پراگندہ و دل شکستہ رہا

شب و روز روتا تھا وہ زار زار
خدا نے کیا رحم انجام کار

بشارت ہوئی خواب مین رات کو
کہ رکھ جمع خاطر تو اے نامجو

وزیرون نے القصہ کی جستجو
روانہ کیے دیو ہر چار سو

کہی آ گئے دیوون نے پھر یہ خبر
کہ ہے بیشہ چین مین وہ تاجور

روانہ ہوئے تب سران سپاہ
شہنشہ کو لائے سوے تخت گاہ

ہوا جلوہ گر شاہ جب تخت پر
تو گودرز و رستم نے وان آنکر

ملامت بہت کی کہ افسوس ہائے
ہوئی یک قلم گم تری عقل و رائے

ستم ہے کہ ہر بار اے بادشاہ
تو دیتا ہے بدخواہ کو تخت گاہ

ہوا تو گرفتار خواری سہ بار
ولیکن نہ سمجھا ذرا زینہار

بنا خوب کیا تجھ سے کار زمین
کیا پھر جو قصد سپہر برین

یہ سنکر شہنشہ پشیمان ہوا
خجالت سے سر در گریبان ہوا

لگا عذر کرنے وہ شاہ جہان
کیا شغل بیداد و دہش بعد ازان

کیا بسکہ عدل و کرم صبح و شام
شہنشہ سے راضی ہوئے خاص و عام

سر تاجداران تھا گیہان خدیو
پرستار تھے اُسکے فغفان و دیو

جہان مین کوئی شاہ گیتی پناہ
نہ ہرگز ہوا مثل کاؤس شاہ

ولے دہر مین اب جو ہوتا اگر
تو پھر پیش اکبر شہ نامور

کمر باندھتا جادوان بندہ وار
شب و روز ہوتا وہ خدمتگذار

الٰہی یہ شاہ خلائق پناہ
رہے اس جہان مین بہ تیغ و کلاہ

سمند قلم کی مین پھیرون عنان
لکھون آگے سہراب کی داستان

داستان تولد شدن سہراب از بطن تہمینہ دختر والی سمنگان

کہین ایک دن رستم نامدار
گیا دشت مین جو برائے شکار

ہوا سیرک گور کے کھا کباب
کیا پھر وہان اُسنے آرام خواب

کسی سمت سے آ گئے ناگہان
سواران ترکان عیار وہان

تو رستم کے گھوڑے پہ ڈالی کمند
کیا گردن رخش کو زیر بند

گئے جبکہ نزدیک اُس رخش کے — تو اُسنے لگد اور دندان سے
کیے چند کس کشتہ اک آن میں — رہائی ہوئی پھر نہ میدان میں

پکڑ لے گئے ترک واں سے اُسے — کیا جفت اک دیان سے اُسے
ہوا جبکہ بیدار وہ نامجو — نہ دیکھا کہیں دشت میں رخش کو

وہ لیتا ہوا پھر سراغ اسپ کا — پیادہ بسوئے سمنگان گیا
جو شاہ سمنگان کو پہونچی خبر — کہ آیا یہاں رستم نامور

تو وہ بھی پیادہ گیا پیشوا — تہمتن سے جا کر یہ اُسنے کہا
تمہارے ہم ہین فرمانبر و نیک خواہ — خدا ہے ہمارے سخن کا گواہ

ادھر اب قدم رنجہ کیونکر کیا — یہ رستم نے تندی سے پاسخ دیا
مرا رخش لائے ترے مردمان — سراغ اسپ کا مجھکو پہونچا یہان

جہاں ہو وہاں سے تو لا رخش کو — کہ آفت یہان کوئی برپا ہوا
وہ بولا کہ اتنا نہ گھبرائیے — نہ تندی کو اب کام فرمائیے

کرم کیجئے میرے ایوان پہ اب — بسر کیجئے اب بعیش و طرب
رکھو جمع خاطر کہ رخش آپ کا — سحر آپکے پاس آ جائیگا

یہ گفتار سنکر وہ شادان ہوا — سمنگان کے سلطان کا مہمان ہوا
مہیا کیا شہ نے چنگ و رباب — شراب مصفا و نقل و کباب

پس اس دن رات کو ناگہان — نمایان ہوئی اک بت دلستان
سمنبر گل اندام شمشاد قد — پریچہرہ مہ روئے و خورشید خد

جو دیکھی وہ دلدار آئینہ رو — تو حیران رہا رستم نامجو
یہ پوچھا کہ تو کون ہے کیا ہے نام — لگی کہنے تب یوں بت لالہ فام

کہ شاہ سمنگان کی دختر ہوں میں — پریچہرہ و ماہ پیکر ہوں کنیز
مرا نام تہمینہ ہے اے جوان — رہوں جوں پری میں دنیا سے نہان

و لے تیری مُدت سے دیوانہ ہوں — قرار و صبوری سے بیگانہ ہوں
ہوئی والہ سنکر تری خوبیان — خدا سے کیا عہد میں نے کہ ہان

کسیکی نہوں جفت تیرے سوا — تمنائے دل تھی یہی صبح و مسا
کیے تھے تعین بہت مردمان — کہ لاؤں ترے رخش کو اب یہاں

بجا لاؤں میں شکر الطاف رب — کہ وارد ہوا اس مکان میں تو اب
یہ سنکر ترے پاس آئی ہوں وان — کروں تا حقیقت مفصل بیان

غرض جبکہ خورشید ہو جلوہ گر — مرے باپ سے میری درخواست کر
وہ چاہے ہے مجھ سے زیادہ تجھے — کریگا نہ انکار اس بات سے

یہ سنکر وہ رخصت ہوئی [illegible] — ہوا خوش بہت رستم پہلوان
سحر ہو بادشاہ کو کر طلب — تہمتن نے بھیجا یہ پیغام تب

تو لا کر بجا شرط آئین و دین — تہمتن کو دی شہ نے دختر وہین
ہوا اُس سے ہمخواب یکشب جوان — ہوئی حاملہ وہ بت دلستان

کوئی مہرہ سام نریمان کا تھا — سو رستم نے اُسکے حوالے کیا
کہا یوں کہ اے دلبر سیمبر — اگر تجھ سے ہو وے تولد پسر

تو یہ مہرہ تو اُسکے بازو سے باندھ — اگر ہو وے دختر تو گیسو سے باندھ
بیان کیجئے کیا اثر مہرہ کا — کہ ہو پاس جسکے یہ فضل خدا

تو اُسکے مقابل نہو پیل و شیر — وہ ہو مثل سام و نریمان دلیر
طلب رخش اپنا کیا بعد ازان — سوار اسپ پہ ہو کر ہوا پھر روان

جُدائی سے تہمینہ گریان ہوئی — بہت اُسکی خاطر پریشان ہوئی
غرض نو مہینے گئے جب گذر — تو پیدا ہوا نازنین سے پسر

جسم قوی پنجہ مانند سام — رکھا شاہ نے اُسکا سہراب نام
وہ یک ماہ منظر و نمین بسیار تھا — رخ خوب رنگ گل و لالہ تھا

سہ سالہ ہوا جبکہ وہ شیر خوار — لگا پھرنے میدان میں لیکر نشان
ہوا جبکہ وہ سالہ پیلتن — لگے ڈرنے مردان شمشیر زن

تہمتن نے زابل سے تہمینہ کو — سہ یاقوت بھیجے تھے اور لعل و
طلب کی تھی یہ نازنین سے خبر — کہ دختر تولد ہوئی یا پسر

و لیکن بت دلستان نے وہان — لکھا تھا کہ پیدا ہوئی دخت یان
غرض آ کے تہمینہ سے ایک روز — لگا کہنے وہ کودک دلفروز

یہ ہر گز کوئی پوچھے یہان صبح شام — کہ تیرے پدر کا بھلا کیا ہے نام
کہوں کیا میں انکو بتاؤ نہیں کیا — یہ سنکر پریچہرہ نے یوں کہا

ترا باپ ہے رستم پہلوان — پل سیلتن گرد کشورستان
دلیران و گردان روئے زمین — کوئی زینہار اُسکے ہمسر نہیں

ہوئی بعد ازان وہ بت مہ جمال — ثنا گوئے سام و نریمان و زال
سنا جبکہ سہراب نے یہ سخن — تو پھر یوں لگا کہنے وہ پیلتن

کہ بھیجوں کسی کو حضور پدر — کہ پہنچائے دونون طرفکی خبر
وہ بولی کہ اے نور فرخندہ خال — نہ لانا یہ زنہار دل میں خیال

ترا نام سنکر جو رستم تجھے
بلاوے تو پھر رنج و غم ہو مجھے
رکھے ہے ترے باپ سے بغض و کین
یقین ہے کہ وہ تجھ کو چھوڑے نہین
ہوا تند وہ کودک ارجمند
یہ بولا نہین بات یہ دلپسند
سواران ترکان و مردان کار
فراہم کرون لشکر بیشمار
بٹھاؤن تہمتن کو مین تخت پر
کرون اسکو ایران کا تاجور
جو رستم پدر ہے اور مین پسر
نہ دنیا مین کوئی رہے تاجور
ہوا گرم سہراب پھر برق سان
کیا اسپ سنے طلب بعد ازان
پسند اسکو لیکن نہ آیا کوئی
سواری کے لائق نہ پایا کوئی
ہوا انجہ رخش جب و برو
تو شادان ہوا وہ یل نامجو
سوار اسپہ ہوکر یل شیرزاد
نہایت ہوا دل مین مسرور و شاد
سوا اُسکے وہ شاہ افراسیاب
کیا جسکو رستم نے اکثر خراب
غرض یہ ہے بہتر کہ تو زینہار
نہ کر باپ کے نام کو آشکار
رکھو تمین نہ پوشیدہ نام پدر
نہین مجھ کو ہرگز کسی کا خطر
پھر اکدم مین لون تخت کاوس کا
مٹاؤنگی نام و نشان طوس کا
کرون قصد پھر سوے افراسیاب
سر تخت لون اسکا جاکر شتاب
پری چہرہ مانند ابر بہار
یہ گفتار سنکر ہوئی اشکبار
دکھائے اُسے گلے شہ نے تمام
کہ جنمین ہر اک اسپ تھا تیز گام
سر پشت ہاتھ اُسنے جسکے رکھا
شکم اُس ہیونکا زمین سے لگا
اگر وہ بادپا جیت و شایستہ تھا
قوی زور و چالاک و بائستہ تھا

روان شدن سہراب از توران بسمت ایران
برای جنگ کیکاؤس مع ہومان و بارمان و کردن اسیر راہ دار ایران را

جوانمرد نے قصد ایران کیا
مہیا لڑائی کا سامان کیا
لگا کہنے پھر یون کہ اب ہے یہ عزم
کرون شاہ کاؤس سے چلکے رزم
ہوے متفق اُسکے تورانیان
لگے کرنے اغوا اُسے ہر زمان
یہ سُنکر ہوا شاد افراسیاب
پھر اُسنے یہ پیغام بھیجا شتاب
کمر باندھ کر کینہ خواہی پہ چست
کیا قصد ایران جو تونے درست
روانہ کیا فوج کو پھر اُدھر
کیے ہمین سرکردہ دو نامور
یہ افراسیاب اُنسے کہنے لگا
کہ رکھیو ذرا دھیان اس بات کا
پدر سے پسر اور پسر سے پدر
نہ ہو آشنا زینہار ہمدگر
قوی زور سہراب ہے اور دلیر
یقین ہے کرے یہ تہمتن کو زیر
کسی حیلہ سے کیجیو تم ہلاک
اسے بھی ملانا تہ خون و خاک
نہ دشوار تسخیر ایران ہو پھر
ہلاک بد اندیش آسان ہو پھر
سپاہ گران لیکے وہ نوجوان
ہوا سوے اقلیم ایران روان
اکیلا نکل وہ مقابل ہوا
سوئے جنگ سہراب مائل ہوا
یہ سہراب نے اُس سے پوچھا کہ ہان
ترا نام کیا ہے بتا اے جوان
کرون سر کو اب تن سے تیرے جدا
یہ کہکر کیا زخم نیزہ رہا
دلیری سے سہراب نے بعد ازان
روان کرکے پہلو مین اُسکے سنان
وہان ایک تھا گردم پہلوان
اور اُسکی تھی اک دختر دلستان
زرہ پوش مردان جنگ آوران
فراہم کیا لشکر بیکران
سر تخت کاؤس رستم کو دون
سپہدار اقلیم ایران کرون
کہ ہم جانفشانی کو حاضر ہین سب
نچھوڑینگے کاؤس کو زندہ اب
کہ بدخواہ میرا ہی کاؤس شاہ
یہی آرزو اُسکو کیجیے تباہ
تو مین ہون رفیق اب ترا اے جوان
کرون تیرے شامل سپاہ گران
سنو نام اُنکے مجھ سے بیان
کہ ہومان تھا اک دگر بارمان
کہ سہراب رستم سے واقف نہ ہو
تہمتن نہ پہچانے سہراب کو
کرو جہد و کوشش یہ صبح و مسا
کہ سہراب و رستم ہون جنگ آزما
بوقت دغا رستم نامجو
اگر ہے کشتہ تو سہراب کو
جو کشتہ ہون یہ دونون جنگی سوار
رہے پھر کسے طاقت کارزار
سو افوج کو اُسنے بید و دریغ
روانہ کیا پیش سہراب گنج
کوئی قلعہ تھا راہ مین استوار
ہجیر دلاور تھا وان قلعہ دار
مبارز کیا جبکہ اُسنے طلب
گیا سامنے اُسکے سہراب تب
دیا اُسنے پاسخ کہ ہون مین ہجیر
قوی بازو و زورمند و دلیر
بہت زور اُسنے کیا کین سے
ہلا پر نہ سہراب جب زین سے
اٹھا زین سے پٹکا وہین خاک پر
اُسے لیگیا پھر گرفتار کر
سو وہ پہلوانی مین تھی بینظیر
ہنرمند دانا شجاع و دلیر

جہا نہین تھا گردآفرید کا نام
تو مانند مردان شمشیر زن
خردشان ہوئی جبکہ وہ سیمبر
غرض سوے سہراب وہ شیرزن
سنان سے اُٹھایا اُسنے زین سے
سوار اسپ پر ہوکے وہ دلربا
اسیر کمند اُس پری کو کیا
درخشان ہوا جب رخ مہ جبین
تو مین دونگی تجھے گنج و زر بیشمار
گئی قلعہ مین جبکہ وہ نازنین
کہ اس در پہ رہنا نہین خوب اب
شتابی سے توڑا در قلعہ کو
تو سہراب کا دل ہوا بیقرار
گیا پیش کاؤس گردون وقار
تماشا یہ ہے عمر مین خرد ہے
مقابل ہوا جبکہ اُسکے ہجیر
نہ اب مصلحت ہے کہ ای شہریار
کہ ای پیلتن رستم پہلوان
عدو دوز ہے تیری تیغ و سنان
دلیر و قوی پنجہ سہراب نام
سوا تیرے ای پہلوان جہان
ہوا گیو نامے کو لیکر روان
یہ پوچھا کہ ای گیو یہ کر بیان
ردیلمین لگا کہنے وہ پیلتن
وہی طفل شاید کہ ہو یہ جوان
دروغ اسکی مان کیونکہ کہتی یہان
کہ ہو بچہ کی مان ہوکے پانسے شتاب
یہ کہکر کیا جشن ترتیب وان
نہین اب اسمے لازم توقف یہان

ہنر جنگ کے یاد اُسکو تمام
لباس نبرد اُسنے کر زیب تن
تو سہراب حیران رہا دیکھکر
ہوئی جون نگہ اپنی ناوک فگن
سر خاک ٹپکا رہ کین سے
ہوئی مثل مردان نبرد آزما
سمر زین سے پھر ہوئی وہ جدا
تو سہراب عاشق ہوا بس وہین
کہ اس قلعہ مین ہے مرا اختیار
پدر اور برادر سے اُسنے وہین
گریزان ہوے الغرض وقت شب
گیا قلعہ مین پھر یل نام جو
ہوئی خاطر آشفتہ پھر زلف وار
کہا یون کہ اے خسرو نامدار
کم از چاردہ سال وہ گرد ہے
تو وہ لیگیا کرکے وہین اسیر
تو غافل نہ ہو جلد کر فکر کار
یل نامور گرد کشور ستان
جہانگیر ہے تیر اگر زگران
زبون اُس سے ہین پہلوان سب تمام
نہین کوئی اُسکے مقابل یہان
بفرمان شہ سوے زابلستان
اگر کس شکل و صورت کا ہے وہ جوان
کہ جایی تھی ہین نے سمنگا نمین زن
جسے سام نیر کہے ہے جہان
بھلا اب کسلیے مجھسے رکھتی نہان
حضور شہنشاہ عالیجناب
رہے سات دن تک وہ شادی کنان
بجا لائیے حکم شاہ جہان

سُنا جبکہ گردد لاور ہجیر
شتابی سے ہو باد پا پر سوار
گمان لیگیا زن ہے یہ ماہرو
لگی بنجیطا چھوڑنے تیر جب
وہ لے دخت نے کھینچکر تیغ کین
دلیری یہ اُسکی جب آئی نظر
گرا خود تارک سے پھر خاک پر
کہا دلستان نے یہ سہراب سے
رہا اُسکو سہراب نے پھر کیا
جو کچھ ماجرا تھا کیا سب بیان
ہوا جبکہ خورشید جلوہ کنان
نہ پایا کہین مرد و مان کا نشان
اُدھر تھا یہ ہمدوش فتح و ظفر
جوان ایک آیا ہے توران سے
وہ ہے پیلتن ہے جوان دلیر
گئی سامنے جبکہ گردآفرید
یہ سُنکر ہوا شاہ اندوہگین
تو ایرانیون کا ہے پشت و پناہ
تو جلدی پہونچ زابلستان سے
سوار توانا و پر زور ہے
ہوا نامہ تیار جب سربسر
وہان جاکے رستم کو نامہ دیا
وہ بولا کہ کہتے ہین یون خاص و عام
تولد ہوا ہوے اُس سے پسر
یہ پھر سوچ کرنے لگا نامور
تہمتن سے کہنے لگا پھر یہ گیو
وہ بولا کہ کیا اضطراب اسقدر
یہ پھر گیو نے روز ہشتم کہا
یہ بولا وہین رستم نامدار

ہوا وقت بیگاہ زندہ اسیر
دلیرانہ آئی پئے کارزار
ہوا یا کوئی طفل پر خاش جو
سپر لیکے سہراب نے منھ پہ تب
دو نیزہ کیا نیزے کو بس وہین
تو مشتاق سہراب نے زود تر
پریشان ہوے سربسر ہوے سر
کہ ہو بند سے گر رہائی مجھے
دلے عہد و پیمان محکم لیا
یہی مصلحت سب نے دیکھی ہاکن
تو آواز مردم نہ آئی وہان
نہ دیکھی جو وہ دختر دلستان
ادھر گژدہم قلعے سے بھاگ کر
مشابہ ہے سام و نریمان سے
قوی بازو و چست مانند شیر
تو یہ بھی رہی فتح سے ناامید
تہمتن کو نامہ لکھا پھر وہین
تو ہے سر گروہ سران سپاہ
کہ آیا ہے اک گرد توران سے
یہان زور کا اُسکے ایک شور ہے
دیا گیو کو شاہ نے مہر کر
وہ حیران ہوا جبکہ نامہ پڑھا
کہ ترکیب و شکل اُسکی ہے مثل سام
کہ تھی حاملہ مجھ سے وہ سیمبر
کہ دختر ہوئی وان یہ آئی خبر
کہ ہے اسطرح حکم گیہان خدیو
ذرا بادۂ لعل گون نوش کر
کہ اے پہلوان نبرد آزما
نکر خوف و اندیشہ کچھ زینہار

نہین کوئی ہوبے نجم مرے ورگو
غنیمت ہی یہ صحبت ہمدگر
ہوا جبکہ روز دہم جلوہ گر
زوارہ جو اُسکا برادر تھا خرد
تو ودہین وہ شاہنشہ نامور
کہ اتنا توقف ہان کیون کیا
ہوا پر غضب طوس پر شہریار
تہمتن نے جھٹکا وہین اپنا دست
سمجھتا نہین کون کاؤس ہے
مخاطب ہوئے پھر اُسے شہریار
تو سہراب کو کھینچ اب دار پہ
کرون آتش خشم کو تیز گر
کہ سر پر رکھو اپنے تاج شہی
پذیرا جو کرتا مین تاج شہی
یہ کہکر وہین رخش پر ہو سوار
یہ احوال گودرز سے پھر کہا
جو رستم کو آزردہ خاطر کیا
توقف نہ کر اب شتابی سے جا
یہ ظاہر ہی اور تجھکو معلوم ہی
پشیمان ہوا خود بخود بادشاہ
کیے ہی سہی گرد ہر ایک یان
خدا کیلیے آ اے یل نامور
سمند عزیمت کی پھیر اب عنان
زبان پر ہے لوگونکی پھر یہ سخن
یہ سُنکر وہین رستم پہلوان
یہ تندی گرمی ہی میری سرشت
ترا دیر آنا ہوا ناگوار
ہوا رستم گرد بھی عذر خواہ
کرے آج ترتیب بزم طرب

یہ ہی تاب کسکی مقابل جو ہو
کہ ہی آخر کار چلنا اُدھر
تو پھر زابلستان سے باکر و فر
اسے لیگیا ساتھ اپنے وہ گرد
ہوا خشم گین رستم و گیو پر
مرا حکم لاسکے نہ ہرگز بجا
کہا جلد لیجا اُنھین سوے دار
خرد مشتندہ پھر ہوگئے جون شیر مست
عرے لگے کیا چیز پھر طوس ہے
یہ تندی سے بولا یل نامدار
بد اندیش کو خستہ و خوار کر
تو خس سے بھی کمتر ہی پھر تا جو
گرو ملک ایران مین حرماندہی
پہونچتی نہ تجبہ تک کلاہ ہی
روان ہوکے زابل ہوا شہریار
وہ سُنکر حضور شہنشہ گیا
یہ زنہار تجھکو مناسب تھا
دلاسا تو کرکے تہمتن کو لا
کہ عاجز ہی دانش سے کاؤس کے
سر نو کیے عہد ہو عذر خواہ
کہ سہراب ہی وہ دلاور جوان
تو ایرانیون پر ذرا رحم کر
تو ہرگز نہ جا سوے زابلستان
کہ اک طفل سے رستم سیلتن
پھر آیا حضور شہ خسروان
نہین چھوٹتی مجھ سے یہ خوے زشت
ہوا تند پھر تجبہ بے اختیار
کہ بندہ ہون تیرا مین اے بادشاہ
بسر ہم کرین عیش و عشرت سے شب

کہ دا اُونگا جب رخش کو جاکے وان
رہی اور دور روز بزم طرب
روانہ ہوا رستم پہلوان
غرض ہوکے منزل بمنزل روان
کہا طوس سے یون ز روے غضب
زبردست تھا طوس ہر چند یہ
پھر اُسنے سے رستم سرفراز
یہ بولا کہ ہی کونسا نامور
مجھے جز خداوند یزدان پاک
نہ ہو گرم مانند شعلہ تو اب
تہ کاری کی قوت نے اب اختیار
دلیران دیگر دنگش و نامجو
ولیکن نہ اقبال مین نے کیا
ہی میری سزا تمنے جو کچھ کہا
ہو آزردہ ہوکر گیا پہلوان
کہا اُسنے یون شاہ کاؤس کو
پشیمان ہو شاہ گیتی ستان
ہوا اُنسے گودرز وہین روان
تمیز اُسکو ای پہلوان کچھ نہین
تو ہو ویگا آزردہ شہ سے اگر
کوئی پہلوان جسکے ہمسر نہین
کہ پشت و پناہ دلیران ہی تو
وگرنہ ہون گردان توران دلیر
یہانتک ہراسان و ترسان ہوا
اُٹھا تخت سے شاہ تعظیم کو
بلایا تجھے اسلیے مین نے یان
ہوا تو جو آزردہ ای شیر دل
جو کچھ حکم ہو سو لاؤن بجا
سحر تا نسے لیکر سپاہ گران

رہیگا نہ سہراب کا پھر نشان
خوشی سے رہے بادہ کش روز و شب
گئی ساتھ اُسکے سپاہ گران
گیا پیش کاؤس جب پہلوان
کہ دونونکو تو دار پر کھینچ اب
کیا رستم نامور سے حذر
کیا لاجرم ہاتھ اپنا دراز
جو لیجا کے کھینچے مجھے دار پر
نہین ہی کسیکا ذرا خوف و باک
کہ بیفائدہ ہی شہا یہ غضب
تو شاہی کے لائق نہین زینہار
یہ کہتے تھے مجھ سے بصد آرزو
کہ جز بندگی کچھ ارادہ نہ تھا
بجا ہی روا تو نے جو کچھ کہا
تو بیدل ہوئے واں پیر و جوان
کہ یہ کیا کیا اے شہ نامجو
لگا کہنے گودرز سے یون کہ ہان
تہمتن سے جا کر کیا پھر بیان
جو آوے زبان پر کہے بس وہین
تبہ ہونگے ایرانیان سر بسر
کوئی گرد اُس سے قوی تر نہین
نگہدار اقلیم ایران ہے تو
دلیری کرین آکے مانند شیر
کہ بے جنگ یا نسے گریزان ہوا
کہا پھر کہ اے رستم نامجو
کہ ہون چارہ گر تجھسے ای پہلوان
تو پھر مین پشیمان ہوا اور خجل
شہنشہ نے ارشاد تب یون کیا
سوے دشمن کینہ جو ہون روان

رفتن کاؤس شاہ و رستم پہلوان بہ عزم جنگ با سہراب

درخشان ہوا جبکہ مہر منیر
یل پلتن با سپاہِ گران
جو پہونچا وہ نزدیک حصن متین
جو سہراب نے قلعہ سے کی نگاہ
جو یہ کثرت فوج آئی نظر
کھنچا پھر سراپردہ پیش حصار
نظر سے وہ مردم کے ہو کر نہاں
مہیا ہی بزم نشاط و طرب
اُٹھا وہ وہین اور اُسکے روبرو
گیا وانسے پھر رستم نامور
کوئی دیکھنے کو جو لایا چراغ
نمود اپنی دکھلا گیا ایک جہان
نچھوڑون سحر زندہ کاؤس کو
یہ کہتا تھا ای بادشاہِ جہان
تکلف نہین سمین کچھ زینہار
سُنی اور دیکھی بہت رزم بزم

تو کاؤس سلطان آفاق گیر
ہوا آکے سہراب وانسے وان
تو لشکر ہوا وان اقامت گزین
تو دیکھا کہ ہی بیکران یہ سپاہ
تو ہومان کے ہوش اُڑ گئے سر بسر
بفرمان سہراب عالی تبار
لگا کرنے احوال دریافت یان
خوشی سے می لعل پیتے ہین سب
لگا پوچھنے یون کہ ہو کون تو
اور اک شخص ناگاہ آیا اُدھر
تو زندہ کا وان کشتہ پایا چراغ
خبر لے گیا آن کر بیگمان
ملاؤن تہ خاک و خون طوس کو
کرون کیا مین سہراب کا اب بیان
بعینہ ہے ہمشکل سام سوار

دلیران ایران کو کر کے طلب
چھپا گرد لشکر سے رخسار زرد
گیا پھر وہان شاہ کاؤس بھی
یہ ہومانسے کہنے لگا دیکھ تو
یہ سہراب بولا ہراسان نہ ہو
گیا اُس سراپردہ مین رات کو
جو دیکھا تو سہراب ہے تخت پر
کوئی بزم مین زندہ تھا پہلوان
تہمتن نے اک مشت مارا جو سخت
جو دیکھا تو افتادہ ہی اک جوان
یہ سہراب لوگونسے کہنے لگا
عوض زندہ کا صبحدم جا کے یان
زبان پر تھا سہراب کے یہ سخن
جوان و قوی ہیکل و زورمند
یہ چاہیے ہی اب چرخ فیروز رنگ

داستان جستن سہراب نشان

یہ بولا کہ تابع ہو رستم کے سب
نہان ہو گیا مہر گیتی فروز
گئے گیو گودرز زادہ طوس بھی
کہ ہی کسقدر لشکر جنگ جو
کرون قتل اکدم مین سب فوج کو
خبر کے لیے رستم نامجو
جب وے اُستے ہین اُسکے سب نامور
پڑی اُسپہ اُسکی نظر ناگہان
تو کشتہ ہوا زندہ خفتہ بخت
کہ ہرگز نہین اُسکے قالب مین جان
کوئی آکے جاسوس کاؤس کا
کرون ایک لشکر کو مین غرق خون
اُدھر شام سے رستم پیلتن
قد اُسکا ہی مانند نخل بلند
پدر اور پسر مین ہوئے ہمنبرد جنگ
پر اب سنیے سہراب و رستم کی رزم

رستم از ہجیر و ہومان و بارمان و نیافتن سراغ

سر چرخ مہر جہانتاب نے
کہ تم بھی نہ تاخیر کو راہ دو
تو بخشون ہائی تجھے بند سے
ہجیر اور سہراب یل پھر وہین
یہ کسکا ہی جلدی بتا مجھکو تو
سے خیمے رہت کسکا ہی خیمہ کیا
وہ بولا کہ گودرز جنگ آزما
کھڑا ہی جہان کاویانی درفش
اگرچہ تھا واقف و لاور ہجیر

کیا جبکہ جلوہ تو سہراب نے
کرو اپنی آراستہ فوج کو
وہ بولا وہین اُس تنومند سے
گئے وانسے بالائے حصن حصین
کہ ہاتھی ہین جسکے بہت روبرو
وہ بولا کہ یہ خیمہ ہی طوس کا
خداوند ہی خیمۂ سرخ کا
کہ ہی یکقلم سرخ و زرد و بنفش
کہ ہی خیمۂ رستم شیر گیر

جب آراستہ اپنا لشکر کیا
ہجیر دلاور کو کر کے طلب
دروغ آگے مردم کے ہے بیفروغ
یہ سہراب کہنے لگا ای ہجیر
وہ بولا کہ ای گرد با عز و جاہ
کہا پھر سراپردۂ لالہ رنگ
کہا پھر یہ سہراب نے بعد ازان
سوا اُسکے جو ان تخت کاؤس کے
ولے دلمین اندیشہ اُسنے کیا

یہ ہومانسے اور بارمانسے کہا
کہا گر کہے راست تو مجھ سے اب
بھلا کس لیے کوئی بولے دروغ
پلنگ سراپردہ گردون نظیر
یہ ہی شاہ کاؤس کی بارگاہ
یہ کسکا ہی مجھکو بتا بیدرنگ
سراپردۂ سبز کسکا ہی وان
رکھا اک سراپردہ مین تخت ہی
مبادا کہین ترس جنگ آزما

اُسنے نام رستم کا اور ناگہان ۔ کرے جنگ پر خاش جا کر وہان
یہی مصلحت ہی کہ اب زینہار ۔ نہ بتلاؤن نام یل نامدار
کہ ہو یاد رشاہ کاؤس کے ۔ یہ اُسکا سراپردہ سبز ہے
کہا دلمین اُسنے کہ مانی وہان ۔ بتایا تھا رستم کا جو کچھ نشان
کہا پھر ذرا غور سے کر نگاہ ۔ کہ کس نامور کی ہے یہ بارگاہ
کہا پھر یہ سہراب نے ہی کہ ات ۔ سراپردہ رستم پہلوان

وہ غافل ہوا اور کشتہ ہوے کمین ۔ قیامت ہو برپا گرے زمین
کہا یون کہ خاقان چین نے یہان ۔ سپہ لیکے بھیجا ہے اک پہلوان
وہ بولا کہ اس گرد کا نام کیا ۔ کہا نام اُسکا نہین جانتا
وہ سب دیکھتا ہوں وہی ہے عجب ۔ کر ظاہر کیا اُسنے کچھ اور اب
یہی اُسنے سہراب سے پھر کہا ۔ کہ خیمہ ہے یہ چین کے گرد کا
یہ سنکر دیا اُسنے یا سخ وہین ۔ کہ وہ زابلستان سے آیا نہین

کہا پھر یہ اُسنے رہ لطف سے
جواب اُسکو اُسنے دیا پھر وہی
اگر جان کی خیر چاہے ہی تو
کرون ورنہ تن سے ترا سر جدا
کہ کیا ہی یہ تندی و قہر و غضب
یہی جیسی ہی تو بہانہ ہی کیا
تن اُسکا ہی مثل تناور درخت
کہا سنکے سہراب نے اے جوان
ہوا غمزدہ وہ یل نوجوان
کیا نیزہ و گرز و تیغ و خدنگ
عوض زندگی کے رات کھائی قسم
اگر پاس نام اور عزت بھی ہی
یہ کہکر لگا کھینچنے انتظار
کوئی جب نہ اُسکا ہوا ہم نبرد
چُراتا ہی دل رزم سے جو شہا
کوئی جلد رستم سے جاکر کہو
دوان طوس پیش تہمتن گیا
کوئی اور جاکر سوے رزمگاہ
سُنے طوس نے جب کیا یہ بیان
یہ سہراب بولا کہ لشکر سے ہم
تو سہراب نے یون کہا اے جوان
یہ سُنکر وہین رستم نامدار
وہ مین ہون دلاور یل نامجو
وہ کہنے لگا سنکے یہ داستان
یہ سُنکر اُسے یاس افزون ہوئی
ہوا زخم کوئی نہ وان کارگر
بہم ضرب پر ضرب تھی بیدریغ
کہ حیران رہا دیکھ چرخ کبود
عرق مین ہوا تر سراپا بدن

کہ تبلا نشان تہمتن سب مجھے
جو پہلے کہا تھا کہا پھر وہی
تو رکھ یہ ہستی اب مرے روبرو
کرون قید ہستی سے تجھکو رہا
عبث ہی مرے ساتھ یہ کینہ اب
مرے تن سے کر شوق سے سر جدا
زبردست و چست و توانا و سخت
کہان تونے دیکھے ہین جنگ آورون
کہ رستم کا ہرگز نہ پایا نشان
شتابان ہوا سوے میدان جنگ
کرون کشتہ کاؤس کو صبحدم
تو آکر مقابل ہو کاؤس کے
کہ آتا ہی اب کونسا نامدار
ہوا تب خروشندہ وہ شیر مرد
تو کیون نام کاؤس اپنا رکھا
کہ یارا نہین ہی کسی گرد کو
تہمتن سے یہ ماجرا سب کہا
بداندیش سے آج ہو کینہ خواہ
تو ناچار پھر رستم پہلوان
ستیزندہ ہون جاکے یکسو بہم
نہین ہی کیسکو یہ تاب و توان
لگا کہنے اے کودک خامکار
کہ دیو سفید سیہ کار کو
کہ شاید تو ہی رستم پہلوان
بہم جنگ پھر زیر گردون ہوئی
وہ نیزے شکستہ ہوے سربسر
شکستہ ہوئی آخر کار تیغ
ہوے آخرش کج سراسر عمود
ہوے خشک یکدست کام و دہن

تو ہو قید سے تاکہ جلدی رہا
ہوا پھر وہ تند اور کہا اے ہژبر
تہمتن کا خیمہ بھی ہوگا مگر
کیا اُسنے پھر اُس سے انکار صاف
تہمتن کی مجھکو خبر کچھ نہین
یہ کہکر لگا کہنے پھر یون ہژبر
ہزبران و دیوان و پیل و پلنگ
جہانمین ہین ایسے خداوند زور
بلندی سے اُسنے فرود آن کر
جدھر قلب مین شاہ کاؤس تھا
سواران ایران کو میدان مین
سوا اسکے ہووے جسے عزم جنگ
ولیکن نہ نکلا کوئی نامور
کہ شاہون کو غیرت ذرا چاہیئے
یہ آواز کاؤس نے دی وہین
جو اس گرد سے جاکے ہو کینہ خواہ
کیا تھا یہ رستم نے اُسدم قرار
مبادا جو سب پہلوان ہون زبون
پہنکر زرہ رخش پر ہو سوار
کہا یون تہمتن نے اچھا چلو
جو مجھ سے مقابل ہو میدان مین
نہ کر سختی اب بختہ کارون سے تو
کیا کشتہ اکدم مین ہنگام جنگ
وہ بولا کہ زنہار رستم نہین
ہوے لیکے نیزہ ستیزہ کنان
دلیران نے پھر کھینچکر تیغ تیز
لیا ہاتھ مین پھر عمود گران
ہوئی پارہ پارہ زرہ یک قلم
جداگانہ پھر دونون استادہ ہو

کرون تجھپہ مصروف لطف و عطا
نہین یہ تری بات کچھ دلپذیر
تو زنہار اب مجھ سے پنہان نکر
وہ لایا زبان پر یہ گفتار صاف
تو کھینچے ہی کسو سطے تیغ کین
کہ رستم ہی مرد شجاع و دلیر
مقابل نہون اُسکے ہنگام جنگ
کہ رستم کو سمجھے ہین نند مور
زرہ اور جوشن کیا زیب بر
ادھر جاکے سہراب نے یون کہا
تو تیغ کھینچو نہین اک آن مین
نبرد آزما مجھ سے ہو بیدرنگ
کہ تھا دلمین سہراب کے خوف و خطر
نہ جنگ آورونسے ڈرا چاہیئے
کہ اے نامداران ایران زمین
ہراسان و خائف ہی تمکیر سپاہ
کہ پہلے کرونگا نہ مین کارزار
تو پھر مین نبرد آزما اُس سے ہون
گیا سوے میدان پئے کارزار
گئے جبکہ یکسو وہ پیکارجو
کرونگا تجھے قتل اک آن مین
نہ جنگ آورونسے ہو پرخاش جو
نہ جانبر ہوئے مجھ سے شیر و پلنگ
مین اُسکا ہون اک چاکر کمترین
لگی چلنے باہم سنان پر سنان
کیا گرم بازار کین دار و ستیز
لڑے اسقدر ہر دو جنگ آوران
رہا پھر نہ زنہار گھوڑون مین دم
وہ سہراب اور رستم نامجو

ذرا راست کرنے لگے اپنا دم
نہ زنہار دیکھا جہا نمین بشر
بہم دونین لیکر کمان و خدنگ
پکڑ کر کمر بہمدگر بعد ازان
تو دیتا جبل کو زمین سے ہلا
لے چھوڑ سہراب نے بس وہین
یہ ہنسکر لگا کہنے سہراب پھر
تو رکھ جمع خاطر کہ وقت پگاہ
تہمتن ادھر کھینچکر تیغ کین
یہ رستم کے پھر دلمین آیا یہین
شتابی لگا ورگی موڑی عنان
ذرا صبر کر تجکو آج ای جوان
اُسے بھی نہ تھی رزم کی تاب پھر
تہمتن کو شہ نے کیا پھر طلب
تن اُسکا ہے آہن سے بھی سخت تر
تسلی اُسے دیکے شہ نے کہا
کہ سہراب ہرچند ہے خرد سال
مبادا اگر کشتہ ہوں وقت رزم
تو مان باپ سے جاکے کہیو یہی
زوارہ سے جب کہہ چکا یہ سخن
تو بدخواہ پر کر مجھے فتحیاب
یہ ہومان سے بولا کہ ای نیک مرد
وہ پاتا ہوں اس مین سراپا نشان
یہ سہراب کو اُسنے پاسخ دیا
ولیکن یہ رستم نہین زینہار

ولیکن نہ کینہ ہوا دلسے کم
نہ ہرگز کوئی دیو آیا نظر
دلیران جنگی لگے کرنے جنگ
لگے زور کرنے وہ دونون جوان
ولیکن نہ سہراب زین سے ہلا
لیا ہاتھ مین گرز از روے کین
کہ ہے جنگ کی تجھ مین کچھ تاب پھر
ترے ساتھ پھر آکے ہون رزمخواہ
شتابان ہوا جیسے ترکان چین
مبادا کہ سہراب از روے کین
کہا آکے سہراب سے یون کہ ہان
سحر تو ہے اور میرا گرز گران
گیا اپنے لشکر مین سہراب پھر
جب آیا تو پوچھا وہ احوال سب
موثر نہین جسپہ تیغ و تبر
کریگا ظفر یاب تجھکو خدا
دیے تجکو ہے زور و قوت کمال
تو پھر رزم کا اُس سے کیجیو نہ عزم
ہوا وہ جو کچھ چاہیے تقدیر تھی
لگا کرنے گریہ یل پیلتن
بداندیش مغلوب ہوجاوے شتاب
عجب پہلوان ہے مرا ہم نبرد
مری مان نے جو کچھ کیا تھا بیان
کہ رستم کو ہون خوب پہچانتا
یقین جان تو ای یل نامدار

تہمتن بھی دلمین یہ کہنے لگا
پھر اتنے مین سہراب نے یون کہا
ہوے دم مین ترکش تہی سربسر
کیا پہلے رستم نے زور اسقدر
کیا زور اُسنے بھی ہرچند یہ
جو مارا تہمتن کے بالاے سر
تہمتن یہ بولا ہوا دن تمام
وہ سہراب پھر لیکے گرز گران
کہون کیا کہ اکدم مین یان اور وان
کہین شاہ سے جا لگے ہو نہ جو
تو جنگ دلیرانسے واقف نہین
سوا اسکے گر اب ہے خواہان جنگ
وہانسے وہ سہراب جسدم گیا
وہ بولا کہ ای شاہ فرخ خصال
اثر اسپہ کرتا نہین زینہار
شہنشہ سے رخصت ہوا پیلتن
خدا جانے کیا پیش آوے سحر
کہے زال لشکر کو لے جائیو
عبث زاری آہ و زنو و بکا
کہا کرکے زاری کہ ای کردگار
اُدھر پیلتن کا یہ احوال تھا
قوی بازو و سخت چنگال ہے
گمان ہے مجھے یہ مرا ہے پدر
تہمتن کے ہمشکل ہے یہ جوان
وہ سمجھا کہ یہ راست گفتار ہے

کہ اس قدرت و قوت زور کا
کہ تیر و کمان سے ہو جنگ آزما
ہوا پر نہ اک تیر بھی کارگر
کہ وہ زور کرتا اگر کوہ پر
نہ ہرگز ہلا رستم نامور
تو رنجہ ہوا رستم نامور
قریب آ گیا ای جوان وقت شام
سو لشکر شاہ آیا دوان
ہزارون ہوے قتل پیر و جوان
وہ غیرت سے ضائع کرے انکو
عبث ہے یہ بیباکی و نقص کین
تو پھر ہو مقابل مرے بیدرنگ
سرا پردے مین اپنے رستم گیا
بڑا ہی دلاور ہے یہ خرد سال
مرا زور بازو دم کارزار
زوارہ سے جاکر کہا یہ سخن
نہ ہے سخت گر ہمقرین ہو ظفر
خیال اور دلمین نہ کچھ لائیو
بھلا چارہ کیا جبکہ آوے قضا
تِرے ہون کرم کا مین امیدوار
ادھر جاکے سہراب جنگ آزما
تعجب وہ رستم کی تمثال ہے
جہان پہلوان رستم نامور
لگا دیکھنے تو بھی ہے رخش ہان
ہمارا ہوا خواہ و غمخوار ہی

جنگ رستم و سہراب بروز دوم و زبر آمدن رستم در کشتی

ہوا مہر تابان جو پرتو فگن
ولے رزم سہراب کا دل ہوا

تو سہراب اور رستم پیلتن
سوئے الفت و مہر مائل ہوا

پہنکر زرہ رخش پر ہو سوار
تہمتن سے پہلے ہوا صلح جو

گئے سوئے میدان پئے کارزار
کہا وہ ہین ہنسکر کہ ای تند خو

مصمم کیا تونے اب دلمین کیا
بہم محفل آرا و می نوش ہین
تو کیسو ہوتا اور کوئی جوان
نشانی جو کچھ چاہیے ہے عیان
تو شاید کہ ہے زال زر کا پسر
کہے تھا یہ دلمین یل سیلتن
بہت مین نے دیکھا فراز و نشیب
جو دیکھا کہ رستم ہے اب گرم کین
نہین چاہتا یہ کہ تجھ سا جوان
کیا زور رستم نے وان حد سے بیش
جو کھینچا پکڑ کر کمر بند کو
گرا خاک پر جب یل نامور
کیا حیلہ رستم نے اُس وقت وان
تو سر کو کرے اسکے تن سے جدا
یہ سنکر وہ اسکے اٹھا سینہ سے
کہا جبکہ ہومان سے یہ ماجرا
نہ دیکھا تھا گاہے فراز و نشیب
ہوئی بیوقوفی یہ تجھ سے کمال
گیا جبکہ رستم سوئے خیمہ گاہ
اسے ابتدا مین تھا زور اسقدر
ہوا تھا تب اس بات کا خواستگار
غرض کرکے شب زاری و انکسار

ارادہ لڑائی کا یا صلح کا
بجنگ و نبرد و طرب کوش ہون
یہان آن کر ہو ستیزہ کنان
دلے نام تیرا ہے مجھ سے نہان
یل سیلتن رستم نامور
نہین طفل کا اعتبار سخن
نکر مجھ سے گفتار مکر و فریب
تو ناچار سہراب بولا وہین
مرے ہاتھ سے کشتہ ہو دیکھان
گیا آگے سہراب کچھ نہ بیش
تو سنبھلا نہ پھر رستم نامجو
تو سہراب بیٹھا وہین سینہ پر
لگا کہنے سہراب سے ای جوان
نکر ہو دگر بار زور آزما
غرض ہاتھ اٹھایا وہین کینہ سے
کیا اسنے افسوس اور یون کہا
تو اک طفل تھا تونے کھایا فریب
رہائی تری اس سے اب ہے محال
رہا شب کو زاری کنان تا بگاہ
زمین چاک ہوتی تھی ہر گام پر
کہ کچھ زور کم ہووے یا کردگار
ہوا از در پیشین کا وہ خواستگار

یہ بہتر ہے ہم تم نہ ہون رزمخواہ
کرین عہد و پیمان کو محکم بہم
مرے دلمین پیدا ہوئی تیری مہر
کسی نے بتایا نہین تیرے نہار
سر صلح ہر چند تھا وہ جوان
یہ پاسخ دیا پھر کہ سن ای جوان
کمر باندھ پشت ہیون سے اتر
تو مائل ہوا سمجھے کشتی اگر
یہ کہکر وہ دونون یل نامدار
ہوا وہ خرد خندہ جون پیل مست
زمین سے بہم پشت رستم ہوئی
لیا کھینچ پھر خنجر آبگون
یہان کے یہ آئین نہین زینہار
اسے قوت زور سے لا دی زمین
گیا پھر وہ سہراب فرخ نہاد
کہ عیاری و مکر سے کینہ خواہ
تہ دام آیا تھا شیر ژیان
یل نوجہان نے کہا کیا ہے غم
دعا اسنے مانگی کہ اب یا خدا
وہ عاجز بہت تنگ فشار تھا
ہوئی تھی مناجات اسکی قبول
خدانے پذیرا کی اسکی دعا

کرین راستی دونون شام و پگاہ
پشیمان ہون اب کینہ خواہی سے ہم
نہ ہو کینہ ہو تو یہی زیر سپہر
تو کر نام کو اپنے اب آشکار
برائین نہ تھا رستم پہلوان
نہین مین بھی کودک تو گو ہے جوان
کہ سرگرم کشتی ہون اب ہمدگر
تو ہان مین بھی کشتی کو حاضر ہون پر
لگے کرنے کشتی کے فن آشکار
کیا زور سے اسنے رستم کو پست
خرابی تہ چرخ پر خم ہوئی
یہ چاہا کہ شکو کرے غرق خون
کرے زیر جسکو کوئی ایکبار
کرے شوق سے قتل پھر وہ دلیر
طرف اپنے لشکر کے خندان و شاد
رہا ہو گیا ہاتھ سے تیرے آہ
دیا چھوڑ تونے کیا قہرمان
کرونگا اسے زیر پھر صبحدم
وہی زور دے مجکو پہلے جو تھا
زمین پر خرام اسکا دشوار تھا
مراد اسکی وہ ہین ہوئی تھی حصول
وہی زور اسکو کیا پھر عطا

داستان کشتہ شدن سہراب از دست رستم بروز دیگر و نوحہ نمودن رستم در ماتمش

سحر دیکھ کر قوت زور تن
گیا شاد و خرم سوئے رزمگاہ
تو پھر آج آیا سو کارزار
وہ کرنے لگے پھر در کشتی بہم
پکڑ کر کمر بند سہراب کا

ہوا شادمان پہلوان زمن
ہوا جلکے سہراب سے کینہ خواہ
عزیزا یہی شاید نہین جانبر اب
ہوئے مائل زور و کشتی بہم
زمین سے لیا سیلتن نے اٹھا

سپاس عنایات پروردگار
یہ سہراب نخوت سے کہنے لگا
تہمتن یہ بولا کہ جبتک ہے جان
بہم خوب زور آزمائی ہوئی
پٹک کر زمین پر اسے پھر وہین

بجا لاکے اور رخش پر ہو سوار
کہ چنگال سے میرے ہو کر رہا
ترے ساتھ ہونگا ستیزہ کنان
نہ سہراب کو پھر رہائی ہوئی
سر سینہ بیٹھا وہ از روئے کین

یہ سوچا کہ یہ گرد زور آزما
وہ خستہ جگر کھینچ کر ایک آہ
تمنائے دل کچھ نہ حاصل ہوئی
مرا باپ تجکو نہ چھوڑیگا دان
جب اُس خستہ تن نے سنا یہ سخن
لگا کہنے اُس سے یہ گریہ کنان
یہ سہراب نے سُنکے پاسخ دیا
نشانی تو دیکھو اب زرہ کرکے وا
وہ مہرہ جو دیکھا زرہ کرکے وا
پسر کو کسی نے بھی مارا نہیں
یہی مصلحت ہو کہ ہوں میں ہلاک

جو پھر اُٹھ کھڑا ہو تعجب ہر کیا
یہ بولا کہ تھے بخت میرے سیاہ
تجلک عدم جان واصل ہوئی
کریگا ہلاک آن کر اے جوان
تو غمگین ہوا رستم پیلتن
ترے پاس رستم کا کیا ہے نشان
کہ صد حیف اے گرد کشور کشا
کہ مہرہ ہے بازو پہ میرے بندھا
تو رستم نے پھر شور و نالہ کیا
نہیں یہ ہوا جو یہ ہرگز کہیں
کروں اپنے سینہ کو خنجر سے چاک

غرض کھینچ کر خنجر آبدار
یہاں میں جو آیا تو یہ تھی مراد
جو دریا میں اب جوئے دے سکن یا
کہا نام کیا آپنے تب یوں کہا
پڑا ہو گئے بیہوش بر خاک پر
کہیں ہی سیہ بخت رستم ہوں آہ
بہت گرم الفت مرا دل ہوا
نہیں زخم سے اب طاقت مجھے
یہ بولا کہ اے جان تن بے گناہ
نہ چھوڑیگا زنہار تجکو یہ غم
یہ سہراب بولا کہ کیا فائدہ

کیا سینہ دل کو غم کے فگار
کہ دیدار سے باپ کے ہوں میں شاد
دیا جائے بالائے چرخ برین
کہ ہے نام رستم مرے باپ کا
جب آیا ذرا ہوش تب زار کر
جہان جسکی آنکھوں میں ہو تو سیاہ
ولے تو ادھر کچھ نہ مائل ہوا
کہ کھولوں زرہ اور دکھاؤں تجھے
تو کشتہ ہوا ہاتھ سے میرے آہ
رہیگا گرفتار رنج و الم
نہیں چارہ زنہار پیش قضا

تڑپتا تھا سہراب بسمل اُدھر
تو سمجھے یہی دلمین پیر و جوان
گئی یہ خبر پیش شاہ زمان
سوئے رزمگہ جا کے لاؤ خبر
جو سہراب سے ہووے پھر کینہ خواہ
کرے ہے فغان اور بیتاب ہے
اُٹھا کر سر رستم نامور
ہوا ہاتھ سے میرے ایسا ستم
یہ کہکر وہین کھینچ خنجر لیا
زوارہ نے پارہ گریبان کیا
جگر پر مرے زخم کاری لگا
ہجر سیہ بخت سے بار ہا
مقابل مرے جبکہ رستم ہوا
کوئی کیا کرے کس کا ہے اختیار
یہ احوال سُنکر ہوے نوحہ گر
یہ سہراب دلخستہ نے پھر کہا
بحل تمکو مین نے کیا اپنا خون
نہ ہو جا کے ترکون سے پھر کینہ خواہ
اگر زندہ رہتا تو سر ایک پر
جگر خستہ نے جو کہ اُس دم کہا
جو ہے خاص تر نوشدارو وہ لا
لگا کہنے سُنکر یہ شاہ جہان
برای پسر مرد خجستہ صفات
کیا سرکشی سے نہ پاس ادب
سوا اُسکے سہراب کی گفتگو
کہے تھا وہ ہر دم سے ہر قوم ہی
سُنا جبکہ گودرز نے یہ سخن
تہمتن یہ سُنکر ہوا دردمند
کہ سہراب کا کام آخر ہوا

اُدھر رستم گرد تھا نوحہ گر
کہ کشتہ ہوا رستم پہلوان
کہ رستم سے خالی ہوا اب جہان
مبادا ہوا کشتہ رستم اگر
نہین تاب رکھتی یہ ہرگز سپاہ
تڑپتا پڑا وان بھی سہراب ہے
لگے پوچھنے سب کہ کیا ہے خبر
رہیگا قیامت تلک یہ داغ غم
کہ تن سے کرے اپنے سر کو جدا
غم و درد سے شور و افغان کیا
نہین کچھ بھروسا ہے اس زیست کا
جو پوچھا تو پوشیدہ اُسنے کیا
تو پریشان خیال اس سے ہر دم ہوا
نہین چارہ تقدیر سے زینہار
زوارہ اِدھر اور رستم اُدھر
کسی کو نہین اس جہان مین بقا
دیے التماس ایک کہتا یہ یون
کھینچے سوئے ملک توران سپاہ
مراعات کرتا مین شام و سحر
تہمتن نے اُسکو پذیرا کیا
مگر اُس سے چارہ ہو سہراب کا
مہیا ہو وہ نوشدارو یہان
ہے کچھ یاد رستم کی اُس دن کی بات
رہ و رسم دیکھی ہاتھ سے سنے سب
سُنی خوب تونے وہ آفت ہے تو
کہ رستم کو دون تخت و تاج شہی
گیا پھر وہ پیش یل پیلتن
گیا آپ پیش شہ ارجمند
نشان مٹ گیا نام آخر ہوا

جو دیکھا کہ رخش یل نامدار
وہین اُڑ گئے یکقلم سب کے ہوش
کیا حکم شہ نے کہ اک بارگی
تو کیجئے تدبیر کچھ اور یہان
سواران لشکر گئے جب اُدھر
یہ جانا کہ زخمی ہین دونون جوان
زرہ پارہ اور چاک کر پیرہن
ہے رو رو سر پر پڑی ہے خاک
پکڑ کر شتابی سے رستم کا ہاتھ
کہا پھر یہ سہراب نے کیا ہے حال
یل پیلتن کے سراپا نشان
مجھے نام رستم بتایا نہین
رکھا اُسنے بھی نام اپنا نہان
پسر کی اجل باپ کے ہات تھی
لگے کوٹنے سینہ و سر وہان
نہ تم گریہ و نالہ اتنا کرو
کہ زنہار اب رستم ارجمند
کہ مولد مرا ملک توران ہے
پدر بعد میرے مدارا کرے
کہا پھر یہ رستم نے گودرز کو
وہین آکے پیش شہ نامدار
کہ جس سے ہو سہراب پھر تندرست
کہ کیا کیا مجھے نا ملائم کہا
سخنہاے دشوار کہکر گیا
سمجھ اپنے دلمین کہ فہمیدہ ہے
جب ایسے دلاور ہون دو پہلوان
کہا یون کہ خوب ہے یہ شہریار
محل مین تھا اُسدم شہ نامور
ہوا اُٹھکے رستم پیادہ روان

کھڑا ہے بہت دیر سے بے سوار
اُٹھا ایک لشکر مین شور و خروش
اُدھر جاؤ دوڑا کے اب بارگی
کہ ایسا نہین اب کوئی پہلوان
تو دیکھا کہ رستم پڑا خاک پر
لگا زخم کاری ہوے ناتوان
لگا کہنے یون رستم پیلتن
پسر کو کیا مین نے ناحق ہلاک
لگے رونے گردان فرخ صفات
وہ بولا کہ ہے درد مجھکو کمال
مری مان نے مجھ سے کیے تھے عیان
رکھا ہاے غافل جتایا نہین
کیا میرے آگے نہ ہرگز عیان
ازل سے یہ ٹھہری ہوئی بات تھی
کیا دیدہ تر سے دریا روان
ذرا صبر کو دلمین اب راہ دو
نہ پہونچاوے لشکر کو میرے گزند
مری جانے بازی وہ میدان ہے
تلطف مدام آشکارا کرے
کہ جا کر حضور شہ تاجور
ہوا نوشدارو کا وہ خواستگار
توانا و زور آور و چاق و چست
زبان پر جو آیا وہ اُسدم کہا
اُسے قید کوئی نہ یان کر سکا
جہان مین تو مرد جہاندیدہ ہے
ہے پھر یہ اورنگ و افسر کہان
بیان کیا کرون تجھ پہ ہے آشکار
برآمد ہوا جب یہ پہونچی خبر
گیا نعش لیکر اُسکی زاری کنان

نغان کرکے کہتا تھا یه مردم / لیے ہاتھ وا جب ہین کرنے نظم
جگر گوشه کو اپنے میرے سوا / جہانمین بھلا قتل کس نے کیا
سنے جبکه مان اسکی تب کیا کہے / جو کچھ وه کہے سو نه بیجا کہے
غرض رکھ کے تابوت مین نعش کو / گیا سوے خیمه پل نامجو
وه خیمه اور اسباب تھا جسقدر / جلا کر کیا خاک پھر سربسر
ہوے اسکے ماتم مین پیر و جوان / خروشان و گریان و ناله کنان
گیا شاه کاؤس رستم کے پاس / جو دیکھا تو وه ہی بہت بیحواس
کہا سخت ماتم ہے اور قہر و درد / ولے کچھ نہین چاره ای نیکمرد
ہر اک کو ہے آخر یہی رہگذر / کوئی دیر جاوے کوئی زودتر
سمجھ اب تو دانا و ہشیار ہے / شکیبائی و صبر درکار ہے
کیا عرض رستم نے ای تاجدار / ہوا سو ہوا کچھ نہین اختیار
ولے یه وصیت ہے سہراب کی / که ترکون په کیجو نه لشکر کشی
یہی عرض کرتا ہون اب بار بار / یه لطف و کرم کا ہون امیدوار
که ہومان کی حرمت رکھو تم نگاه / نہووے پراگنده اسکی سپاه
کرو رخصت اسکو بعز و وقار / یه سن کر لگا کہنے یون شہریار
ہوا اب جو تجکو یه رنج و الم / تو میرے بھی دلکو ہوا درد و غم
پذیرا کیا مین نے تیرا سخن / مجھے پاس خاطر ہے ای پیلتن
کرین مجھ سے گو ترک اب سرکشی / کرون مین نه زنہار لشکر کشی
زواره سے رستم نے پھر یون کہا / که جیحون تلک ساتھ ہومان کے جا
زواره گیا ساتھ جب بیخطر / گیا آب جیحون سے ہومان گذر

معاودت کاؤس با یران و رفتن رستم با تابوت سہراب طرف سیستان و آمدن تہمینه

باقبال و دولت سو تختگاه / روانه ہوا شاه گیتی پناه
پل نامور رستم پہلوان / گیا ہوکے رخصت سو سیستان
غرض لیکے تابوت سہراب کا / پراگنده دل شہر مین جب گیا
سیه پوش ہو وان پہونچا وہان / ہوا ساتھ تابوت کے وه روان
خروشان و گریان گئے گھر تلک / قیامت بھی برپا بزیر فلک
وه رودابه رستم کی مان اسقدر / ہوئی دیکھ تابوت کو نوحه گر
که برپا وہان شور محشر ہوا / غضب ایک روے زمین پر ہوا
کیا دفن پھر لاش کو زیر خاک / دل پیر و برنا ہوا دردناک
گئی جب یه سوے سمنگان خبر / تو تہمینه کو غم ہوا اس قدر
که آتش وہین گھر کے افروخته / گری آگ مین بادل سوخته
لیا کھینچ مردم نے پھر دوڑ کر / ولیکن جلے سر بسر موے سر
تن نازنین بھی ہوا داغ داغ / جہان اسکی نظرون مین تھا بے چراغ
لگی باپ سے کہنے ای نامجو / کیا قتل رستم نے سہراب کو
سو سیستان کھینچ جلدی سپاه / تہمتن سے جلکر تو ہو کینه خواه
کہا اسنے لے دختر نازنین / سپه اپنی رستم کے ہمسر نہین
دیا شاه نے جب اسے یه جواب / تو پھر دلمین کھا کر بہت پیچ و تاب
گئی آپ تہمینه لیکر سپاه / سو سیستان بادل کینه خواه
قریب آن کر اسنے اک پہلوان / روانه کیا اور کہا یون کہ ہان
تہمتن سے جا کر تو کہه یه سخن / که تہمینه آپہونچی ای پیلتن
وه لائی ہے ساتھ اپنے فوج گران / دلیران و گردان جنگ آوران
سکھے ہے یہی دلمین اب عزم جزم / کرے سر کو تیرے قلم وقت رزم
فرستاده پیش تہمتن گیا / سنا تھا جو اسنے وه یکسر کہا
یه سن کر سراسیمه رستم ہوا / پشیمان بہت دلمین اسدم ہوا
وہین ساتھ لے زال و رودابه کو / گیا سوے تہمینه وه نامجو
سراپرده مین اسکے پہونچے یه جب / نکل آئی تہمینه پرده سے تب
بغلگیر وہین ہوے ہمدگر / کیا نوحه سہراب کو یاد کر
کہا زال نے سوے خانه چلو / شبستان کو رشک گلستان کرو
لگی کہنے تہمینه ای نیک مرد / مرے دلکو رستم سے پہونچا ہے درد
مرے آگے رستم کو لاؤ شتاب / کیا جسنے یون اپنے گھر کو خراب
مین پوچھون یه اس سے کہ ای کینه جو / کیا کشته کیون تونے فرزند کو
گیا پیش تہمینه جب پہلوان / تو کھینچ اسنے پھر خنجر جانستان
یه چاہا که رستم کا چیرے شکم / کرے غرق خون اسکو بیدرد و غم
پکڑ ہاتھ اسکا لیا زال نے / یه تہمینه سے پھر کہا زال نے
که تقدیر پر کچھ نہین اختیار / نہین چاره پیش قضا زینہار

عدم سے جو پھر نا ہو سہراب کا	تو کرا رستم دزال کا سر جدا	غرض خوب سمجھا کے وہ نامور	گیا لے کے تہمینہ کو اپنے گھر

رفتن تہمینہ بہ شبستان رستم پہلوان بہ تفہیم زال زر و حاملہ شدن نش از رستم و بعد انقضاے مدت نہ ماہ ولادت فرامرز و جان بحق سپردن تہمینہ بغم والم سہراب در یک سال

وہ تہمینہ اور رستم نامدار	بہم واں لگے رہنے لیل و نہار	ہوئی حاملہ پھر وہ رشک قمر	ہوا بعد نہ ماہ پیدا پسر
قوی بازو و گلرخ و لالہ فام	تہمتن نے رکھا فرامرز نام	سپرد ایک دایہ کو وہین کیا	لگا پرورش پانے وہ مہ لقا
وہ تہمینہ رہتی تھی غمگین مدام	تصور تھا سہراب کا صبح و شام	دل اسکا تھا نالان مژہ خونچکان	گہے آہ کرتی تھی گاہے فغان
پس از مرگ سہراب وہ مہ جمال	رہی زندہ با رنج و غم ایکسال	نہ غم سے رہائی ہوئی زینہار	وہ دے بیٹھی جان اپنی انجام کار
	یہ قصہ تو میں کرچکا سب بیان	سیاوش کی آگے سنو داستان	

داستان تولد شدن ملکزادہ سیاوش از بطن دختر شاہ بلغار و براے تعلیم و تربیت ہمراہ رستم رفتن

کوئی بیشہ خرم و دل کشا	کہ نزدیک دریاے جیحون کے تھا	گئے ایکدن واں براے شکار	بہم طوس اور گیو جنگی سوار
پڑی ناگہاں ملک دختر نظر	پری پیکر و مہوش و سیمبر	لباس اور زیور تھا شاہانہ سب	کرشمہ ستم آن و غمزہ غضب
یہ پوچھا جوانوں نے اے مہ لقا	تو ہے کون تیری حقیقت ہے کیا	بت ماہ پیکر یہ کہنے لگی	کہ دختر ہوں میں شاہ بلغار کی
کہ گرشیوز اسکا چچا میں ہے نام	وہ نسل فریدون سے ہے ذوالکرام	مجھے چاہتے تھے بہت تاجور	ولیکن یہ چاہے تھا میرا پدر
کہ توران زمین کا جو ہے بادشاہ	پشنگ دلاور خداوند جاہ	مرا باندھے ساتھ اسکے عقد نکاح	نہ زینہار بھائی مجھے یہ صلاح
کہ میں نے سنا زشت خو ہے پشنگ	نہ کچھ زشت خو زشت دل ہے پشنگ	کیا مجھسے جب ذکر اس بات کا	تو بس صاف انکار میں نے کیا
خفا ہو کے تب اسنے مارا مجھے	نہ ہرگز ہوا یہ گوارا مجھے	نکل گھر سے اور اسپ پر ہو سوار	شتابی سے لی میں نے راہ فرار
گذر آب جیحون سے آئی ادھر	کیا اسپ پر ماندگی نے اثر	غرض جبکہ رفتار سے رہ گیا	تو پھر راہ میں چھوڑا اسکو دیا
پیادہ ہوئی چند فرسخ رواں	ہوئی آکے اس دشت میں اب نہاں	وہ دونوں جوان اسپہ مائل ہوے	خدنگ نگہ سے وہ گھائل ہوے
ہوے خواستگار بت سیمبر	لگے کرنے پرخاش باہمدگر	بہم بعد پرخاش پایا قرار	کرلے چلے پیش شہ نامدار
جسے حکم دے خسرو نامجو	دولے شوق سے اس پری چہرہ کو	گئے لیکے جب پیش کاؤس شاہ	ہوا شاہ دیوانہ رشک ماہ
کسی کو نہ زینہار شہ نے دیا	پری چہرہ کو پاس اپنے رکھا	بندھا عقد باہم بآئین دین	ہوئی حاملہ پھر وہ زہرہ جبین
گئے نو مہینے جب اسپر گذر	تو پیدا ہوا ایک رشک قمر	نظر کرکے طالع میں شہزادہ کے	منجم شہنشہ سے کہنے لگے
کہ اے شاہ اسکے پریشان ہیں بخت	ہوا اسکے غمگین خداوند تخت	سیاوش رکھا نام شہزادہ کا	وہیں پرورش پھر وہ پانے لگا

ولیکن دل شاہ تھا پر ملال — نہ تھا تربیت کا کچھ اسکی خیال
کہین ان دنون رستم آیا وہان — لگا کہنے ای خسرو خسروان
اسے زابلستان مین بھیجا وہین — ہنرہاے شاہانہ سکھلا وہین
کیا شاہ نے وہین اسکو سپرد — غرض لیگیا زابلستان مین گرد
ہنرپروران کے حوالے کیا — ہوے پھر وہ مصروف صبح و مسا
طریق ہنر و شکار و ادب — ہنرہاے شاہانہ سکھلاے سب
سیاوش جہان مین ہوا بے نظیر — ہنرمند دانا شجاع و دلیر
سیاوش نے رستم کو پھر اک روز — کہا یون کہ ای رستم نیک روز
مجھے یہ تمنا ہے شام و سحر — کہ حاصل کرون پائبوس پدر
یہ سن کر مہیا کر اسباب جاہ — زر و نعمت و اسپ و فیل و سپاہ
کیا عرض شہزادے یون کہ اب — روان ہو جئے با نشاط و طرب
وہ بولا کہ تجھ بن نہین جاؤنگا — تہمتن نے پھر پاس خاطر کیا

باریاب شدن سیاوش بہ حضور پدر بہ معیت رستم و پیشوا رفتن سران سپاہ

گیا ساتھ شہزادہ کے آپ بھی — حضور شہنشاہ با صد خوشی
اسے لیگئے پیشوا آکے سب — ہوا دیکھ کر شہ قرین طرب
بہت لطف مصروف اس پر کیا — سیاوش کی خاطر کو خوشتر کیا
ہنر پر جب اسکے ہوئی آگہی — تو رستم کو بھی آفرین خوب کی
حضور اپنے پھرتے تا سقف حال — رکھا اسکو مشغول کسب کمال
یہ دل چاہیے تھا پھر شہ دہر کا — کہ ملک اسکو دے ماوراء النہر کا
بجاہ و حشم ہوکے یانسے روان — سیاوش کے محل آئی وہان
کہ اتنے مین سودابہ مہ جبین — جہاندار کی زوجۂ اولین
یہ کہنے لگی شاہ کاؤس سے — کہ اے شاہ یہ آرزو ہے مجھے
سیاوش کو اک دختر خواندہ دون — اسے کتخدا ساتھ اسکے کرون
جہاندار بولا کہ بہتر ہے پر — سیاوش کو راضی کر اے سمیر
طلب اسنے شہزادہ کو جب کیا — تو یہ شہ سے لیکر اجازت گیا
سیاوش پہ عاشق تھی وہ مہ جبین — سیاوش گیا جب تو اسنے وہین
پکڑ تنگ آغوش مین شوق سے — لیے اسکے بوسے کئی ذوق سے
ہوئی گرم مہر اس سے جب وہ پری — وہ سمجھا کہ ہے الفت مادری
کئی دختر خواندہ زہرہ جبین — کہ سب نسل سے بادشاہون کے ہین
انھین وان طلب کر کے با صد خوشی — سیاوش سے سودابہ کہنے لگی
ہوا موبدان سے یہ مجکو عیان — ترے تخم سے اک پسر ای جوان
خداوند ہو تخت و دیہیم کا — شہنشاہ ہو ہفت اقلیم کا
یہ سن کر تمنا ہوئی یہ مجھے — کہ وہ میری دختر کے ہو بطن سے
یہ دختر جو حاضر ہین تیرے حضور — کہ ہین حسن مین رشک غلمان و حور
تو انمین سے گر ایک کو اب قبول — تمناے دل تاکہ ہووے حصول
رہا سن کے خاموش وہ نامدار — نہ پاسخ دیا شرم سے زینہار
کیا یہ بھی اندیشہ دلمین وہین — کہ یان حقیقی مری کچھ نہین
یہ کیا ذکر جو مہر و شفقت کرے — تعجب نہین گر عداوت کرے
سوا اسکے کہتے ہین سب سحر ساز — حذر اس سے بہتر ہے اور احتراز
وہ کہتی تھی ٹک کھول اپنی زبان — یہ دل تنگ و لب بستہ تھا غنچہ سان
وہ سمجھی کہ ہے اسکو شرم و حجاب — جو دیتا نہین بات کا کچھ جواب
کیا اسکو رخصت اکیلی رہی — سیاوش سے پھر یہ حکایت کہی
ہوئی منقضی مدت ہفت سال — کہ عاشق ہون مین تجھ پہ ای مہ جمال
تو برلا شتابی سے اب کام دل — کہ تا مجکو حاصل ہو آرام دل
تجھے بعد کاؤس کشورستان — کرونگی مین فرمانرواے جہان
سیاہ جہاندار کاؤس کے — سراسر مرے تابع حکم ہے
کہ اس شکل کی ایک زن مرد دو
ہوا گرم یلغر شہ کینہ جو
وے لے ہر زمان فضل و لطف خدا
گیا گیو وہین گذربان کے پاس
یہ سنکر لگا کہنے وہ پہلوان
مگر تم یہ اسپ سیہ مجھ کو دو
نہ دیگا یہ گھوڑا تجھے زینہار
یہ سنکر کیا گیو نے یہ بیان
پھر اُس سے یہ اُس پہلوان نے کہا
وہ بولا کہ اپنی زرہ دو مجھے
گذربان یہ کہنے لگا ای عزیز

ولیکن مین کب چھوڑتا ہون تجھے
کہ دیکھا نہ زنہار یارای جنگ
لگی چلنے وان تیغ و تیر و سنان
کہ اک ہاتھ سے کھینچتا تھا کمند
جہان تھا ملک زادہ نامور
ہوے جادہ پیماے دشت فراخ
کر دن قتل پیران بدکیش کو
لگا کہنے یون خسرو پاک دین
یہ اپنا نکوخواہ ہی بے گمان
کیا پرورش اس گرانمایہ کو
شرائط نکوئی کے لایا بجا
کہ یہ ہی سزاوار لطف و عطا
کچھ اسکی طرف سے نہ رکھ دلمین کین
یہ کھائی ہی مین نے قسم خسروا
تو اب کان مین اسکے سوراخ کر
کرتا ہوے یہ سوے توران روان
وہان سے گیا پیش افراسیاب
لگا کرنے افسوس افراسیاب
جدھر جاوین تم قتل انکو کرو
کہ جانے نہ دے خسرو و گیو کو
مددگار تھا خسرو و گیو کا
گذربان لگا کرنے گفتار یاس
سند گم ہوئی راہ مین ناگہان
گذر پھر بخوبی یہان سے کرو
ہمارا نہین اسپہ کچھ اختیار
کہ اُسکی ہی یہ مادر مہربان
نہ دیگا یہ افسر کہ ہی بے بہا
یہ بولا کہ یہ تو نہ دونگا تجھے
طلب کی ہین مین نے جو یہ چار چیز

گر انہیں سے دو گے نہ تم ایک بھی — تو یانسے نہ ہو گا گذارا ابھی
ولیکن گذر بان رہا تند و سخت — لگا کہنے تب گیو فیروز بخت
وہ سمجھا کہ بیہودہ گفتار ہے — کسیکی نہین تاب زنہار ہے
پھر آہستہ خسرو سے وہ پہلوان — یہ بولا کہ ای خسرو خسروان
مبادا کہیں شاہ افراسیاب — یہان کر کے یلغار پہونچے شتاب
پھر آخر ہوا بادشاہ عظیم — فریدون بہ فضل خدای کریم
سُنی گیو سے جبکہ خسرو نے بات — تو غیرت مین آیا وہ فرخ صفات
گذر کر گئے وانسے پا آب بس — کہ اقبال تھا ہمدم و ہم نفس
پھر اتنے مین پہونچا وہان مثل آب — کنارہ پہ جیحون کے افراسیاب
تو وہ بھی گذر بان سے کشتی منگا — اُترنے کا شہ نے ارادہ کیا
تو ہرگز نہ جا یانسے دریا کے پار — کہ ہے فوج ایرانیان بیشمار
غرض پھر گیا شاہ توران مین — بصد رنج و غم سوے توران زمین
بجا لائے وہ شکر یزدان وہان — ہوے پیشتر پھر وہانسے روان
روانہ کیا پیش کاؤس شاہ — ہوا شاد پڑھ کر وہ کیوان کلاہ
گئے پیشوا بہر سہ نام آوران — گئے اور بھی ساتھ والا نشان
جب آیا وہ کیخسرو نامدار — ہوا دیکھ کر چشم تر شہریار
وہ لایا بجا رسم عجز و نیاز — ادب سے حضور شہ سرفراز
کہ اس تخت پر بیٹھ ای کامگار — وہ بیٹھا تو شادان ہوا تاجدار

لگا گیو پھر کرنے نرمی وہان — کہ لازم تھی ہرگز نہ گرمی وہان
کہ ناچار دریا مین آتے ہین ہم — گذر یانسے پار آپ جاتے ہین ہم
جو اس طرف دریا سے جاوے گذر — کہ ہے جسمین مرغابیون کو خطر
توقف نہین یان مناسب ہے اب — کہ ترکون کا یلغار ہے غضب
فریدون کو لایا تھا یان فرہ جب — وہ جیحون سے گذرا تھا پا آب تب
لگا ورکو اب دے تو دریا مین ڈال — کہ فضل خدا سے مبارک ہے فال
کیا اُسنے جیحون مین گھوڑا روان — فرنگیس اور گیو بھی بعد ازان
گذر بان تعجب مین تھے سربسر — ہوے لوگ حیرت زدہ دیکھ کر
فرنگیس کیخسرو و گیو کو — جو دیکھا شہا یان ہوا کینہ جو
لگا کہنے ہومان کہ ای بادشاہ — ترے ساتھ آئی بہت کم سپاہ
نگہبان تو رہ ملک توران کا — نہ کر قصد اقلیم ایران کا
فرنگیس کیخسرو و گیو جب — قلمرو مین ایران کی گئے ہین تب
کسان نے زمیندار کر کے طلب — رقم کر کے اک نامہ باطرب
وہین طوس و گرگین و گودرز کو — کہا جا کے تم پیشوائی کرو
جہاندار نے با نشاط و خوشی — شتابی سے آراستہ شہر کی
اُتر تخت سے پھر بغل مین لیا — سر و چشم کو اُسکے بوسہ دیا
طلب کر کے پھر ایک اور رنگ زر — لگا کہنے خسرو سے یہ تاجور
نہ تنہا ہوا خوش شہ بے نظیر — ہوے شاد و خرم امیر و وزیر

کمر بستن ایرانیان باطاعت کیخسرو عالی تبار بموجب حکم شاہ بلند وقار و انحراف طوس از کیخسرو و اغوا نمودن فریبرز پسر شاہ کاؤس را و مہیا شدن سامان جنگ فیمابین طوس و گودرز و لشکر کشیدن ہر دو و منع فرمودن کاؤس و طلبیدن ہر دو را پیش خود و فرستادن فریبرز و کیخسرو را برای جنگ قلعہ دژ بہمن و تباہ شدن لشکر فریبرز و فتحیاب شدن کیخسرو

دلیران و گردان والا نشان — وہ جتنے تھے گردن فرازان وہان
یہ اُنسے لگا کہنے وہ شہریار — کہ اے نامداران ایران دیار

یہ خسرو کہ پور پسر ہے مرا   جگر گوشہ نور بصر ہے مرا
ہوئے وہ ہین خسرو کے فرمانبر   سوا طوس کے سب صغیر و کبیر
کہ تو شاہ کاؤس کا ہے پسر   سزاوار دیہیم و اورنگ زر
بہت اُسنے اعزاز و اکرام کر   خوشی سے دیا طوس کو گنج و زر
کیا جشن گودرز نے اپنے گھر   رکھا اک مرصع وہان تخت زر
بزرگان ایران گئے سب وہان   بفرمان کاؤس شاہ جہان
یہ کہنے لگا گیو سے ای جوان   تو اب طوس کو جاکے لے آ یہان
کہ خسرو کے آگے مین ہرگز جھکون   نہ اُس جنگلی کی مین اطاعت کرون
تو ای گیو یان اُس کو لایا عبث   یہ رنج اُسکی خاطر اُٹھایا عبث
دلاور جوان و قوی جنگ ہے   سزاوار دیہیم و اورنگ ہے
یہ گفتار سُن گیو فرخندہ خو   یہ بولا کہ کیخسرو نام جو
ثنا خوان تھا ہرچند وہ پہلوان   ولے طوس ہر دم تھا نفرین کنان
کیا طوس کا ماجرا سب بیان   غضبناک سُنکر ہوا پہلوان
یہ کہکر گیا اسپ پر ہو سوار   سوے طوس جنگی پئے کارزار
پسر اور نبیرہ تھے ہفتاد و ہشت   غرض اس حشم سے گیا سوے دشت
رکھے ساتھ تھا گاویانی درفش   کہ تھا فتح کی وہ نشانی درفش
جو ہو گرم بازار پیکاریان   تو بس کشتہ ہو فوج ایرانیان
بہم دیکھ کر جنگجوئی شتاب   کرے قصد ایران کا افراسیاب
خبر شاہ کاؤس کو بھیجئے   کہے شاہ جو کچھ سو سُن لیجئے
تو پہونچا یہ فرمان جہاندار کا   کہ اے گرد گودرز جنگ آزما
مناسب نہین ہے اب ادھر یون صلاح   کہ تو اور طوس آوے یان بے سلاح
کیا طوس نے عرض یعنی بہ پیش شاہ   کہ ہون چاکر بندہ بارگاہ
کہ ہے پور شاہ خلائق پناہ   وہ ہے وارث تخت و تاج کلاہ
یہ سن کر وہ گودرز کہنے لگا   سیاوش نہین پور تھا شاہ کا
کرے فرخ کو اب سیاوش کی شاد   ندے ہاتھ سے رسم و آئین و داد
بسان فریدون فرخ خصال   نگاور کو دریاے جیحون مین ڈال
فریبرز کو ہے یہ طاقت کہان   کہان یہ دلیری یہ جرأت کہان
تو کیون جہل کا کارفرما ہوا   مگر تجھ کو اے طوس سودا ہوا
کہا طوس نے یون کہ اے تیرہ بخت   تو کہتا ہے اب کیا سخنہاے سخت

تم اسکی اطاعت کرو اختیار   خوشی سے بہ حکم شہ نامدار
تہی مغز و بے عقل جو طوس تھا   فریبرز سے جاکے کہنے لگا
اطاعت جو خسرو کی تیری حضور   کرو نہین تو ہے عقل و دانش سے دور
سر چرخ خورشید رخشندہ جب   ہوا جلوہ گر دوسرے روز تب
سر تخت کیخسرو نامدار   ہوا اور رونق افزا بجاہ و وقار
ولے طوس بے عقل و بیدین و داد   نہ آیا تو گودرز فرخ نہاد
گیا گیو جب طوس بولا یہ تب   کرے ہے مسخر ترا باپ اب
وہ ہے عقل و ہوش و خرد سے تہی   نہین ہے سزاوار تاج شہی
فریبرز فرزند کاؤس کا   رکھے ہے دلیری و فہم و ذکا
کرو نہین اب اُسکی پرستندگی   بجالاؤن رسم و رہ بندگی
بہ تدبیر و فرزانگی فرد ہے   دلیر و شجاع و قوی مرد ہے
غرض ہوگئے آشفتہ و خشمگین   حضور پدر گیو آیا وہین
بزرگون سے گودرز کہنے لگا   مٹاؤن جہان سے نشان طوس کا
دلیران جو با شوکت و جاہ تھے   وہ سب دو ہزار اُسکے ہمراہ تھے
گیا طوس بھی سامنے ایک بار   سواران جنگی لیے کئی ہزار
مقابل ہوئین جبکہ دونون سپاہ   لگا کہنے تب طوس زرین کلاہ
ہمین کچھ بھی ہرگز نہ ہو فائدہ   اگر شاہ توران کا ہو مدعا
پیام اُسنے بھیجا یہ گودرز کو   کہ پیکار موقوف یکدم رکھو
جو پہونچی شہ نامور کو خبر   کہ گودرز اب چڑھ گیا طوس پر
سپہ کھینچی ہے کس لیے طوس پر   خرابی یہ کیون تو نے باندھی کمر
گئے طوس گودرز یان سے بہم   حضور جہاندار کیوان علم
جو تہ سریر شاہی آیا تو ہان   فریبرز ہو بادشاہ جہان
نبیرے کو شاہی حضور پدر   نہین پہونچے زنہار اے نامور
ہوا کشتہ ناحق وہ بیچارہ آہ   مناسب یہی ہے کہ کاؤس شاہ
کرے یعنی خسرو کو اب بادشاہ   کہ ہے وہ سزاوار تاج و کلاہ
دلیرانہ آیا وہ عالی تبار   کیا کچھ نہ خوف و خطر زینہار
دلیران بہ حکم شہ دادگر   ہوئے تابع خسرو نامور
بہیچ ہے کہ نوذر کا ہے پور تو   تو دیوانہ ہے اور وہ تھا تندخو
ہوا مجھ سے گستاخ یون تا بہ غضب   مگر آپ کو تو گیا بھول اب

ترا باپ تھا مفلس و ناتوان　　غریب ایک آہنگر اصفہان
نہ سردار زادہ نہ فرزند شاہ　　نہ زنہار تھا صاحب عز و جاہ
ہماری جو کی بندگی اختیار　　ہوا تب وہ سالار عالی تبار
دیا وہیں گودرز نے یہ جواب　　کہ خاموش اے طوس خام و خراب
تو سن گوش جان سے کہ مجھ زینہار　　نہیں مجھ کو آہنگری سے ہی عار
کہ خوبی بشر کی ہے مردانگی　　ہنر مند ہے خلق و فرزانگی
مرا باپ تھا کاوہ نیک مرد　　تہور میں یکتا دلیری میں فرد
کیا عہد ضحاک کا اُسنے چاک　　نہ لایا ذرا دل میں کچھ خوف و باک
فروزندہ کاویانی درفش　　وہ کاوہ ہی اے طوس زرینہ کفش
کہ جسکا پسر میں ہوں جنگی سوار　　مرا تیر و نیزہ ہے جوشن گزار
یہ طاقت کہاں اور تری تاب کیا　　کہ ہو ساتھ میرے نبرد آزما
کہا طوس نے اے سرافراز پیر　　یہ گفتار تیری نہیں دلپذیر
اگر تو ہی مرد شجاع دلیر　　تو میں ہوں شجاعت کے بیشہ کا شیر
گران کوہ سا گر ترا گرز ہے　　مری تیغ بھی آب البرز ہے
کرے تیر جوشن سے تیرا گذر　　سنان میری توڑے جبل کا جگر
ہوئی جبکہ باہم یہ گفتار سخت　　لگا کہنے تب شاہ فیروز بخت
کہ ناحق بہم کینہ آور نہ ہو　　نہ بولو زیادہ بس اب چپ رہو
یہ گودرز بولا کہ کیجے طلب　　فریبرز خسرو کو پاس اپنے اب
جسے دیکھیے لائق سروری　　سزاوار شائستہ بہتری
ولیعہد شاہا اُسے کیجیے　　بلندی و جاہ و حشم دیجیے
لگا کہنے شاہنشہ نامجو　　کہ دونوں ہیں یکسان مرے روبرو
کہ دونمین جو رتبہ بلند ایک کا　　تو پھر دوسرا مجھ سے ہووے خفا
میں اب اور کرتا ہوں تدبیر یک　　کہ خوشنود راضی ہو جس سے ہر ایک
یہ کہکر کیا شہ نے اُنکو طلب　　وہ جب آئے وان یہ کہا اُسنے تب
بلند ایک دژ بہمن اُس جا جلیل　　سر کوہ ہے نزدیک دریاے نیل
نکلتی ہے آتش جہاں سے مدام　　اور اُس قلعہ میں دیو کا ہے مقام
کرے فتح جو ہو مبارک وہیں　　اُسے بادشاہی ایران زمین
یہ کی جبکہ گفتار کاوس نے　　کہا تب یہ گودرز اور طوس نے
سوا اسکے تدبیر بہتر نہیں　　یہ سن کر فریبرز بولا وہیں
مجھے بھیجیے اے بادشہ حکم ہو　　کہ جاکر کروں فتح اُس قلعہ کو
فریبرز کو شہ نے رخصت کیا　　سپہ لیکے طوس اسکے ہمراہ گیا
وہ پہونچے جو نزدیک حصن متین　　تو دیکھی زمین سر بسر آتشین
ہوا ہوتی تھی ہر دم آتش فشان　　ہوے سوختہ وان بہت پہلوان
بسر کرکے اک ہفتہ گرد حصار　　تردد کیا خوب لیل و نہار
ولیکن دردژ نہ آیا نظر　　ہوئی فوج جنگی تبہ سر بسر
فریبرز اور طوس ہو تفتہ جان　　پھر آئے حضور شہ شیردان
شہنشہ نے بعد اسکے با کر و فر　　کیا دو ہیں خسرو کو رخصت ادھر
سپاہ گران لیکے پہونچے وہ جب　　کسی نے ملک زادہ کو وقت شب
بتا خواب میں اسم اعظم دیا　　خدا نے غرض رحم اُسپر کیا
ہوا جبکہ بیدار وہ نامجو　　رقم کرکے کاغذ پہ اُس اسم کو
لگا کہنے یوں پہلوان سے کہ ہاں　　سر نیزہ اب باندھا ای جوان
تو رکھ اُسکو دیوار پر قلعہ کی　　کہ تا کار مشکل ہو آسان ابھی
جو کچھ اسکو خسرو نے فرمان دیا　　وہی گیو جنگی نے اُسدم کیا
وہ کاغذ رکھا جبکہ دیوار پہ　　ہوا ظاہر اک ابر تاریک تر
بلند اک ہوئی بانگ اُسدم وہاں　　کہ جسطرح سے رعد کا ہو فغان
شکستہ ہوا تب جادوے سخت　　لگا کہنے تب خسرو نیک بخت
کہ یکبارگی تیر باران کرو　　توقف کو اب راہ ہرگز نہ دو
لگی ہونے پھر بارش تیر وان　　ہزاروں ہوے دیو تسخیر وان
نمایاں ہوئی روشنی دمبدم　　ہوئی رفع وان تیرگی یک قلم
دردژ نمایاں ہوا تب وہیں　　گیا قلعہ میں خسرو پاک دین
ہوا قلعہ تسخیر با گنج و زر　　ہوئی ہمقرین آکے فتح و ظفر
بنا ایک خسرو نے گنبد کیا　　کہ رفعت میں وہ ہمسر چرخ تھا
پھر اک سال کے بعد خسرو گیا　　حضور شہنشاہ کشور کشا
نہاں ہے سپہدار عالی جناب　　گیا جانب ملک افراسیاب
کیا فتح اُس قلعہ کو بھی وہیں　　بفضل خداے جہان آفرین
ہوا شاہ کاوس خوش دیکھکر　　لگا کہنے اے خسرو نامور
سپہر خلافت کا نیر ہے تو　　سزاوار اورنگ و افسر ہے تو

برتخت نشاندن کاؤس خسرو را و ممتاز ساختن و کمر بستن او بر توران

جہاندار کاؤس فیروز بخت
کیا حکم پھر یہ کہ سب نامدار
اطاعت سے خسرو کی پھرا نہ سر
بہت اُس سے راضی تھا لشکر تمام
وہیں بادل خرم و شادمان
جب آیا قرین رستم ذیوقار

جو سمجھا کہ زیبا ہے خسرو کو تخت
اطاعت کریں اُسکی پیل و نہال
لگے چاکری کرنے شام و سحر
رعیت تھی آسودہ و شادکام
ہوے سیستان سے اُدھر کو روان
اُٹھا تخت سے خسرو نامدار
مددگار میرا ہو شام و سحر

بٹھایا جہاندار نے تخت پر
یہ فرمادیا جبکہ کاؤس نے
سپہدار گنجیر و خوش نہاد
یل نامور رستم زال زر
جو نزدیک پہنچے تو با صد طرب
کہا یوں سیاوش کا تو دایہ ہے
کہ لوں جا کے ترکوں سے خون پدر

رکھا سر پہ خسرو کے دیہیم زر
تو وہ وہیں فریبرز اور طوس نے
ہمیشہ تھا مصروف انصاف و داد
ہوے شاد و خرم یہ سن کر خبر
گئے پیشوائی کو سردار سب
ہمارا بزرگ اور گرانمایہ ہے

بہم ملکے دونوں ہوئے اشکبار
یہ کہنے لگا رستم نامدار
کہ ہوں میں ترا بندۂ کمترین
تو ہے شاہ شاہان روے زمین
ہوا زال سے پھر بغل گیر شاہ
لگا کرنے شفقت جہانگیر شاہ
تہمتن نے خسرو کو تحفے دیے
بہت پیشکش لعل و گوہر کیے
گئے پیش کاؤس وزدگر
بہم خسرو و رستم و زال زر
کیا شاہ نے جشن ان اور ایک
بآئین فرخندہ و طور نیک
وزیر و امیران شہزادگان
گئے سب بزرگان ایران وہان
ملک سے وہ کیخسرو تاجور
کہ تھا جسکو مطلوب کین پدر
یہ بولا کہ کین پدر جب تلک
نہ لوں شاہ توران سے میں تب تلک
نہیں مجکو زنہار آرام و خواب
نہ ہرگز شکیب و قرار و نہ تاب
نہ مسرور میں تخت و افسر سے ہوں
نہ شادان زر و گنج و گوہر سے ہوں
یہ پھر زال و رستم سے شہ نے کہا
کہ اے پہلوانان کشور کشا
کروگے مدد اسکی تم وقت جنگ
یہ رستم نے پاسخ دیا بیدرنگ
تھا بیشتر ملک افراسیاب
کیا میں نے جاکر تباہ و خراب
اور اب یہ سپہدار عالی گہر
خدیو جہان خسرو نامور
کرے قصد تسخیر توران کا جب
کروں گو تہی جانفشانی میں کب
فریبرز و گودرز و طوس و گیو
یہ جتنے تھے گردان گیہان خدیو
شہنشہ نے ہر ایک سے یون کہا
کہو تم تمہارا ارادہ ہے کیا
یہ سن کر لگا کہنے سر پہلوان
کہ حاضر ہیں ہم جانفشانی کو ہان
دیا الغرض اسکو لشکر تمام
بتایا دلیروں کا خسرو کو نام

رفتن کیخسرو عالی تبار با فوج بیشمار و یلان نامدار بعزم جنگ افراسیاب والی توران

جو سالار ایران نے از روے کین
کیا قصد تسخیر توران زمین
کیا وہ میں ترتیب سب فوج کو
بآئین دلچسپ و طرز نکو
فریبرز کو با صد و دہ جوان
کہ تھے اقربا اسکے سب پہلوان
کیا شہ نے سرکردۂ فوج پیش
کیا ساتھ وہ طوس فرخندہ کیش
جوان مرد گودرز عالی وقار
یل نامور گیو جنگی سوار
نبیرہ و پسر لیکے ہفتاد و ہشت
جو رنگین کریں جو نے دشمن کے دشت
مقرر ہوے جانب دست راست
بہ حکم شہنشاہ جوہر شناس
وہ گستہم بھائی جو تھا طوس کا
اُسے دست چپ کو مقرر کیا
جو میلاد کے تھے نبیرہ پسر
ہوے ساتھ گستہم کے سربسر
نژاد و پشنگ و لاور سے ہاں
نبرد آزما سی و سہ پہلوان
نژاد و نوابہ دلاور سے بھی
بجا سی جوان با نشاط و خوشی
صد و ہفت تن تخم گولاد سے
کہ یکدست با قوت و زور تھے
گزارہ گئے تھے یکصد و پنج تن
نہایت قوی زور اور صف شکن
مقرر ہوے قلب میں یک قلم
بفرمان کاؤس انجم حشم
وہ بیژن کہ فرزند تھا گیو کا
اُسے شاہ کاؤس نے یوں کہا
کہ اے پہلوان بیژن جنگجو
نہ ہوتا جدا گاہ خسرو سے تو
یہ تھے جس قدر نامور پہلوان
ہر اک ساتھ رکھتا تھا فوج گران
غرض ہوکے رخصت شہنشاہ سے
وہ کیخسرو اس حشمت و جاہ سے
سو ملک توران روانہ ہوا
معین و مساعی زمانہ ہوا
تہمتن بھی لیکر سپاہ گران
گیا ہمرہ خسرو کامران

روانہ شدن فریبرز از راہ دیگر طرف توران شاہ گیتی ستان و رفتن طوس براہ کلات و خرم و کشتہ شدن فرود پسر سیاوش کہ از بطن گلشہر متولد شدہ بود و شبخون زدن پیران ویسہ بر لشکر ظفر پیکر طوس و معاتب شدن طوس باعث کشتہ شدن فرود

سپہدار کیخسرو پاک دین
گیا جبکہ نزدیک توران زمین
فریبرز سے تب یہ کہنے لگا
سو دست چپ لیکے گرز دغا

رفاقت مین اب تیری ای نامجو　　مقرر کیا گیو گودرز کو
ولیکن سیاوش کا ہی اک پسر　　فرود جوان مرد فرخ سیر
وہان دخل مت کیجیو زینہار　　کہ میرا برادر ہی وہ نامدار
یہ سمجھا کے طوس و فریبرز کو　　یہی بات کہ گیو و گودرز کو
فریبرز مرد شجاع و دلیر　　روان ہو کے سوی صحرا ہوا مثل شیر
گیا متصل لشکر طوس جب　　یہ سمجھا فرود جوانمرد تب
نکل قلعہ سے وہ جری نامور　　ہوا سد رہ طوس کا آن کر
یہ کہ جا کے اُس سے کہ ای خاش کین　　رہے ساتھ زینہار ہمکو نہین
یہ پیغام سن ریو وہین گیا　　جو پیغام تھا سو مفصل کہا
ہوا ریو کے ساتھ سرگرم جنگ　　کیا ریو کو کشتہ وان بیدرنگ
پسر کو وہین اُسنے بھیجا اُدھر　　کہ لائے فرود دلاور کا سر
گیا طوس پھر آپ ہو کر سوار　　سپہ لیکے یکسر پئے کارزار
شتابی سے بس تنہا گیا کوہ پہ　　گیا وانسے پھر قلعہ مین ڈر کر
فرود دلاور کا غالو وہ تھا　　سوار دلیر و نبرد آزما
گریزان ہوا وانسے وہ پہلوان　　گیا بھاگ کر قلعہ کے درمیان
جو شبدیز پر طوس کے تھت جنگ　　فرود دلاور نے مارا خدنگ
لگا اسپ پر گیو کے ایک تیر　　پیادہ ہوا پہلوان دلیر
کہا گیو نے یہ کہ آگے نہ جا　　یہ بیژن نے اُس وقت پاسخ دیا
یہ کہکر شتابان ہوا وہ دلیر　　پھر اتنے مین آیا اُدھر سے جو تیر
ولیکن جو بیدل ہوا زینہار　　پکارا یہ اُس دم کہ ای نامدار
فرود دلاور نے از روی کین　　خدنگ ایک پھر اور مارا وہین
جہان تھا سوار دلاور فرود　　یہ بیژن بھی پہونچا وہان مثل دود
گیا قلعہ مین ہو کے زخمی جوان　　لگا کہنے تب بیژن پہلوان
نہ آئی تجھے شرم کچھ زینہار　　دریغ ای جوان مرد جنگی سوار
سوا اسکے پھینکے بہت خارہ سنگ　　ہوا خستہ بیژن بمیدان جنگ
لگا کہنے یون طوس کھا کر قسم　　کہ حملہ کنان ہو کے تا صبحدم
پری چہرہ گلشہر کو وقت شب　　یہ آیا نظر خواب یعنی کہ اب
ہوئی خواب سے جبکہ بیدار تب　　پسر سے کہا قصہ خواب شب
نہین غم کچھ ای مادر مہربان　　کہ ہی سب کو آخر فنا بیگمان

توکرتا ہوا ملک یکسر خراب　　پہونچنا سر تخت افراسیاب
کلات و خرم مین ہی مسکن گزین　　بنایا ہی اک اُسنے حصن متین
خبردار کوئی نہ جاوے اُدھر　　کرے اور جانب سے لشکر گذر
روانہ ہوا خسرو کامگار　　سوے رست بار ستم نامدار
وے طوس سوئے کلات و خرم　　شتابان ہوا با فراوان حشم
کہ یان پھر یہ خاش آیا ہی طوس　　بعزم وغا فوج لایا ہی طوس
یہ سنکر کہا طوس نے ریو کو　　کہ پیش فرود اب شتابان تو ہو
تو ہٹ جا بس راہ سے ای جوان　　کہ ہو بیشتر تا یہان سے لشکر روان
نہ ہرگز کیا اُسنے کچھ اعتبار　　نہ آیا سر آشتی زینہار
غرض ریو داماد تھا طوس کا　　گیا طوس نے اُسکے غم مین بکا
پسر طوس کا بھی ہوا کشتہ وان　　یہ سُن کر ہوا طوس گریہ کنان
ولیکن مقابل نہ آیا فرود　　نہ پیکار کی تاب لایا فرود
لیا طوس نے گھیر اُس قلعہ کو　　ہوا آگے تن خوار تب رزم جو
کیا طوس نے اسکو آخر زبون　　ہوئی فوج تنخوار کی غرق خون
نکل قلعہ سے پھر فرود دلیر　　مقابل ہوا طوس کے مثل شیر
جو کشتہ ہوا داماد طوس کا　　گیا پھر وہین گیو بہر وغا
پسر گیو کا بیژن پہلوان　　گیا سامنے کر کے گھوڑا دوان
کہ جبتک نہ اُسکو کرون غرق خون　　قسم ہی کہ ہرگز نہ یانسے پھرون
کیا کشتہ اس تیر نے اسپ کو　　پیادہ ہوا بیژن جنگ جو
تو یک لحظہ تاخیر کر اور درنگ　　کہ ہی ساتھ تیرے تمنای جنگ
گیا پہلوان کی سپر سے گذر　　ہوا بند جوشن مین پھر آن کر
دلیری سے نیزہ کو جولان دیا　　فرود دلاور کو زخمی کیا
کہ اک تن پیادہ سے بھاگا شتاب　　اقامت کی لایا تو ہرگز نہ تاب
مقابل پھر آیا نہ کوئی جوان　　گیا قلعہ سے تیر باران وہان
پس کوہ جب مہر روشن کیا　　سو خیمہ تب وانسے بیژن گیا
کرون فتح اس قلعہ کو بیگمان　　نہ چھوڑون کسی کو بھی زندہ وہان
لگی آگ اس قلعہ مین ناگہان　　ہوے سر بسر سوختہ مردمان
لگا کہنے گلشہر سے یون فرود　　کہ ہرگز مجھے زیر چرخ کبود
اگر مین بھی کشتہ ہون مثل پدر　　تو کیا چارہ پیش قضا و قدر

ہوا جلوہ گر مہر تابندہ جب
دردژ شکستہ ہوا پھر وہین
دلیرانہ پھر بیژن جنگ جو
اگرچہ نہ جوشن مین ہرگز گیا
ولیکن کمینگاہ سے بیدریغ
گرائے ٹٹے افسوس مثل پدر
پھر اپنا شکم کر کے خنجر سے چاک
یہ پہونچی خبر ہلے خسرو کو جب
وہان سے بصد شوکت و کروفر
نکل کر بلاسان ہوا گرم کین
نژادہ کو بھیجا برائے نبرد
پھر اک گرز بیژن نے مارا کہ بس
یہ چاہے تھا بیژن کہ پھینکے کمند
نژادہ کو وان سے اُٹھالے تعجیر کیے
ہوا وان سے پیران ویسہ روان
سو کاسہ دلائے تورانیان
غرض مست و مدہوش و غافل تھے سب
خطرناک بیدل ہوئی سب سپاہ
گیا نامہ خسرو نامور
بسوے کلات و خرم یہ گیا
یہ فرمان کیخسرو نامور
رکھا اُسکو زندان مین شاہ نگاہ
اگر ہو جوانمرد تب بیدرنگ

سپہ لیکے طوس جوانمرد تب
گئے وژ زمین سب کھینچکر تیغ کین
ہوا اُس جوانمرد کے روبرو
گیا ٹوٹ نیزہ بہ حکم قضا
رہام دلاور نے ماری جو تیغ
جوانی مین کشتہ ہوا یہ پسر
کیا آپ کو اُسنے دم مین ہلاک
خدا جانے کیا تجھپہ آئے غضب
کیا طوس نے کوچ پھر پیشتر
کیا کشتہ بیژن نے اُسکو وہین
پکارا وہ آوے جو ہو کوئی مرد
رہی جنگ کی پھر نہ اُسکو ہوس
کرے تا کہ بدخواہ کو اُس سے بند
تگاور پہ اُسکو بٹھالے گئے
پے جنگ پرخاش ایرانیان
کہ لشکر تھا ایرانیون کا وہان
دلیران ایران مین وقت شب
روانہ ہوا طوس پھر صبحگاہ
بنام فریبرز عالی گہر
مرے بھائی کو قتل ناحق کیا
فریبرز نے طوس کو باندھ کر
ہوا آپ سالار یکسر سپاہ
دلیرون کے آسامنے پھر جنگ
کرینگے بہم بعد یکماہ جنگ

ہوا حملہ آور بسوے حصار
پکڑ نیزہ اُس دم فرود دلیر
فرود دلاور نے از روے کین
وگر بار یہ چاہے تھا وہ جوان
تو کشتہ ہوا مرد جنگی فرود
غرض اسکی مان وڑی گی وہان
وہان آگے بہرام نے طوس کو
ہوا طوس کو زیر چرخ کبود
پھر اک راہ مین اور آیا حصار
روان وان سے لشکر ہوا پیشتر
گیا سامنے بیژن پہلوان
نژادہ گرا اسپ سے ہو جدا
کہ اتنے مین گھوڑوں کو کرکے دوان
ولیکن نہ پھر جنگ کی لائے تاب
سواران ترکان لیے چل ہزار
خطر گیو سے بسکہ پیران کو تھا
کہ پیران سپہ لیکے آیا وہان
فریبرز کے آگے شامل ہوا
لکھا تھا کہ ہے طوس تقصیروار
غرض طوس کو قید کر بھیجو تر
کہا سخت دشنام وہی بیشمار
لکھا پھر یہ پیران کو نامہ کہ آن
فریبرز کا جبکہ نامہ پڑھا
مہیا ہی یان گرز و تیر و خدنگ

دلیری لگے کرنے مردان کار
ہوا رزم جو آکے مانند شیر
رہا اک گیا زخم اُسپر وہین
کہ بیژن کو لے زیر گرز گران
فغان اک اُٹھا زیر چرخ کبود
ہوئی اُسکے ماتم مین نالہ کنان
کہا کر کے نفرین گرا ہی تند خو
فراوان غم پور و درد فرود
جوان اک بلاسان تھا وان قلعہ دار
تو سالار توران نے سن کر خبر
ہوا کار منجر بہ تیغ و سنان
پریشان ہوا مغز بدخواہ کا
سواران تورانی آگے وہان
گئے بھاگ کر پیش افراسیاب
نبرد آزمایان و مردان کار
تو ناچار بس قصد شبخون کیا
ہزارون کیے قتل ایرانیان
فریبرز کا پُر الم دل ہوا
نہ لایا بجا حکم وہ نابکار
خطا کی سزا اُسکو اب دیجیو
کیا انجمن مین ذلیل اور خوار
یہ شبخون نہین کار جنگ آوران
تو پیران نے اُسکو یہ پاسخ دیا

جنگ کردن فریبرز با لشکر پیران و شکست خوردہ آمدن نزد کیخسرو در توران

غرض جب گیا وہ مہینہ گزر
ادھر نامداران ایران مین
ہوئی آتش جنگ افروختہ

ادھر لشکر ترک جویائے کین
ہوا خانہ آشتی سوختہ

صف آرا ہوئے آن کر ہر دو سو
مبارز لگے چاہنے کینہ خواہ

دو لشکر مقابل ہوئے آن کر
دلیران جنگ آور و کینہ جو
ہوئی گرم پیکار یکسر سپاہ

گئے گیو و بیژن جو میدان مین
نبرد آزما بیژن پہلوان
ٹلے اور جانب سے تورانیان
دلیران ہوے کشتہ ہنگام جنگ
ہٹا جاتے تھا دل سے گودرز بھی
تو ہی صاحب گرز و تیر و خدنگ
تماشا مرا دیکھ وقت وغا
کرون قتل لشکر کو اک آن مین
یہ گودرز و گستہم جنگی بہم
قدم الغرض کر کے محکم وہان
یہ کہہ اس سے پہونچا یہان آپکو
بھلا کس طرح چین آوے وہان
فریبرز نے یہ کہا اس سے جب
کرون کیا بیان ماجرای ستیز
روان جو ہے خون تھا مانند دریای آب
رہا زندہ گودرز با لسبت تن
ہوے کشتہ میدان مین ہنگام جنگ
رہی لیک توران کی غالب سپاہ
ہوا اس سے خوش شاہ افراسیاب
روانہ کیا اور یہ نامہ لکھا
کہ کیخسرو و رستم پہلوان
شب و روز تم کامرانی کرو
جہانمین نہ رکھو نشان زینہار
غرض جبکہ لشکر ہوا پائمال
ہوا شہ کو تنہا نہ لشکر کا غم
کئی دن تلک اس نے ماتم رکھا
شکیب و صبوری تو کر اختیار
پھر آیا وہین قید سے طوس کو
تہمتن نے سفر مین پذیرا کیا

تو برپا ہوا حشر اک آن مین
جدھر کو گیا لیکے تیغ و سنان
جہان تھا فریبرز آئے وہان
فریبرز یہ وان ہوا وقت جنگ
کہ گودرز کی فوج مغلوب تھی
جہانمین بہت تو نے دیکھی ہے جنگ
یہ پیران ڈلیہ تو ہی چیز کیا
نہ چھوڑو نہین اک ترک میدان مین
لگے کہنے میدان مین کھاکر قسم
ہوے گرم پیکار جنگ آوران
درفش اپنا آیا بھیج ای نامجو
کہ غالب ہین ہے وقت تورانیان
ہوا بیژن جنگ جو پر غضب
کہ برپا تھا اک دشت مین رستخیز
سر پہلوانان تھے مثل حباب
ہوے کشتہ ہفتاد شمشیر زن
زمین خون سے یکسر ہوئی لالہ رنگ
ہوئی فوج ایران سراسر تباہ
زرہ وے عنایات شاہی شتاب
بڑا نام تم نے کیا ہر جب
ادھر لیکے آوینگے فوج گران
بعیش و طرب زندگانی کرو
باقبال شاہنشہ نامدار
فریبرز تب با دل پر ملال
ہوا اسکو اپنے برادر کا غم
شب و روز آنکھون کو پر نم رکھا
کہ چارہ قضا سے نہین زینہار
لگا کہنے پھر خسرو نامجو
ولے طوس خسرو سے کہنے لگا

ہوا جس طرف گیو و کس فگن
ہوے قتل ترکان ادھر بیشمار
ہوے حملہ آور ستو طلب گاہ
تھکا جب فریبرز جنگی ستوہ
و لیکن وہین گیو مرد دلیر
نہ ٹھہریگا پیران کے گرز و مرد
اگر کوہ ہووے تو کند آورون
پھر اتنے مین گستہم آیا دوان
کہ مرجائیے کرکے اب کارزار
یہ بیژن سے گودرز کہنے لگا
یہ بیژن نے جب جاکے اس سے کہا
مناسب نہین ہے یہ ای نامور
علمدار کو قتل کرکے وہان
سر و حلق گردان جنگ آزما
جوان نسل کاؤس گستہم کے
وہ خویشان پیران افراسیاب
سوا اسکے ترکان ایرانیان
سو خیمہ ترکان گئے شاد دل
لیے سروران خلعت پر گہر
بر اس فتح پر صرف تلنع ہو
ملا و انھین خاک و خون مین اگر
خوشی سے یہ پیران نے پاسخ دیا
ادھر ترک خونخوار تھے شادکام
شتابی سے وان ہو کے پہونچا وہان
کہا یون کہ مثل پدر بے گنہ
بزرگان ایران و رستم بہم
یہ کہہ سوگ سے پھر اٹھایا اسے
کہ ای رستم پہلوان جا شتاب
کہ مجکو اجازت ہو پھر اکبار

ہزارون ہی کشتہ ہوے پیلتن
بیابان ہوا خون سے لالہ زار
کیا آکے ایرانیون کو تباہ
گیا دوڑ میدان بالای کوہ
لگا کہنے یون ای سرافراز پیر
رہیگی بھلا خاک پھر آبرو
سر سربلندان فگندہ کرون
ہوے متفق آگے جنگی جوان
نہ منھ موڑیے جنگ سے زینہار
کہ تو اب فریبرز کے پاس جا
فریبرز نے تب یہ پاسخ دیا
کہ بھیجا اون اپنا درفش ادھر
علم لے کے آیا وہ جنگی جوان
سنا اردم خنجر و تیغ تھا
بہت وقت پیکار مارے گئے
ہزار و دو صد مرد والا جناب
ہوے کشتہ جتنے کرون کیا بیان
ہوے بند سے غم کے آزاد دل
برای سپہ شاہ نے گنج و زر
ذرا دل مین اپنے یہ تم سوچ لو
تو پھر اس جہانمین ہے فتح و ظفر
کہ خسرو کا اور رستم گرد کا
اودھر اہل ایران تھے غلطین تمام
کہ کیخسرو نامور تھا جہان
فرود دلاور ہوا کشتہ آہ
گئے اور کہا ای شہ با علم
بہ بزم مسرت بٹھایا اسے
پئے جنگ پیران خانہ خراب
کرون جا کے پیران سے کارزار

ملاوینمیں اسکو تہ خاک و خون
تلافی تقصیر سابق کرون

یہ سن کر سو رستم پلیتن
لگا دیکھنے سرور انجمن

تو کی عرض رستم نے ای بادشاہ
سزاوار جیغہ و سرپر کلاہ

اجازت ہو کافی ہے طوس دلیر
کریگا یہ پیران ویسہ کو زیر

جو آویگا ئے فوج افراسیاب
تو میں ہونگا ہمدم اسکا شتاب

یہ سن طوس کو اسنے رخصت کیا
دیا حکم گودرز کو تو بھی جا

بار دیگر رفتن طوس بجنگ پیران و بارش برف بہ سحر سازی ساحر و زبون شدن ایرانیان و قید شدن در قلعہ

سپہ لیکے پھر طوس جنگی جوان
ہوا سامنے پیران ویسہ وہان

گیا کر کے یلغار نزدیک جب
مقابل ہوا آکے پیران بھی تب

بہم ہر دو لشکر ہوئے گرم جنگ
رہی سات دن جنگ گرز و خدنگ

ہوا آٹھواں روز جب آشکار
تو میدان میں ہومان دلاور سوار

جدا ہوکے لشکر سے اپنے گیا
کیا ہم نبرد ان کے سر کو جدا

بہت گرد ایران ہوئے کشتہ جب
کیا طوس نے قصد پیکار تب

کہا وہیں گودرز نے طوس کو
توقف ذرا اگر تو ای نام جو

کہا گیو سے پھر کہ ای شیر مرد
تو ہومان سے اب جا کے ہو ہم نبرد

گیا گیو دوڑا کے شبدیز کو
ہوا ساتھ ہومان کے پیکار جو

گہے گرز تھا گاہ تیغ و سنان
لڑے خوب باہم وہ دونوں جوان

نہ کوئی ہوا کامران زینہار
گئے پھر سو لشکر انجام کار

دلیروں نے پھر تیر باران کئے
بہت پہلوان انکے بیجان کئے

وہاں ساحر اک شخص پر زور تھا
کہ بازور تھا نام اس شخص کا

لگا کہنے پیران کہ اب زود تر
یہاں سے تو جا قلۂ کوہ پر

وہاں جادو ایسا تو کر ای جوان
کہ ہو بارش برف و باران یہان

ولے کچھ نہ ترکوں کو ہو وے ضرر
بتر ہو وین ایرانیان سربسر

یہ سن کر سر قلعہ کوہسار
وہ ساحر ہوا جا کے مشغول کار

ہوا ابر تیرہ نمایان وہیں
ہوئی بارش برف و باران وہیں

نہ گرتا تھا اک قطرہ بھی اور طرف
برستی تھی لشکر میں ایران کے برف

ہر اک جوش سرما سے تھا کانپتا
ہوئے سب کے بیکار وان دست و پا

پھر اتنے میں پیران و ہومان وہاں
ہوئے حملہ آور یہ فوج گران

بہت قتل ایرانیوں کو کیا
ضرر برف سے کچھ نہ پہونچا ذرا

ہر اک جا تھی برف اور جاری تھا خون
سواران ایران پڑے تھے نگون

بصد زاری و عجز پیر و جوان
لگے مانگنے یہ دعا با زبان

الٰہی تو کر فضل و احسان شتاب
کہ تا دور ہو برف و باران شتاب

قرین اجابت ہوئی یہ دعا
کرم حق نے بیچارگان پر کیا

کوئی غیب سے مرد فرخ سیر
رہام دلاور کو آیا نظر

کہ انگشت سے وہ خجستہ شعار
کرے ہے اشارہ سوئے کوہسار

یہ دیکھا تو گھوڑے سے وہیں اتر
پیادہ گیا قلۂ کوہ پر

وہ ساحر تھا ازبسکہ مشغول کار
نہ تھی کچھ خبر اسکو وان زینہار

جوانمرد نے جا کے از روے کین
پس پشت ہاتھ اسکے باندھے وہیں

کہا پھر یہ اس سے کہ ہاں زود تر
تو اس برف و باران کو اب دور کر

ہوا قید جس دم وہ خانہ خراب
ہوئی دور وہ برف باری شتاب

اتر کوہ سے پھر گیا پیش طوس
اسے قتل لاکر کیا پیش طوس

ہوا دن تمام اور دونوں سپاہ
گئے رزم گہ سے سو خیمہ گاہ

پھر آیا سحر ہو گئے پیران سوار
ہوا آگے آمادۂ کارزار

ولے تھی نہ تاب اقامت یہان
کہ کم تھی بہت فوج ایرانیان

زبون ہو کے ناچار سوئے عقب
وہ [illegible] ہوئے ہٹتے آتے تھے سب

غرض با دل پر غم و اضطراب
گئے اسوے کوہ ہماون شتاب

حصار ایک تھا کوہ پر استوار
لیا زخمی و خستہ نے وان قرار

سر دامن کوہ طوس دلیر
ہوا لیکے لشکر کو آرام گیر

دو وان آگئے ترکان پیکار جو
کیا آکے محصور وان طوس کو

یہ پیران سے ہومان نے اسدم کہا
کہ محصور کرنے سے کیا فائدہ

سر راہ مسدود مت کیجیے
جدھر جاویں جانے ادھر دیجیے

پسند آئی اسکو نہ یہ گفتگو
کہ تھا بر سر کینہ وہ کینہ جو

بہت قلعہ میں غلہ و آب تھا
مہیا تھا ساماں ہر قسم کا

خوشی سے دلیران ایران دیار
اُسے صرف کرتے تھے لیل و نہار
بد اندیش سے با سنانِ خدنگ
دلیرانہ کرتے تھے ہر روز جنگ

رسیدن رستم پہلوان در قلعہ ہمایون باستمداد و استغاثت طوس و آمدن کاموس و شنگل دو پہلوان و خاقان چین بالشکر بیکران باعانت پیران و جنگ با رستم و کشتہ شدن اشکبوس و کاموس از دست رستم و ہراسان شدن افراسیاب

سنی خسرو نامور نے خبر
کہ محصور ہے طوس والاگہر
تہمتن کو کرکے طلب یون کہا
کہ باور ہو تو جاکے اب طوس کا

یہ سن کر وہین رستم پہلوان
ہوا سوے کوہ ہمایون روان
اگیا کرکے یلغار نزدیک جب
ہوا خرم و شادمان طوس تب

یہ گودرز سے طوس کہنے لگا
کہ آیا تہمتن تو جا پیشوا
شتابی سے اسنے بفرط خوشی
تہمتن سے جاکر ملاقات کی

جو کچھ ماجرا تھا کیا سب بیان
کہا پھر کہ ای پہلوان جہان
تو ایرانیون کا ہے پشت و پناہ
یہان تو نہایت ہوے ہم تباہ

وہ بولا کہ خاطر کو اب شاد رکھ
غم و فکر سے دل کو آزاد رکھ
پھر آئے بہم سوے وہ پہلوان
در قوز تلک طوس خنگی جوان

تہمتن کے لینے کو آیا وہین
ملا جب تو یہ عذر لایا وہین
رہا مین حفاظت کو ذرگی یہان
نہ تک آسکا پیشتر ای جوان

بہت اُسکی رستم نے دلجوئی کی
گئے قلعہ مین پھر بفرط خوشی
تہمتن سر تخت بیٹھا وہان
یہین ویسیار اسکے سب پہلوان

ملان سرافراز ایران دیار
یہ بولے کہ اے رستم نامدار
ہوئی زندگی تیرے آنیسے یان
وگرنہ نہ تھی ہم کو اُمید جان

ہر اک کی تسلی تہمتن نے کی
ہوئی اُسکے آنیسے سب کو خوشی
خبر لاؤ پیران کے لشکر کی اب
کرون مین بیان آگے احوال سب

لکھا اُسنے تھا شاہ توران کو
کہ کرکے زبون فوج ایران کو
کیا مین نے محصور ای بادشاہ
ہر اک ذرہ مین لی ہے انہون نے پناہ

کہ کوہ ہمایون پہ ہے وہ حصار
نہین تاب جنگ اُنہین اب نہار
جو فوج اور بھیجو تو اُنکو شتاب
کرون مین ہلاک و اسیر و خراب

سپہدار توران پھر وہ پہلوان
گئے سوے کوہ ہمایون روان
جوانمرد کاموس و شنگل دلیر
دلیری کے بیشہ کے غرندہ شیر

سرافراز گردان چین و ختن
توانا و پیل افگن و پیل تن
سوا اسکے خاقان چین کو لکھا
کہ پیران کی امداد کو خسروا

روانہ تو کر اور بھی کچھ سپاہ
کرے تا کہ ایرانیون کو تباہ
بہم بسکہ دونون مین اخلاص تھا
گیا پاس خاقان کی اخلاص کا

نہ تنہا گئی فوج ترکان چین
روانہ ہوا آپ خاقان چین
تہمتن سے پہلے یہ پہونچے وہان
کہ تورانیان خیمہ زن تھے جہان

شتابی سے پیران کے شامل ہوکر
پے جنگ و پرخاش مائل ہوئے
غرض آکے جب رستم پہلوان
ہوا شامل فوج ایرانیان

وہین پیش کاموس پیران گیا
ستا خوان ہوا رستم گرد کا
کہ رستم ہے ایسا سوار دلیر
مقابل نہین جسکے غرندہ شیر

یہ کہنے لگا ہو کے وہ گرم و تند
کہ آگے مرے تیغ اُسکی ہو کند
تو کرتا ہے تعریف کیون اسقدر
مرے سامنے آوے میدان مین گر

تو بس لاؤن رستم کا دم ناک مین
ملاؤن مین سب رستمی خاک مین
جو میدان مین جاؤن مین ور طاہون
کرون دشت کو سربسر پر خون

یہ گفتار سنکر ہوا شاد دل
ہوا بند سے غم کے آزاد دل
گیا پھر وہین پیش خاقان چین
کہا اُسنے ای شاہ زرین زمین

تو ہے پاسبان نگہدار تورانیان
تو ہے اب مددگار و یاری رسان
سحر کر کے مین گرم بازار جنگ
کرون قافیہ فوج ایران کا تنگ

تو ہو قلب مین با سپاہ گران
رہے تا قوی پشت جنگ آوران
لگا کہنے پیران سے خاقان چین
ہے رزم یکدل ہین ترکان چین

یہ سن کر ہوا وہ قرین طرب
اُدھر آگئے پیرانِ خاقان سبھونا
خروشان ہوئے نامے ترکی میان
ولے یاد وہ ہین خدا کو کیا
کہ تھا اشکبوس اُس دلاور کا نام
لگے کرنے وہ نیزہ بازی وہان
ہوئی کارگر گرز کی بھی نہ ضرب
ولے اس قدر گرز کاری لگا
جو زخمی ہو رہام یل پھر گیا
ہوا نعرہ زن جا کے مانند شیر
پھر اشکبوس نبرد آزما
تہ اک تیر بر سر ہوا کارگر
ہوا اُسکے سینہ پہ کیا کارگر
جو دیکھا کہ ہے برق خونتابہ پر
تو اسے گرد پیران گئے تھا درست
نظر سے نہ آیا کوئی نامور
گیا رات کو سب نے آرام و خواب
لگا کہنے لشکر سے خاقان چین
تہمتن سے لیتا ہے اندازہ دست کین
گیا اسپ کو سوئے میدان وہان
تہمتن کا شاگرد الواے یل
گیا ترک نے جبکہ نیزہ روان
لگا کہنے رستم سے وہ پہلوان
وہ بولا کہ جب صید آوے نظر
تہمتن شتابی جدا سر گیا
کیا زیر کاموس در رستم نے جب
کہ پشت زین پہ اپنے ہو کر سوار
ہوا اُسکا [illegible] وہان سے فرار
کیا قتل کاموس کو پھر وہین

گیا اپنے ڈیرے مین ہنگامِ شب
اِدھر رستم و طوس انجم حشم
ہوئے گرم پیکار جنگ آوران
ذرا دی نہ اندیشے کو دل مین جا
دلیر و جوانمرد مشہور عام
نہ لیکن ہوئی کارگر کچھ سنان
پھر اُس مرد جنگی نے ہنگام حرب
کہ توڑی سپر کو خستہ کیا
تو اُس ترک نے یہ ارادہ کیا
لگا کہنے اُس ترک سے وہ دلیر
سو پیلتن تیر باران کیا
کمان لیکے رستم نے پھر زور دہ
گیا تیر نے پشت سے بھی گذر
ہوا شاہ حیرت زدہ دیکھ کر
کہ رستم ہے مرد توانا و چست
مقابل تہمتن کے باکر و فر
سحرگاہ نکلا جو پھر آفتاب
کہ اے نامداران و ترکان چین
کہا سن کے کاموس نے پھر وہین
دلیرانہ جا کے پکارا کہ ہان
کہ ہے جنگ اشکبوس پڑتی تھی کل
تو الواے جنگی نے دی ہے جان
مجھے مت سمجھ اشکبوس اے جوان
تو کیونکر نہ غرندہ ہو شیر نر
ہوا اُس سے وابستہ ہر رخش کا
شکستہ ہوئی درمیان سے وہ جب
گروان مین تہمتن سے پھر کارزار
کیا فوج خاقان مین اسنے قرار
سواران پیران نے از روئے کین

ہوا مہرِ رخشندہ جب جلوہ گر
ہوئے لشکر آرا بقصد وغا
وہ انبوہ لشکر جب آیا نظر
نکل خیل ترکان سے اک کینہ خواہ
گیا یان سے رہام جنگی سوار
جوانمرد جنگی نے از روئے کین
اُٹھا گرز مارا جو بالائے سر
کیا جبکہ گرز گران نے ستم
طرف اپنے لشکر کے موڑے عنان
کھڑا رہ کہ پہونچا ترا ہم نبرد
ولے اپنی تھی دہشت پیلتن
رہا تیر جب سوئے دشمن کیا
ہوا اشکبوس الغرض وان ہلاک
یہ بولا کہ جون رستم پیلتن
نہین اپنے لشکر مین کوئی بھی مرد
نہ باہم ہوا پھر کوئی کینہ خواہ
تو میدان مین گردان پیکار جو
کہو کون سا آج جنگ آزما
کہ رستم سے کرتا ہون مین جا کے جنگ
شتابان ہوا اسے رستم نامدار
دلیرانہ آیا سوئے رزمگاہ
تو وان کر کے میدان مین رخش کو
گردن مین تو پھر گرتے ہوئے
دلیری سے کاموس نے پھر کمند
پکڑ لی تہمتن نے پھر وہ کمند
ہوا بلکہ کاموس زین سے جدا
تہمتن نے پھر جلد پھینکی کمند
ہوا جبکہ وہ ترک جنگی اسیر
کوئی لشکر ترک سے اک سوار

دلیران نے کینہ پہ باندھی کمر
گیا نہ فلک پر فغان بوق کا
گیا صبح مین رستم نامور
شتابان ہوا سوئے ناوردگاہ
ہوا جا کے آمادۂ کارزار
سر ترک پر گرز مارا وہین
تو اُس وقت رہام نے لی سپر
گیا وان سے رہام پھر سوئے کوہ
کہ اتنے مین وان رستم پہلوان
مقابل ہو پھر کہا اگر تو ہے مرد
کہ لڑ زندہ تھا دست ناوک فگن
مہ و مہر نے تب کہا مرحبا
ملا جسم اُسکا بہ خون و خاک
نہ دیکھا کوئی ہم نے ناوک فگن
کہ رستم سے میدان مین ہو ہم نبرد
گئے پھر دو لشکر سوئے خیمہ گاہ
صف آرا ہوئے آن کر ہر دو سو
عوض اشکبوس جوانمرد کا
یہ کہہ کر شتابان ہوا بیدرنگ
مرے ساتھ کر آن کے کارزار
ہوا آ کے کاموس سے کینہ خواہ
ہوا نعرہ زن رستم جنگ جو
کرون آج تجکو زبون زور سے
رہائی سوئے رستم ارجمند
جو ہی رخش کے سر مین جو آ کے بند
ولے اُسنے پھر یہ ارادہ کیا
کیا قتل خنجر اسے پائے بند
کشان لے گیا رستم شیر گیر
ہوا پھر نہ آمادۂ کارزار

سنو آگے خاقان و رستم کی جنگ

ذرا دیکھو دور زمانہ کا رنگ

جنگ رستم با خاقان چین و گرفتار آمدن خاقان و گریختہ رفتن تورانیان و فتحیاب بودن رستم پہلوان

ہوا جبکہ کاموس جنگی ہلاک
تو پیران ویسہ ہوا خشمناک

یہ بہتر ہی علت عنان پیچیے
سو خانہ لشکر زدان کیجیے

کرون صبح اُس کو اسیر کمند
تو سہیل نہ ہووے یل ارجمند

تہمتن کے سینہ کو ہنگام جنگ
کرون مین سحر نہ نشان خدنگ

تو بخشون تجھے سیم و زر بیشمار
بہت دون تجھے گوہر شاہوار

پکارا کہ اے رستم سرفراز
مرے ساتھ ہو آن کے رزم ساز

کرون مثل کاموس تجھکو ہلاک
زمین کو کرون جسم سے تیرے پاک

جو دیکھا کہ ہے نیر جوشن گذار
سپر سر پہ لایا وہ ہین نامدار

علم کر کے شمشیر کو بعد ازان
تہمتن ہوا سوے جنگیش روان

پہونچکر تہمتن نے یکبارگی
جو کھینچی پکڑ کر دم بارگی

یہ پھرتا تھا تیغ برہنہ بکف
بسان ہزبر ژیان ہر طرف

ونے بعد دیر آ کے ہومان وہان
لگا کہنے رستم سے وہ اے جوان

وہ کہتا تھا قست دم واپسین
کہ ہونا نہ تو کو نہ اب گرم کین

نہ کرتے سیاوش کو گر تم ہلاک
تو ہوتا مرا سینہ کینہ سے پاک

وہ بولا کہ اے رستم ذی شعور
کسی طرح کین سیاوش ہو دور

یہ سن کر وہان سے پیران گیا
یہ ہومان نے پیران سے جا کر کہا

وہ چلے گیا پیش خاقان چین
کہا یون کہ اے شاہ ترکان چین

اُسے منع خاقان چین نے کیا
خردمند ہومان سے پھر یون کہا

کہا سنکے ہومان نے اے شاہ چین
تہمتن سے پیکار لازم نہیں

جو پھر دور یا مین ہو گرم جنگ
مقابل نہ ہو اُسکے شیر و پلنگ

نہ ہو رزم ساز اُس سے افراسیاب
کہ البرز ہی نام سے جسکے آب

دگر بار پیران بعجز و نیاز
لگا کہنے یون اے شہ سرفراز

بہت چاہتو ہی جو پیران سے کی
تو جانے کی دی مجھ نے پروانگی

ہوا رستم گرد کا مدح خوان
کہا جب سے پیران نے یون بعد ازان

بہت کی ہی مین نے پرستندگی
فراوان ہی میرا حق بندگی

لگا کہنے خاقان سے اے نامجو
اسپاہی بیدل ہوئی سر بسر

نہیں تاب پیکار رستم نہیں
کہا سن کے خاقان نے کچھ غم نہیں

بھرا تھے یہیں اک گرد جنگیش اسکا نام
یہ کہنے لگا اے شہ ذو الکرام

لگا کہنے خاقان کہ اے جنگ جو
کرے قتل رستم کو میدان مین تو

غرض گرد جنگیش روز دگر
دلیرانہ میدان مین آن کر

گیا رستم گرد خندہ کنان
کہا تجکو لائی ہے اب موت یہان

ہوا گرد جنگیش نے لی کمان
لگا تیر سوے تہمتن روان

ولیکن سپر سے گذر بیدرنگ
ہوا بند جوشن مین اگر خدنگ

جو ہیبت سے اُسکی گریزان ہوا
غضب اُسکے رستم شتابان ہوا

تو جنگیش ہوا پشت زین سے جدا
اُسے قتل رستم نے دم مین کیا

کہ رستم سے کوئی مقابل ہوا
سو جنگ ہر گز نہ مائل ہوا

تو زنہار ترکان کو برباد کر
وصیت تو سہراب کی یاد کر

یہ سن کر تہمتن نے پاسخ دیا
سمجھ اُس سخن کو جو کچھ ہی لکھا

سیاوش تھا سہراب سے بھی عزیز
بجا ہی جو ہون تم سے گرم ستیز

لگا کہنے رستم کہ پیران یہان
اگر آوے تو راز دل ہو عیان

تہمتن نے تجکو کیا ہے طلب
تو جا پاس اُسکے کہ بہتر ہے اب

بلاتا ہی اب رستم پہلوان
جو ہووے اجازت تو جاؤن وہان

تو کیون پیش رستم گیا تھا مگر
ترے دل مین ہے اُس سے خوف و خطر

کہان تاب ہے لشکر شاہ کو
کہ ہو ساتھ رستم کے پیکار جو

تہمتن ہے جبل افگن و پیلتن
سوار جہان گیر و لشکر شکن

یہ سن کر ہوا تند خاقان چین
کیا دور ہومان کو وان سے وہین

سخن بیٹھ رستم کا سن لیجیے
جو کچھ پھر ہو منظور سو کیجیے

گیا پاس رستم کے ڈرتا ہوا
بہت دل مین اندیشہ کرتا ہوا

کہ کینہ و نام بردار کا
یہ مخلص بھی ہے بندہ باوفا

رہا قتل سے یون نہ اسکو دیا
جو کچھ شرط خدمت تھی لایا بجا

یہ سن کر لگا کہنے وہ پیلتن
اگر خالی نہین صدق سے یہ سخن

کہا پھر یہ پیران نے اے نامدار
کرون ہون مین اب تجھسے عہد استوار

تو کر صلح موقوف کر عزم جنگ
نہ کر بے قدر فوج توران کو تنگ

کیا تجھ کو اس واسطے یان طلب
مری بات سن گوش جان سے تو اب

حوالے کرے میرے افراسیاب
زر و مال بھی دے مجھے بیحساب

بو خسرد کرے سر کو اسکے جدا
تو خالی ہو کینے سے دل شاہ کا

دے پاس خاطر ہی تیرا ضرور
پذیرائی صلح تھی ورنہ دور

سنا جبکہ خاقان نے احوال سب
لگا کہنے گردان چین سے یہ تب

کیا عرض شنگل نے اے شہریار
نہین صلح منظور یان زینہار

یقین ہے کہ کوئی پل کینہ جو
اگر یکانہ ہون رستم گرد کو

یہ سن کر خوشی سے لگا کہنے شاہ
کہ بہتر ہے پھر جنگ کیجے پگاہ

وہ بیٹھا تھا خاموش تھی عقل دنگ
کہ مجلس کا اسوقت تھا اور رنگ

گیا سوے میدان ہوا نعرہ زن
پکارا کہ اے رستم پیلتن

کمین مین مخالف کے از ردے کین
کیا بند رستم نے نیزہ وہین

وہ اٹھ کر پیادہ گریزان ہوا
سوِ لشکر چین شتابان ہوا

سلامت وہان سے اسے لیگیا
یہ شنگل نے خاقان سے جاکر کہا

دلیری مین یکتا ہی وہ شیر مرد
نہین کوئی اسکا یہان ہم نبرد

عبث تھی وہ مجلس مین لاف گزاف
یہ ظاہر ہوا یا وہ گو تو ہے صاف

شہ چین نے شنگل کو انجام کار
سواران جنگی دیے شش ہزار

ہوسے گرد رستم کے یکسر سوار
ہوا گرم ہنگامۂ کارزار

گئے پھر دلیران پیکار جو
ادھر سے بھی رستم کی امداد کو

نہ ہوا انکے انبوہ سے بیم ناک
کرد کوشش و جد بخوف و باک

یہ کیونکر کہون مین کہ پیکار تھی
قیامت وہان اک پدیدار تھی

ہوا سادہ دل داد کا دسس کا
تہمتن سے آکر نبرد آزما

مقابل ہوا آکے پھر کاک سال
ولے اس سے غافل کہ آیا زوال

دہن سے نکلتا تھا رستم کے کف
کیے کشتے بیحد گیا جسطرف

تہمتن کو اسکے تھا جوش کین
ہوا حملہ آور سوے شاہ چین

جہان پہلوان رستم کینہ خواہ
گیا جبکہ نزدیک قلب سپاہ

سواران چین سبکے کشتے ہوے
جو صحرا مین کشتونکے پشتے ہوے

ولیکن دو رویہ ہی اے نام جو
اسیر بلا اس سبب سے ہی تو

کہ فرمانبری سے نہ مین پھیرون سر
رہون تابع حکم شام و سحر

وہ بولا کہ اے مرد فرخ نہاد
تری بات کا ہی مجھے اعتماد

جو یہ آرزو ہے بہم صلح ہو
تو پھر شیوۂ مفسدہ بر کو

کہ کیخسرو نامور کے حضور
روانہ کرون پھر ہو پرخاش دور

تو یہ جانتا ہی ترے شاہ سے
نہین صلح منظور ہرگز مجھے

تہمتن سے رخصت ہو پیران گیا
یہ احوال خاقان سے ظاہر کیا

کہ اے نامداران کہو تم شتاب
تہمتن کی ہے بات کا کیا جواب

بلا سے ہوے کشتہ دو چار گرد
بفضل خدایان ہین بسیار گرد

جو یہ بات شنگل نے اسدم کہی
تو سب نامدارون نے تائید کی

ولے دلیس پیران کے تھا پیچ و تاب
نہ دیتا تھا اس بات کا کچھ جواب

غرض شنگل گرد دزد دغر
دلیرانہ ہو کر سوار اسپ پر

رکھون ہون مین تجھسے تمنائے جنگ
گیا سن کے وہ گرد پولاد خنگ

اٹھا کر گرایا اسے خاک پر
کیا چاہتا تھا قلم اسکا سر

ہوا اس کے دنبال رستم دوان
ولے آن کر لشکر چینیان

کہ رستم کے آگے ہین سب گرد پست
بجا ہے اسے کہیے گر پیل مست

یہ سن کر ہوا شاہ چین پر غضب
لگا کہنے یون کیا ہوا تجھکو اب

وہ بولا مرے ساتھ ہو کر سپاہ
تو پھر جاکے رستم سے ہون کینہ خواہ

دگر بار شنگل بہ قصد وغا
سوے رزمگہ لے کے لشکر گیا

ولیکن نہ رستم کو تھا کچھ بھی غم
بیک تیغ و نیزہ تھا کرتا قلم

دلیرون سے کہنے لگا پہلوان
کہ اس جنگ سے یان نہین کچھ زیان

بہ گرز گران اب ستیزہ کرد
سر چینیان ریزہ ریزہ کرد

پیاپے تھی یون ضرب گرز گران
کہ جس طرح سے تیک آہنگران

خروشان ہوا لیکے گرز گران
کہ سادہ نے دی سادہ لوحی سے جان

لگا گرز جو ایک بالاے سر
تو بس ہو کے بیدم گرا خاک پر

وہ شنگل کہ تھا گرد جنگ آزما
تہمتن کے ہاتھون سے مارا گیا

سواران ایرانیان یکہزار
گئے ہمرہ رستم نامدار

ہوئی فوج خاقان کی حملہ کنان
قیامت ہوئی ایک برپا وہان

جو رستم کی دیکھی دلیری وہان
تو خاقان چین کو ہوا خوف جان

پیام اُسنے بھیجا کہ اے نامور
تو پیل سفید اور دیہیم و زر
غضبناک سُن کر ہوا شاہ چین
ہوئی بارش تیر ہر چند پر
گرا خاک پر فیل سے شاہ چین
غرض لشکر چین گریزان ہوا
کہین اک وطیرہ پہ یہ دور چرخ
نہ پیل اور نہ اورنگ زرکار تھا
یہ بولا کہ ترکون کو جانے نہ دو

نہ ہو گرم پیکار بس صلح کر
مرصع وہ اورنگ و گنج و گہر
سپہ سے یہ بولا کہ از روے کین
تہمتن کا ہر گام تھا پیشتر
لیا باندھ ایرانیون نے دہین
سو کشور چین شتابان ہوا
ہمیشہ سے مشہور ہے جور چرخ
شہ چین پیادہ گرفتار تھا
یورش کر کے ہر چار سو گھیر لو
گریزان ہوئے شب کو تورانیان

یہ سن کر لگا کہنے وہ نامجو
سپاہ بھیجے اب کہ ہے یہ تمام
کرو تیر باران سو پہلوان
پہونچکر جو رستم نے پھینکی کمند
زد و کشت اُس دم ہوئی اسقدر
شہ چین کا اسباب و زر وان جو تھا
زمانہ کا ہر دم ہے رنگ دگر
اسے طوس کے پاس لایا کشان
ولیکن جو نزدیک تھا وقت شام
نہ ہرگز رہا ان کسی کا نشان

جو خاقان کو ہے صلح کی آرزو
سزاوار کیخسرو ذوالکرام
دلیرانہ ہو گرم پیکار یان
تو خاقان کے سر مین ہوئی جا[illegible]
کہ صحرا ہوا بحر خون سربسر
سواران ایران نے غارت کیا
کبھی شام ہے اور کبھی ہے سحر
دلیرون سے پھر رستم پہلوان
ہوا جا کے آسودہ لشکر تمام

روانہ شدن رستم از کوہ ہمایون برای جنگ افراسیاب و آمدن پولادوند شاہ ختن بمقابلۂ رستم و ظفر یافتن رستم پہلوان و بہ فتح و فیروزی مراجعت نمودن و آمدن رستم پہلوان بہ حضور کیخسرو

ہوئی صبح تابندہ جب آشکار
سواران توران کو فرصت ملی
یہ کہکر کیا مال معنروہ کو
گیا لے کے اس دادگر کے حضور
فرامرز کو خلعت و زر دیا
پے طوس و گودرز و گیو و دادہام
روانہ ہوا سوے افراسیاب
کہ لشکر نے یکدست کھائی شکست
ہوا پر الم سن کے افراسیاب
لگے کہنے مردان جنگ آزما
کرین رستم گرد سے جا کے جنگ
بہت جنگ مین آزمایا اُسے
غرض قتل بدخواہ دشوار ہے
ختن کا سپہدار پولادوند
بہم شاہ توران و پولادوند

تو کوئی نہ ہو کون کا دیکھا سوار
بیابان سے بے رنج و غم راہ لی
روان پیش کیخسرو نامجو
فرامرز رستم کا فرخندہ پور
اُسے مورد لطف و احسان کیا
کہا تک مین لون پہلوانون کے نام
تہمتن کرے تاکہ اُسکو خراب
گیا سر بلندون کو رستم نے پست
بہت دل کو اُسکے ہوا اضطراب
لگک چین سے ناحق طلب کی سپاہ
ملادین اُسے خاک مین بیدرنگ
کسی نے ذرا بھی نہ پایا اُسے
نہین سہل یہ کام زنہار ہے
دلیر و نبرد آزما زورمند
سو لشکر رستم ارجمند

سپہ سے لگا کہنے رستم کہ واہ
سلامت گئے حیف تورانیان
وہ پیل سفید اور وہ تخت عاج
ہوا شاد کیخسرو نامدار
تہمتن کو بھی خلعت پر گہر
وہ جتنے تھے گردان جنگ آزما
حضور سپہدار توران دیار
شہ چین کو میدان سے روز نبرد
کیا نامدارون کو اُس نے طلب
نہ سمجھا کہ ہین مرد میدان اگر
وہ بولا کہ رستم ہے لشکر شکن
خدنگ و سنان گرز و تیغ و تبر
پھر اک نامہ شاہ ختن کو لکھا
ختن سے روان ہو کے پہونچا شتاب
شتابان ہوے با سپاہ گران

تہین شب ہوا میل آرامگاہ
رہے خواب غفلت مین ایرانیان
فراوان زر و گوہر و گنج و تاج
شگفتہ ہوا دل برنگ بہار
ز روے عنایات با گنج و زر
ہر اک کے لیے خلعت و زر گیا
کیا جا کے پیران نے یون آشکار
پکڑ لے گیا رستم شیر مرد
کہا یون کہ ہان مصلحت کیا ہے اب
ذرا حکم ہوے تو اب زود تر
توانا و زور آور و پیلتن
بدن پر نہ اُسکے ہو کچھ کارگر
طلب پھر امداد اُس کو کیا
ہوا شامل شاہ افراسیاب
دلیران گردان جنگی جوان

تہمتن بھی ہر روز تھا رہ نورد
توقف نہ کرتا تھا وہ شیر مرد

وہ رستم سے اگر ہوا کینہ خواہ
عدم کی طرف اُسنے لی دو مین راہ

سپہدار توران کے جب متصل
ہوا خیمہ زن رستم شیر دل

جو شب گذرے اور صبح ہوتی آشکار
اگر دن جاکے رستم سے مین کارزار

مبارز طلب آن کے جب کیا
پئے جنگ تب گیو جنگی گیا

یہ چاہا کہ لے جائیے کھینچکر
کہ اتنے مین یہ حال کر کے نظر

ہوا شاہ کا بند باز و دو سر
و لیکن کیا شہ نے زور اسقدر

ہوا اسوے گردان جنگی دوان
کیا اُسنے زخمی انہین بعد ازان

جو میدان مین زخمی ہوے ہر تن
تو گودرز با خاطر پر محن

ہوے ہاے زخمی نبیرہ پسر
شتابی سے تو جا کے امداد کر

کمند آکے رستم نے جب کی رہا
تو شاہ ختن نے تحیر اسر لیا

گیا اور مارا جو اس گرز کو
تو زخمی ہوا رستم نام جو

تو لے درد سے تھی نہ تاب اسقدر
رہا جو کرے زخم بدخواہ پر

وہ طاقت مجھے بخش اے بیچگون
کرون تا کہ بدخواہ کو اب زبون

نہ جوشن مین لیکن اثر کچھ کیا
یہ شاہ ختن دل مین کہنے لگا

لگے کھاگے یہ ضرب گرز گران
نہ ہرگز ہلا زین سے پہلوان

پڑے ولے اس گرد کے جسم پر
تو را بھی نہ ہرگز ہوئی کارگر

تہمتن نے سن کر پذیرا کیا
و لیکن یہ اُس وقت اُسنے کہا

کرے آکے پیمان و عہد استوار
اگر بھیجے مدد کو نہ کوئی سوار

سپہدار توران گیا پھر وہان
تہمتن نے اس سے کیا یون بیان

رہے فاصلہ نیم فرسنگ کا
مدد کو نہ پہونچے کوئی دوسرا

لگا کہنے شاہ ختن سے کہ ہان
زمین پہ گرے جبکہ یہ پہلوان

رہا ہاتھ سے تیرے گر ہو دیگا
تو پھر کام دشوار تر ہو دیگا

ہوے دونون مصروف کشتی بہم
لگے کرنے ہر دم درشتی بہم

اٹھا کر جو پٹکا اُسے خاک پر
تو بیدم ہوا وہ شہ کینہ ور

یہ سمجھا ہے مین رستم ارجمند
کہ بس مر گیا شاہ پولاد وند

کہا جاکے اے شاہ افراسیاب
نہین زینہار آدمی کی یہ تاب

رہائی تجھے اس سے ہو جبھی کب
ہوا مکر و حیلہ سے جانبر مین اب

تہمتن کی بھی فوج پہونچی وہین
ہوا گرم بازار پرخاش و کین

کہین راہ مین ایک آیا حصار
کہ وان گرد کا نور تھا قلعہ دار

وہ حصن متین فتح جس دم ہوا
روان بشیر وان سے رستم ہوا

تو سالار ترکان سے پولادوند
لگا کہنے یون اے شہ ارجمند

غرض دوسرے روز وقت پگاہ
دلیرانہ آیا سوے رزمگاہ

رہا کر کے شاہ ختن نے کمند
کیا پہلوان گیو کے سر کو بند

رہام اور بیزن نے جاکر کمند
رہا کی سو شاہ پولاد وند

کہ دو ہین گئین ٹوٹ دونون کمند
علم کرکے پھر تیغ پولاد وند

پہونچکر بیک ضرب شمشیر کین
کیا خستہ بس گیو کو بھی وہین

گیا پیش رستم وہ نالہ کنان
کہا یون کہ اے پہلوان جہان

یہ سن کر گیا رخش پر ہو سوار
سوے رزم گہ رستم نامدار

جو خالی گئی پہلوان کی کمند
تو گرز گران لیکے پولاد وند

ہوا خون روان سر ہوا اور زرد
رہا زین پہ قائم یل ارجمند

خدا سے تہمتن نے کی التجا
کہ عاجز ہے اب رحم کر یا خدا

پھر اتنے مین بدخواہ نے آن کر
روان ہے تنی کی گرد کے کتف پر

کہ افسوس اے دل یہ وہ گرز تھا
کہ لرزان ہے سلسلہ جس سے البرز ہے

مری تیغ بران بھی تھی ناکارگر
دو دو پارہ کرتے سنگ و آہن کو صاف

پھر اُسنے کیا میل کشتی وہان
تہمتن نے یہ کی خواہش دل عیان

کہ افراسیاب دلاور کو یان
طلب یہ کیے تا کہ اے پہلوان

غرض اس سخن سے یہ تھا مدعا
کہ رستم نے لے دم راست بنا کیا

تھا عہد و پیمان یہ باہم تو کر
کہ ہٹ جائے لشکر عقب بیشتر

پذیرا کیا شاہ نے یہ سخن
پھر آہستہ آکر شہ پیلتن

جگر چاک اُس کا دہن جیجو
توقف کو از راہ مت دیجیو

گیا کہہ کے افراسیاب دلیر
فرود آئے گھوڑے سے دونون دلیر

کیا زور رستم نے انجام کار
کہ دشمن نہ قائم رہا زینہار

دلے دم جر آیا بداندیش نے
کیا مکر بدخواہ بد کیش نے

گیا یہ سو رخش تا ہو سوار
گریزان ہوا اٹھ کے وہ شہسوار

کہ ہو رستم گرد سے ہم نبرد
حضور اُسکے ہے کوہ البرز گرد

عقب اُسکے پہونچا جو گرد دلیر
تو گردان توران نے برسائے تیر

لگا کہنے لشکر سے پولادوند
کہ تخت و زر و گنج و نام بلند

یہان سے ہمین کچھ بھی حاصل نہین | بھلا کس لیے ہو جیے گرم کین
چلو پھر بسوے دیار ختن | یہ کہہ کر گیا شہریار ختن
لگا کہنے پیران سے شاہنشہا | سپر لے کے شاہ ختن اٹھ گیا
ہوئی ان سبب سے یہ بیدل سپاہ | نہین سوے پیکار مائل سپاہ
مناسب نہین ہے توقف یہان | سو خانہ پس ہو جیے اب روان
غرض شکوہ آئے بصد اضطراب | گریزان ہوا شاہ افراسیاب
لگا ہاتھ رستم کے بھر مال و گنج | مبدل ہوا ساتھ راحت کے رنج
تہمتن نے ہر اک کو باصد طرب | کیا ملک توران کو تقسیم سب
بفتح و ظفر لے کے بھر مال و زر | گیا پیش کیخسرو نامور
ہوا شاد کیخسرو نامجو | دیا گنج و زر رستم گرد کو
سوا اسکے سب مال مغرور تھی | تہمتن کو بخشا بہ فرط خوشی
کیا بیژن و گیو کو پھر طلب | وہ توران سے آئے پے لیکے سب

جنگ رستم با دیو اکوان و کشتہ شدنش از دست رستم

کہون قصہ اب دریا آب درنگ | سناؤ نہین اکوان و رستم کی جنگ
ہوا جشن آراستہ ایک روز | سر تخت خسرو تھا جلوہ فروز
امیران و گردان ایران دیار | حضور اسکے حاضر تھے سب نامدار
کہا ایک چوپان نے وان آن کر | کہ گلے مین اسپان کے اک گورخر
کہین دامن دشت سے آ گیا | گئی سب کو اُسنے ضائع کیا
یہ کہنے لگا خسرو پیل زور | نہین زور مین اسکا ہمسر سب گور
تعجب ہے اور حیرت کا ہے یہ مقام | کہ آ کر گیا گورخر نے یہ کام
یہ سن کر وہین موبدان کہن | لگے کہنے یون پیش شاہ زمن
کہ ہے ایک اکوان دیو لعین | سر چشمہ صحرا مین مسکن گزین
ہوا دشت مین آشکارا آن کر | وہی دیو ہے صورت گورخر
سنا جبکہ یہ دیو کا ماجرا | تہمتن سے خسرو نے تب یون کہا
کہ اے پہلوان رستم پیلتن | ترا کام ہے کشتن اہرمن
نہین اور کو تاب یہ زینہار | یہ تکلیف بھی تو ہی کر اختیار
وہین لیکے گرز و کمند و سنان | تہمتن ہوا سوے صحرا روان
سو گورخر جا کے پھینکی کمند | وہ غائب ہوا کچھ نہ پہونچا گزند
پھر اک دم مین پیدا ہوا وہ لعین | یہ دوڑا وہین کھینچ کر تیغ کین
کیا چاہیے تھا زخم اسیر رہا | نظر سے وہ پوشیدہ پھر ہو گیا
یہ سمجھا تہمتن یل پیل زور | کہ ہے بیگمان دیو اکوان یہ گور
غرض اس طرح سے وہ دیو پلید | گہے تھا نمایان گہے ناپدید
رہا تین دن تک تہمتن خراب | نہ آرام تھا دن کو نے شب کو خواب
پر روز چہارم سوار دلیر | ہوا اور صحرا مین آرام گیر
گیا خواب مین جبکہ وہ پہلوان | تو پھر آن کے دیو اکوان نے وان
زمین کو شتابی بریدہ کیا | اٹھا کر تہمتن کو بس لے گیا
ہوا جبکہ بیدار وہ پیلتن | لگا کہنے تب اُس سے یون اہرمن
کہ دریا مین پھینکون مین یا کوہ پر | جو ہو خواہش دل بیان مجھسے کر
سمجھتا تھا یہ رستم شیر گیر | کہ برعکس ہے کار دیو شریر
کہا دیو سے پھینک دے کوہ پر | کہ تا استخوان ریزہ ہون سربسر
اسے دیو ناپاک نے پھر وہین | دیا پھینک دریا مین اسکو وہین
گرا جبکہ دریا مین تب بیدرنگ | سو رستم گرا دوڑے نہنگ
جوانمرد اس وقت لایا نباہ | سو آفرینندۂ مہر و ماہ
زور سے دلیری علم کرکے تیغ | لگا قتل کرنے انھین بیدریغ
یل پیلتن خوب تیراک تھا | دلیر و جوانمرد و بیباک تھا
شناور تھا یکدست سے پہلوان | بدست دگر تھا ستیزہ کنان
بعون عنایات و لطف خدا | کنارے سے یہ پہونچا وہ جنگ آزما
سلاح و لباس اپنا کر خشک وان | ہوا پھر سوے دیو اکوان روان
یہ اس چشمہ پر رفتہ رفتہ گیا | کہ گھوڑون کا یعنی چراگاہ تھا
جوانمرد کا رخش چرتا تھا وان | ہوا پھر سوار اشہب وہ پہلوان
جو چوپان تھا خسرو کی سرکار کا | وہان اُسنے گلہ کو رکھا نہ تھا
سپہدار توران کا گلہ بان | کہین اپنے گلہ کو لایا وہان
روان لے کے گلہ ہوا پیلتن | سو خسرو خسروان زمن
خبر پا کے چوپان افراسیاب | سو رستم گرد آیا شتاب
اسے دیکھ کر رستم نامور | خروشندہ وان ہو کے جون شیر نر

یہ بولا کہ رستم مرا نام ہے
بھلا کس لیے تم مقابل ہوے
یہ مردانگی دیکھ حیران ہوے
دلے تھا وہ منزل بمنزل روان
گیا کر کے یلغار پھر برزد
کیے کشتہ پھر گرز سے بیدرنگ
وہ سرکردہ فوج توران دیار
طرف سے تھا خسرو کے اک اہدار
روانہ بسوے بیابان ہوا
کہا دیکے سوگند گر تو ہے مرد
دلیرانہ آیا مقابل وہ دیو
یہ سن کر تہمتن نے ڈالی کمند
جدا دیو کے جسم سے کرکے سر
جو دیکھا سر دیو حیران ہوا
پھر اک جشن ترتیب شہ نے کیا
رہی بزم عشرت وہاں چند روز
مرے دل مین ہے آرزوے وطن
دو منزل گیا اُسکے ہمراہ شاہ

نبرد آزمائی مرا کام ہے
عبث سوے پیکار مائل ہوے
وہ ناچار یکسر گریزان ہوے
کہ ترکون کی پھوڑی سینہ ملگھان
مقابل ہوا اُسکے وہ شیر مرد
پہل نامداران بہنگام جنگ
ہوا جادہ پیماے دشت فراز
گیا پیش اُسکے وہ جنگی سوار
پے جنگ اکوان شتابان ہوا
تو اے دیو آ سامنے کر نبرد
